کتاب الزکاۃ

تفہیم السنۃ 8

# زکوٰۃ کے مسائل

أَقِيمُوا الصَّلَاةَ

وَأٰتُوا الزَّكٰوةَ



محمد اقبال کیلانی

حدیث پبلیکیشنز
2۔ شیش محل روڈ،
لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

❀❀❀ توجہ فرمائیں! ❀❀❀

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب............

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (UPLOAD) کی جاتی ہیں۔
- متعلقہ ناشرین کی اجازت کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات کی نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

❀❀❀ تنبیہ ❀❀❀

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر
تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں

ٹیم کتاب وسنت ڈاٹ کام

webmaster@kitabosunnat.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

تفہیم السنۃ

8

کتابُ الزکاۃ

# زکوٰۃ کے مسائل

محمد اقبال کیلانی

حدیث پبلیکیشنز
2۔ شیش محل روڈ۔ لاہور
فون: 7232808

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | زکوٰۃ کے مسائل |
| مؤلف | : | محمد اقبال کیلانی بن مولانا حافظ محمد ادریس کیلانی رحمہ اللہ |
| اہتمام | : | خالد محمود کیلانی |
| طابع | : | ریاض احمد کیلانی |
| کمپوزنگ | : | ہارون الرشید کیلانی |
| ناشر | : | حدیث پبلیکیشنز |
| قیمت | : | =/58 روپے |

ملنے کا پتہ

مینجر حدیث پبلیکیشنز

2۔ شیش محل روڈ ◉ لاہور ◉ پاکستان

☎ 042-7232808 - 0300-4903927

سندھ میں "تفہیم السنہ" کی کتب کے لئے

احمد علی عباسی، F-1058 گاڑی کھاتہ، النجیب مارکیٹ، حیدر آباد، سندھ


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ

# اَلَا اِنِّیْ اُوْتِیْتُ

# اَلْکِتَابَ

# وَ مِثْلَهُ مَعَهُ

﴿رواہ ابوداؤد ، بسند صحیح﴾

(مسلمانو!) آگاہ رہو، میں کتاب (قرآن) دیا گیا ہوں اور اس کے ساتھ اسی درجے کی ایک اور چیز (یعنی حدیث) بھی دیا گیا ہوں

(اسے ابوداؤد نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# فہرست



| صفحہ نمبر | نام ابواب | اَسْمَاءُ الْاَبْوَابِ | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| 7 | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | 1 |
| 28 | نیت کے مسائل | اَلنِّيَّـــــةُ | 2 |
| 29 | زکاۃ کی فرضیت | فَرْضِيَّةُ الزَّكَاةِ | 3 |
| 31 | زکاۃ کی فضیلت | فَضْلُ الزَّكَاةِ | 4 |
| 33 | زکاۃ کی اہمیت | اَهَمِيَّةُ الزَّكَاةِ | 5 |
| 40 | زکاۃ،قرآن مجید کی روشنی میں | اَلزَّكَاةُ فِيْ ضَوْءِ الْقُرْآنِ | 6 |
| 45 | زکاۃ کی شرائط | شُرُوْطِ الزَّكَاةِ | 7 |
| 47 | زکاۃ لینے اور دینے کے آداب | آدَابُ اَخْذِ الزَّكَاةِ وَ إِيْتَائِهَا | 8 |
| 54 | وہ اشیاء،جن پر زکاۃ واجب ہے | اَلْاَشْيَاءُ الَّتِيْ تَجِبُ عَلَيْهَا الزَّكَاةُ | 9 |
| 65 | وہ اشیاء،جن پر زکاۃ واجب نہیں | اَلْاَشْيَاءُ الَّتِيْ لاَ تَجِبُ عَلَيْهَا الزَّكَاةُ | 10 |
| 67 | زکاۃ کے مصارف | مَصَارِفُ الزَّكَاةِ | 11 |
| 74 | زکاۃ کے غیر مستحق لوگ | مَنْ لاَ تَحِلُّ لَهُ الزَّكَاةِ | 12 |
| 77 | سوال کرنے کی مذمت | ذَمُّ الْمَسْئَلَةِ | 13 |
| 79 | صدقہ فطر کے مسائل | صَدَقَةُ الْفِطْرِ | 14 |
| 82 | نفلی صدقہ | صَدَقَةُ التَّطَوُّعِ | 15 |
| 89 | متفرق مسائل | مَسَائِلُ مُتَفَرِّقَةٌ | 16 |
| 95 | ضعیف اور موضوع احادیث | اَلْاَحَادِيْثُ الضَّعِيْفَةُ وَالْمَوْضُوْعَةُ | 17 |



محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

WWW.KITABOSUNNAT.COM

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلاَةُ وَالسَّلاَمُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ

اَمَّا بَعْدُ!

نماز کے بعد ''زکاۃ'' دین اسلام کا انتہائی اہم رکن ہے۔قرآن مجید میں بیاسی مرتبہ اس کا تاکیدی حکم آیا ہے زکاۃ نہ صرف امت محمدیہ ﷺ پر فرض ہے بلکہ اس سے پہلے بھی تمام امتوں پر زکاۃ فرض تھی۔قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے زکاۃ ادا کرنے والوں کو ''سچے مومن'' قرار دیا ہے۔

﴿ اَلَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلاَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ اُوْلٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا﴾ (4-3:8)

''وہ لوگ جو نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس سے خرچ کرتے ہیں وہی سچے مومن ہیں۔'' (سورۃ الانفال،آیت نمبر 3تا4)

سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ زکاۃ ادا کرنے والے لوگ قیامت کے دن ہر قسم کے خوف اور غم سے محفوظ ہوں گے۔

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ وَاَقَامُوْا الصَّلاَةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○﴾ (277:2)

''جو لوگ ایمان لے آئیں اور نیک عمل کریں،نماز قائم کریں اور زکاۃ دیں ان کا اجر بے شک ان

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے رب کے پاس ہے، اور ان کے لئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں۔'' (سورہ بقرہ، آیت نمبر 277)

ادائیگی زکاۃ گناہوں کا کفارہ اور بلندی درجات کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ اللہ کریم نے رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا ہے۔

﴿ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا ﴾(103:9)

''اے نبی ﷺ! تم ان کے اموال سے زکاۃ لو تا کہ ان کو گناہوں سے پاک کرو اور ان کے (درجات) بلند کرو۔'' (سورہ توبہ، آیت نمبر 103)

زکاۃ ادا کرنے سے نہ صرف گناہ معاف ہوتے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے ایسے مال میں اضافہ کرنے کا وعدہ بھی کر رکھا ہے۔ سورہ روم میں اللہ پاک ارشاد فرماتے ہیں:

﴿ وَمَا اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكَاةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ○ ﴾ (39:30)

''اور جو زکاۃ تم اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے دیتے ہو، اس سے دینے والے ہی اپنے مال میں اضافہ کرتے ہیں۔'' (سورۃ روم، آیت نمبر 39)

لفظ ''زکاۃ'' کا لغوی مفہوم پاکیزگی اور اضافہ ہے جس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ پہلے مفہوم کے مطابق اس عبادت سے انسان کا مال حلال اور پاک بنتا ہے اور نفس بھی تمام گناہوں اور برائیوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ دوسرے مفہوم کے مطابق زکاۃ ادا کرنے سے نہ صرف مال میں اضافہ ہوتا ہے، بلکہ اجر و ثواب میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

ادائیگی زکاۃ کے ان فوائد کے ساتھ ساتھ ایک نظر زکاۃ ادا نہ کرنے کے نقصانات پر بھی ڈالنی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سورہ حٰم سجدہ میں زکاۃ ادا نہ کرنے کو کفر اور شرک کی علامت قرار دیا ہے۔

﴿ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ○ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ○ ﴾ (6-7:41)

''تباہی ہے ان مشرکوں کے لئے جو زکاۃ ادا نہیں کرتے اور آخرت کا انکار کرتے ہیں۔'' (سورہ حٰم سجدہ، آیت نمبر 6 تا 7)

رسول اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ ''زکاۃ ادا نہ کرنے والوں کا مال و دولت تباہ برباد

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہو جاتا ہے۔‘‘ (طبرانی)

’’ایک دوسری حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ ’’زکاۃ ادا نہ کرنے والے لوگ قحط سالی میں مبتلا کر دیئے جاتے ہیں۔‘‘ (طبرانی) دنیا میں اس تباہی اور بربادی کے علاوہ آخرت میں ایسے لوگوں کو جو سزا دی جائے گی اس کے بارے میں سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

﴿ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ○ ﴾(9:35-34)

’’دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو ان لوگوں کو جو سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے ایک دن آئے گا کہ اسی سونے چاندی پر جہنم کی آگ دہکائی جائے گی اور پھر اس سے ان لوگوں کی پیشانیوں پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغا جائے گا (اور کہا جائے گا) یہ وہ خزانہ ہے جسے تم اپنے لیے سنبھال کر رکھتے تھے، اب اپنے خزانے کا مزہ چکھو۔‘‘ (سورہ توبہ آیت نمبر 34 تا 35)

رسول اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ ’’قیامت کے روز زکاۃ ادا نہ کرنے والوں کا مال و دولت گنجا سانپ (یعنی انتہائی زہریلا) بنا کر ان پر مسلط کر دیا جائے گا جو انہیں مسلسل ڈستا رہے گا اور کہے گا ’’اَنَا مَالُکَ اَنَا کَنْزُکَ‘‘ میں تیرا مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں۔‘‘ (بخاری) جن جانوروں کی زکاۃ ادا نہ کی جائے ان کے بارے میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ’’وہ جانور اپنے مالکوں کو قیامت کے دن مسلسل پچاس ہزار سال تک اپنے سینگوں سے مارتے رہیں گے اور پاؤں تلے روندتے رہیں گے۔‘‘ (مسلم)

معراج کی رات رسول اکرم ﷺ نے کچھ ایسے لوگ دیکھے جن کے آگے پیچھے دھجیاں لٹک رہی تھیں اور وہ جانوروں کی طرح تھوہر کانٹے اور آگ کے پتھر کھا رہے تھے۔ آپ ﷺ نے دریافت فرمایا ’’یہ کون لوگ ہیں۔‘‘ حضرت جبریل علیہ السلام نے بتایا ’’یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے مالوں کی زکاۃ ادا نہیں کرتے تھے۔‘‘ (بزار) یہ بات یاد رہے کہ آخرت میں جس سزا کا تذکرہ مذکورہ بالا آیات اور احادیث میں کیا گیا ہے یہ کفار کے لیے نہیں بلکہ ان ’’مسلمانوں‘‘ کے لیے ہے جو کلمہ شہادت کا اقرار کرنے اور نماز روزہ ادا کرنے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے باوجود زکاۃ ادا نہیں کرتے۔رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ ''زکاۃ ادا کرو تا کہ تمہارا اسلام مکمل ہو جائے۔'' (بزار) جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ ادائیگی زکاۃ کے بغیر اسلام نامکمل ہے یہی وجہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں جب بعض لوگوں نے زکاۃ دینے سے انکار کیا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کے خلاف اسی طرح جنگ کی جس طرح کفار کے خلاف کی جاتی ہے حالانکہ وہ لوگ کلمہ توحید کا اقرار کرتے تھے نماز اور زکاۃ ادا نہ کرنے والوں کے خلاف جنگ کرنے والوں میں سارے کے سارے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پورے شرح صدر کے ساتھ شامل تھے اس سے معلوم ہوا کہ وہ آدمی، جو زکاۃ ادا نہیں کر رہا اس کا ایمان اس کی نماز اور اس کا روزہ وغیرہ سب بے کار اور عبث ہیں۔''

قرآن مجید کی آیات اور احادیث کی روشنی میں یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ اسلام کے رکن زکاۃ پر ایمان رکھنا اور عمل کرنا کتنا اہم اور ضروری ہے۔نیز اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ جب زکاۃ اسلام کی تکمیل ،گناہوں کے کفارے،تزکیہ نفس،رضائے الٰہی اور تقرب اِلی اللہ کا ذریعہ ہے تو یہ بذات خود ایک مطلوب اور مقصود عبادت ہے نہ کہ کسی دوسری عبادت کے حصول کا ذریعہ۔

## ارفع واعلیٰ اقدار کی آبیاری:

خالق کائنات نے قرآن مجید میں انسان کی جن کمزوریوں کی نشاندہی فرمائی ہے ان میں سے ایک مال کی محبت ہے کہیں اللہ پاک نے اس حقیقت کا اظہار یوں فرمایا ہے۔

﴿ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ ﴾(8:100)

''انسان دولت کی محبت میں بری طرح مبتلا ہے۔'' (سورہ العادیات، آیت نمبر 8)

کہیں فرمایا

﴿ وَتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝ ﴾(20:89)

''تم لوگ مال کی محبت میں بری طرح گرفتار ہو۔'' (سورہ الفجر، آیت نمبر 20)

کہیں ارشاد مبارک ہے۔

﴿ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۝ ﴾(15:64)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''تمہارے مال اور تمہاری اولاد (تمہارے لئے) آزمائش ہیں۔'' (سورہ تغابن، آیت نمبر 15)

رسول اکرم ﷺ نے ایک حدیث میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ہر امت کے لئے ایک (خاص) آزمائش ہے اور میری امت کی آزمائش مال میں ہے۔'' (ترمذی)

سورہ نون میں اللہ تعالیٰ نے ایک بڑا سبق آموز قصہ بیان فرمایا ہے۔ ایک شخص بڑا نیک اور سخی تھا اس کے پاس ایک باغ تھا وہ باغ کی پیداوار سے اپنے گھر اور کھیتی باڑی کے اخراجات نکال کر باقی پیداوار اللہ کی راہ میں خرچ کر دیا کرتا تھا۔ اللہ نے اس کے مال میں بڑی برکت ڈال رکھی تھی۔ وہ آدمی فوت ہوا تو اس کی اولاد نے باہم مشورہ کیا کہ ہمارا باپ تو بیوقوف تھا اتنی زیادہ رقم غریبوں اور مسکینوں میں مفت تقسیم کر دیا کرتا تھا۔ آئندہ اگر ہم یہ سارا مال و دولت اپنے پاس ہی رکھیں تو بہت جلد دولت مند بن جائیں گے۔ چنانچہ جب پھل وغیرہ پک گیا اور فصل کاٹنے کا موقع آیا تو انہوں نے رات کے وقت آپس میں قسمیں کھائیں کہ ہم صبح اندھیرے اندھیرے باغ میں پہنچ جائیں گے اور کسی دوسرے کو خبر تک نہیں ہونے دیں گے تاکہ کوئی سائل اور محتاج آنے نہ پائے۔ حسب پروگرام وہ سب پچھلی رات گھر سے چپکے چپکے نکلے۔ جب وہاں پہنچے تو دیکھ کر حیران و ششدر رہ گئے کہ لہلہاتا ہوا، سرسبز و شاداب پھلا پھولا باغ جل کر خاکستر ہو چکا ہے۔ پہلے تو یہ سمجھے کہ شاید ہم راستہ بھول گئے ہیں، لیکن جب ہوش و حواس بحال ہوئے تو یقین آ گیا کہ یہ باغ ہمارا ہی تھا۔ تب اپنے جرم کا احساس ہوا اور ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے اور ان الفاظ میں اعتراف گناہ کیا۔

﴿ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ۝ ﴾ (31:68)

''کہنے لگے ہائے افسوس ہم واقعی سرکش تھے۔'' (سورہ نون، آیت نمبر 31)

اللہ تعالیٰ نے اس سارے واقعہ پر انتہائی مختصر الفاظ میں رونگٹے کھڑے کر دینے والا تبصرہ فرمایا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ ﴾ (33:68)

''اسی طرح ہے عذاب (دنیا کا) اور آخرت کا عذاب تو (اس میں) بہت ہی بڑا ہے، کاش یہ لوگ جانتے ہوتے۔'' (سورہ نون، آیت نمبر 33)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قرآن مجید کے اس واقعہ سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ دولت انسان کے لئے کتنی بڑی آزمائش ہے۔ سورہ نون کے بے شمار کردار آج بھی ہم اپنے گردوپیش باآسانی دیکھ سکتے ہیں۔ جو شخص دولت کی حرص میں دین وایمان ہی نہیں اپنی دنیا بھی برباد کئے بیٹھے ہیں۔

مال کی یہی محبت انسان کے اندر بخل، حرص، لالچ، خودغرضی اور سنگ دلی جیسے اخلاق رذیلہ پیدا کر کے اسے جھوٹ، دھوکہ، فریب، ظلم وجور، غصب، حق تلفی اور لوٹ کھسوٹ جیسے گناہوں میں مبتلا کر دیتی ہے جو نہ صرف اس دنیا میں فتنہ وفساد کا باعث بنتے ہیں بلکہ انسان کی آخرت تک کو برباد کر ڈالتے ہیں۔ زکاۃ کو فرض عبادت کا درجہ دے کر اللہ تعالیٰ انسان کے اندر مال کی محبت کم سے کم کر کے اعلیٰ وارفع انسانی اقدار مثلاً ایثار وقربانی، احسان، جودوسخا، ہمدردی، غم خواری، خیر خواہی، نرم دلی، محبت اور اخوت وغیرہ کی آبیاری کرنا چاہتا ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اولین اسلامی معاشرہ میں مذکورہ بالا تمام اقدار کی مثالیں اس کثرت سے ملتی ہیں گویا تمام کے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مکمل طور پر انہی اعلیٰ وارفع اقدار کے سانچے میں ڈھلے ہوئے تھے۔ جنگ یرموک کے موقع پر چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شدید گرمی میں زخموں سے چور میدان جنگ میں شدت پیاس سے تڑپ رہے تھے کہ اتنے میں ایک مسلمان پانی لے کر آیا اور مجروح مجاہدین کے سامنے پیش کیا۔ پہلے نے کہا دوسرے کو پلاؤ، دوسرے نے کہا تیسرے کو پلاؤ، وہ ابھی تیسرے تک پہنچا نہیں تھا کہ پہلا شہید ہو گیا۔ تب دوسرے کی طرف پلٹا تو دیکھا کہ وہ بھی پیاسا اپنے مالک کے حضور پہنچ چکا ہے اور جب تیسرے کے پاس آیا تو وہ بھی اسی حالت میں اللہ کو پیارا ہو چکا تھا۔ (بحوالہ ابن کثیر)

بخاری اور مسلم کا روایت کردہ درج ذیل واقعہ انسانی تاریخ میں ایثار وقربانی کے حوالے سے اپنی طرز کا منفرد واقعہ ہے:

ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! میں سخت بھوکا ہوں کھانا کھلائیے'' رسول اللہ ﷺ نے باری باری اپنے تمام گھروں میں آدمی بھیجا۔ ہر گھر سے یہی جواب ملا کہ آج تو ہمارے اپنے لئے بھی کچھ نہیں۔ پھر آپ ﷺ نے لوگوں سے پوچھا ''کون شخص آج کی رات اس آدمی کو اپنا مہمان بناتا ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اٹھے اور عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! میں انہیں اپنا مہمان بناتا ہوں چنانچہ انہیں اپنے گھر لے گئے، جا کر بیوی کو بتایا کہ یہ رسول اللہ ﷺ کے مہمان ہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



،لہٰذا ہمیں خود کھانے کو ملے یا نہ انہیں ضرور دینا ہے۔اہلیہ نے کہا ''گھر میں بچوں کے کھانے کے لئے کچھ ٹکڑے رکھے ہیں اور تو کچھ نہیں۔حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''بچوں کو کسی نہ کسی طرح بہلا کر سلا دو اور ہم دونوں جب کھانا کھانے بیٹھیں تو تم کسی بہانے چراغ بجھا دینا میں ویسے ہی پاس بیٹھا رہوں گا اور مہمان سیر ہو کر کھانا کھالے گا۔دونوں نے ایسا ہی کیا صبح جب حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا'' کہ تم دونوں میاں بیوی کے عمل سے اللہ تعالیٰ خوش ہوئے ہیں اور ہنسے ہیں۔'' اور یہ آیت نازل فرمائی۔

﴿ وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ﴾(9:59)

''اور خود حاجت مند ہونے کے باوجود دوسروں کو اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں۔'' (سورہ حشر، آیت نمبر9)

مستدرک حاکم میں دیا گیا یہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے کہ ایک صحابی کو کسی نے بکری کی سری تحفہ بھجوائی۔انہوں نے یہ سوچ کر کہ فلاں شخص مجھ سے زیادہ حاجت مند ہے اس کے ہاں بھیج دی،اس نے یہی سوچ کر تیسرے آدمی کے پاس بھیج دی۔اس طرح سات گھروں کا چکر لگانے کے بعد وہ سری پہلے صحابی کے گھر پہنچ گئی۔دور اول کے اسلامی معاشرہ میں ہمدردی وخیر خواہی اور قربانی وایثار کی یہ اور ایسی ہی بے شمار دوسری مثالیں دراصل فطری نتیجہ تھیں انفاق فی سبیل اللہ کے احکام کا۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عہد مبارک بلا شبہ ایمان اور عمل دونوں اعتبار سے خیر القرون (بہتر زمانہ) ہے لیکن اس کے بعد بھی مسلمانوں کا معاشرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ان قائم کردہ زندہ جاوید روایات سے کبھی یکسر محروم نہیں رہا۔

## ایک قدم اور آگے:

صاحب نصاب مسلمان کے مال میں زکاۃ وہ کم سے کم مقدار ہے جسے ہر سال ادا کئے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں رہ سکتا،لیکن اسلامی معاشرے میں محتاجوں،مسکینوں،یتیموں،بیواؤں اور معذوروں کے دکھ درد میں شرکت کے لئے نیز آسمانی آفات مثلاً زلزلہ،سیلاب اور قحط وغیرہ کے موقع پر اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کی مدد کے لئے اسلام میں انفاق فی سبیل اللہ کا معیار زکاۃ سے کہیں آگے ہے۔چنانچہ قرآن و حدیث میں بڑی کثرت سے نفلی صدقات اور خیرات کی ترغیب دلائی گئی ہے۔قرآن مجید کی چند آیات

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ملاحظہ ہوں۔

﴿ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَّاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ ﴾(261:2)

''جولوگ اپنے مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کے خرچ کی مثال ایسی ہے جیسے ایک دانہ بویا جائے، اس سے سات بالیں نکلیں اور ہر بالی میں سو دانے ہوں۔ اللہ تعالیٰ جس (کے عمل) کا اجر چاہتا ہے (اس کی نیت کے مطابق جتنا چاہتا ہے) بڑھا دیتا ہے۔ اللہ بڑی وسعت والا اور علم والا ہے۔'' (سورہ بقرہ، آیت نمبر 261)

﴿ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ ﴾(17:64)

''اگر تم لوگ اللہ تعالیٰ کو قرض حسنہ دو تو وہ تمہیں کئی گناہ بڑھا کر دے گا اور تمہارے گناہوں سے درگزر فرمائے گا، اللہ تعالیٰ بڑا قدر دان اور حوصلے والا ہے۔'' (سورہ التغابن، آیت نمبر 17)

﴿ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ ﴾ (93:3)

''تم لوگ اس وقت تک نیکی (کے معیار مطلوب) کو نہیں پہنچ سکتے جب تک اپنی وہ چیزیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہ کرو جنہیں تم محبوب رکھتے ہو۔'' (سورہ آل عمران، آیت نمبر 92)

﴿ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝ ﴾ (11:57)

''کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض دے؟ بہترین قرض تاکہ اللہ تعالیٰ اسے کئی گنا بڑھا کر واپس کرے اور اس کے لئے بہترین اجر ہے۔'' (سورہ حدید، آیت نمبر 11)

صدقہ وخیرات کی ترغیب میں چند احادیث مبارکہ ملاحظہ ہوں

① ''صدقہ اللہ تعالیٰ کے غصہ کو بجھاتا ہے، اور بری موت سے بچاتا ہے۔'' (مسند احمد)

② ''قیامت کے دن صدقہ مومن پر سایہ بن جائے گا۔'' (مسند احمد)

③ ''صدقہ کرنے میں جلدی کرو کیونکہ مصائب صدقہ سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔'' (رزین)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



④ ”صدقہ قیامت کے دن جہنم سے ڈھال ہوگا۔“ (طبرانی)

⑤ ”صدقہ کرنے سے مال میں کمی نہیں ہوتی۔“ (مسلم)

⑥ ”جو شخص کسی ننگے مسلمان کو کپڑا پہنائے گا، اللہ تعالیٰ اسے جنت کا سبز ریشم پہنائے گا، جو شخص کسی بھوکے مسلمان کو کھانا کھلائے گا، اللہ تعالیٰ اسے جنت کے میوے کھلائے گا، جو شخص کسی پیاسے مسلمان کو پانی پلائے گا اللہ تعالیٰ اسے جنت میں عمدہ شراب پلائے گا۔“ (ابوداؤد، ترمذی)

⑦ ”وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جو رات پیٹ بھر کر سویا اور اس کا پڑوسی بھوکا رہا حالانکہ اسے اس بات کی خبر تھی۔“ (طبرانی)

⑧ ”میں اور یتیم ..........رشتہ دار یا غیر رشتہ دار..........کا سرپرست جنت میں اس طرح ایک ساتھ ہوں گے (آپ ﷺ نے دو انگلیاں کھڑی کرکے یہ بات ارشاد فرمائی)“ (صحیح مسلم)

رسول اکرم ﷺ نے انفاق فی سبیل اللہ کی زبانی ترغیب کے علاوہ امت کے سامنے ایسی عملی مثالیں پیش فرمائیں جو قرآنی آیات اور احادیث مبارکہ کی بہترین ترجمان تھیں۔ ایک شخص نے رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر سوال کیا آپ ﷺ نے فرمایا ”بیٹھ جاؤ، اللہ تعالیٰ دے گا۔“ پھر دوسرا آیا، پھر تیسرا آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے سب کو بٹھالیا، کیوں کہ اس وقت آپ کے پاس دینے کے لئے کچھ نہیں تھا۔ اتنے میں ایک شخص آیا اور اس نے چار اوقیہ چاندی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کی۔ آپ ﷺ نے ایک ایک اوقیہ تینوں سوالیوں میں تقسیم فرمادی اور پھر پوچھا ”کوئی اور ہے لینے والا؟“ کوئی اور لینے والا نہیں تھا، رات ہوئی تو رسول اللہ ﷺ کو نیند نہیں آرہی تھی بار بار پہلو بدلتے یا اٹھ کر نماز پڑھنے لگتے۔ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا ”کیا کوئی تکلیف ہے؟“ فرمایا ”نہیں!“ دوبارہ عرض کیا ”کوئی حکم نازل ہوا ہے؟ جس کی وجہ سے یہ بے قراری ہے؟“ فرمایا ”نہیں!“ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے پھر عرض کیا ”آپ ﷺ کو نیند کیوں نہیں آرہی؟“ تب رسول اللہ ﷺ نے وہ ایک اوقیہ چاندی نکال کر دکھائی اور فرمایا ”یہ ہے وہ چیز جس نے مجھے بے قرار کر رکھا ہے۔ ڈر رہا ہوں کہ اسے خرچ کرنے سے قبل کہیں موت نہ آجائے۔“ (رحمۃ للعالمین)

جنگ حنین کے موقع پر چھ ہزار قیدی، چوبیس ہزار اونٹ، ایک ہزار بکریاں اور چار ہزار اوقیہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چاندی (125 کلوگرام) مال غنیمت میں حاصل ہوئی۔ نبی اکرم ﷺ نے سارے کا سارا مال غنیمت تقسیم فرمادیا۔ خود گھر سے جس خیر و برکت کے ساتھ تشریف لائے تھے اسی کے ساتھ واپس تشریف لے گئے۔'' (رحمۃ للعالمین)

ایک آدمی نے حاضر ہوکر سوال کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''میرے پاس اس وقت دینے کے لئے تو کچھ نہیں البتہ میرے نام سے کوئی چیز خرید لو تو میں اس کا قرضہ ادا کردوں گا۔ یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ''یارسول اللہ ﷺ! جس کی آپ ﷺ کو طاقت نہیں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اس کا مکلف نہیں ٹھہرایا۔'' رسول اللہ ﷺ کو یہ بات ناگوار محسوس ہوئی۔ ایک انصاری نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! آپ خرچ کیجئے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے فقر کا خدشہ محسوس نہ کیجئے۔ یہ سن کر آپ ﷺ مسکرائے اور فرمایا ''مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے۔'' (ترمذی)

رسول اکرم ﷺ کے اس طرز عمل کی اتباع میں اہل بیت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے انفاق فی سبیل اللہ کی ایسی ایسی نادر مثالیں پیش کیں کہ مذاہب عالم کی تاریخ ایسی مثالیں پیش کرنے سے قاصر ہے۔ ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ایک لاکھ درہم بھیجے جو انہوں نے اسی وقت غریبوں اور مسکینوں میں تقسیم کردیئے، اس دن آپ روزہ سے تھیں۔ خادمہ نے عرض کیا ''اگر افطار کے لئے کچھ بچ لیتیں تو اچھا تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا ''اس وقت یاد دلاتیں تو رکھ لیتی۔'' (مستدرک حاکم)

سورہ بقرہ کی آیت ''مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا'' نازل ہوئی تو ایک صحابی حضرت ابو دحداح رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! کیا اللہ تعالیٰ ہم سے قرض طلب فرماتا ہے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''ہاں!'' صحابی نے عرض کیا ''اپنا ہاتھ دیجئے۔'' پھر ہاتھ میں ہاتھ لے کر کہا ''یارسول اللہ ﷺ! میں نے اپنا باغ جس میں چھ سو کھجور کے درخت ہیں، اللہ تعالیٰ کو قرض دیا۔'' سیدھے باغ میں آئے اور بیوی کو باغ سے باہر ہی کھڑے ہوکر آواز دی ''بچوں کو باہر لے کر آجاؤ میں نے یہ باغ راہ خدا میں دے دیا ہے۔'' (ابن ابی حاتم)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد میں ایک مرتبہ قحط پڑا۔ لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''کل تمہاری مشکل دور ہوجائے گی۔'' دوسرے روز علی الصبح حضرت

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عثمان رضی اللہ عنہ کے ایک ہزار اونٹ غلے سے لدے ہوئے مدینہ پہنچے۔ مدینہ کے تاجر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور غلہ خریدنا چاہا تاکہ بازار میں بیچا جا سکے اور لوگوں کی پریشانی دور ہو۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا ''میں نے یہ غلہ شام سے منگایا ہے تم مجھے خرید پر کتنا نفع دیتے ہو؟'' تاجروں نے دس کے بارہ پیش کیے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا ''مجھے اس سے زیادہ ملتے ہیں۔'' تاجروں نے دس کے چودہ پیش کیے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''مجھے اس سے بھی زیادہ ملتے ہیں۔'' انہوں نے پوچھا ''ہم سے زیادہ دینے والا کون ہے؟ مدینہ کے تاجر تو ہم ہی ہیں۔'' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''مجھے ہر درہم کے عوض دس درہم ملتے ہیں کیا تم اس سے زیادہ دے سکتے ہو؟'' تاجروں نے کہا ''نہیں!'' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''تاجرو! گواہ رہنا میں یہ تمام غلہ مدینہ کے محتاجوں پر صدقہ کرتا ہوں۔'' (ازالۃ الخفا از شاہ ولی اللہ)

سورہ آل عمران کی آیت لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ سن کر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنا بہترین باغ صدقہ کر دیا اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی پسندیدہ لونڈی اللہ تعالیٰ کی راہ میں آزاد کر دی۔ (تفسیر ابن کثیر)

حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ سات سو اونٹ بمعہ غلہ صدقہ کیے۔ (ابونعیم)

حضرت سعید بن عامر رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں حمص (شام کا صوبہ) کے گورنر تھے۔ ماہانہ تنخواہ ملتی تو گھر والوں کے لیے کھانے پینے کا سامان خرید کر باقی رقم صدقہ کر دیتے۔ (ابونعیم)

انفاق فی سبیل اللہ کا یہ ہے وہ معیار جس پر اسلام اپنے پیروکاروں کو دیکھنا چاہتا ہے۔ ان صفات کے حامل افراد سے وہ سوسائٹی اور معاشرہ وجود میں آتا ہے جس میں کوئی شخص بھوکا یا ننگا نہیں رہتا، کوئی مصیبت زدہ یا پریشان حال شخص بے سہارا نہیں رہتا کوئی یتیم یا بیوہ احساس محرومیت کا شکار نہیں ہوتی۔ اسی معاشرہ کی کیفیت رسول اللہ ﷺ نے ان الفاظ میں بیان فرمائی ہے۔ ''مسلمانوں کی مثال باہمی محبت و مودت اور شفقت کے لحاظ سے جسمِ واحد کی سی ہے کہ اگر ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو سارا جسم بخار اور بے خوابی کا شکار ہو جاتا ہے۔'' (بخاری و مسلم)

## زکاۃ ایک مثالی معاشی نظام کی بنیاد:

کم و بیش دو سو سال پہلے ''حریت فرد'' اور ''حریت فکر'' جیسے خوبصورت الفاظ کے پردے میں سرمایہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دارانہ اندازِ فکر کو دنیا میں ایک نظام کے طور پر متعارف کرایا گیا جس کی بنیاد اس فلسفہ پر تھی کہ ہر آدمی اپنی دولت کا مکمل مالک اور مختار ہے، اسے جہاں چاہے جیسے چاہے استعمال کر سکتا ہے۔ سوسائٹی اور معاشرے پر اس کے اثرات خواہ کیسے ہی کیوں نہ ہوں خواہ اس سے اس کا اپنا اخلاق اور کردار تباہ ہو یا پورے معاشرے میں فحاشی اور بے حیائی پھیلے، سرمایہ دارانہ نظام اس سے کوئی تعرض نہیں کرتا۔ اسی طرح زیادہ سے زیادہ دولت کمانے کی ہوس میں چند گھروں کا سکون اور چین برباد ہو یا پوری کی پوری قوم اس کی ہوسِ زر کی بھینٹ چڑھے، سرمایہ دارانہ نظام اس پر کوئی قانونی یا اخلاقی پابندی عائد نہیں کرتا۔ اس بے رحم اور سنگدلانہ شیطانی نظام میں جہاں اخلاقی لحاظ سے انسانی اقدار کی کوئی قدر و قیمت نہیں وہاں معاشی لحاظ سے سرمایہ صرف سرمایہ داروں کے ہاتھوں میں ہی گردش کرتا رہتا ہے جب کہ بے سرمایہ افراد قرضوں اور سود در سود کے بوجھ تلے دبے چلے جاتے ہیں۔ دنیا جب اس نظام کی فریب کاریوں سے آگاہ ہوئی تو ''مساوات'' اور ''عدل'' جیسے دلکش الفاظ کے حوالے سے دنیا کو ایک دوسرے شیطانی نظام...... اشتراکیت...... سے متعارف کرایا گیا جس کا بنیادی فلسفہ ''حریت فرد'' اور ''حریت فکر'' کی مکمل نفی تھی۔ حکومت تمام وسائل ،دولت، زمینوں، کارخانوں، فیکٹریوں اور دیگر اموال وغیرہ کی مالک اور فرد مکمل طور پر محروم! فرد ایک تنگ بندھی غلامانہ زندگی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا اور حکومت کے چند افراد پوری قوم کی تقدیر کے مالک و مختار! حکیم الامت علامہ اقبال ؒ نے اشتراکی نظام پر کتنا اچھا تبصرہ کیا ہے۔

یہ علم یہ حکمت یہ تدبر یہ حکومت
پیتے ہیں لہو دیتے ہیں تعلیم مساوات

پہلا نظام ظلم اور جبر کی ایک انتہا تھا اور دوسرا نظام اسی ظلم اور جبر کی دوسری انتہا ثابت ہوا۔ جس طرح دنیا ایک صدی کے اندر اندر سرمایہ دارانہ نظام سے مایوس ہوگئی اسی طرح دنیا دوسری صدی کے اختتام سے پہلے ہی اشتراکی نظام پر لعنت بھیجنے لگی اس صدی کے موجودہ عشرہ (1981ء-1990ء) کو اگر اشتراکیت کی موت کا عشرہ قرار دیا جائے تو شاید بے جا نہ ہوگا جس میں نہ صرف یہ کہ اشتراکی ممالک نے اشتراکیت کا طوق گلے سے اتار پھینکا ہے بلکہ خود اشتراکیت کے علمبرداروں کے اپنے دیس ''روس'' میں بھی اس ظالمانہ نظام کے خلاف علمِ بغاوت بلند ہونے لگا ہے۔ تجربے نے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ انسانوں کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لیے انسانوں کے بنائے ہوئے نظام اور قوانین کبھی بھی راہ نجات نہیں بن سکتے۔

سرمایہ داری اور اشتراکیت کے مقابلے میں اسلامی نظام معیشت کی بنیاد اس تعلیم پر ہے۔ کہ اس کائنات اور کائنات کی ہر چیز کا مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے، دولت اور وسائل دولت کا حقیقی مالک بھی وہی ہے۔ قرآن مجید نے مختلف جگہ پر مختلف انداز میں اس کی نشاندہی فرمائی ہے۔ سورہ نور میں ارشاد مبارک ہے:

﴿ وَ آتُوْهُمْ مِنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِیْ آتٰکُمْ ﴾(33:24)

''آزادی کے خواہشمند غلاموں کو اس مال سے دو جو اللہ نے تمہیں دیا۔'' (سورہ نور، آیت نمبر 33)

سورہ حدید میں اللہ پاک فرماتے ہیں:

﴿ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَکُمْ مُّسْتَخْلَفِیْنَ فِیْهِ ﴾(7:57)

''جس مال پر اللہ تعالیٰ نے تمہیں خلیفہ بنایا ہے، اس میں سے خرچ کرو۔'' (سورہ حدید، آیت نمبر 7)

قرآن مجید میں پچاس سے زیادہ آیات ایسی ہیں جن میں اللہ کریم نے کہیں رَزَقْنَاهُمْ اور کہیں رَزَقَهُمْ اور کہیں رَزَقْنَاکُمْ اور کہیں رَزَقَکُمْ کہہ کر لوگوں کو رزق دینے کی نسبت اپنی طرف کی ہے، جس سے انسان کو یہ حقیقت ذہن نشین کروانا مقصود ہے کہ یہ مال و دولت جسے انسان اپنی کم علمی اور جہالت کی وجہ سے اپنی ملکیت سمجھنے لگتا ہے۔ دراصل یہ اللہ کی ملکیت ہے جو اس نے اپنے بندوں کو امانت کے طور پر دے رکھی ہے۔ لہٰذا انسان اس بات کا پابند ہے کہ جو دولت اللہ تعالیٰ نے اسے دی ہے اسے اللہ تعالیٰ ہی کے حکم کے مطابق استعمال کرے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے دونوں معاملات......دولت کمانے اور دولت خرچ کرنے میں انسان کو حدود و قیود بتا دیں۔ دولت کمانے کے معاملے میں اللہ تعالیٰ نے جن ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی کو حرام قرار دیا ہے وہ یہ ہیں۔

① رشوت اور غصب (سورہ بقرہ، آیت نمبر 188)

② خیانت (سورہ آل عمران، آیت نمبر 61)

③ بت گری و بت فروشی (سورہ مائدہ، آیت نمبر 90)

④ چوری (سورہ مائدہ، آیت نمبر 38)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



⑤ ناپ تول میں کمی (سورہ مطففین، آیت نمبر 13)

⑥ مال یتیم میں حق تلفی (سورہ نساء، آیت نمبر 1)

⑦ اتفاقیہ آمدنی والے تمام ذرائع مثلاً جوا وغیرہ (سورہ مائدہ، آیت نمبر 9)

⑧ شراب کی تیاری، خرید و فروخت اور نقل و حمل کی آمدنی (سورہ مائدہ، آیت نمبر 90)

⑨ فحاشی اور بے حیائی پھیلانے والے کاروبار (سورہ نور، آیت نمبر 19)

⑩ سودی کاروبار (سورہ آل عمران، آیت نمبر 30)

⑪ قحبہ گری اور زنا کی آمدنی (سورہ نور، آیت نمبر 33)

⑫ قسمتیں بتانے کا کاروبار (سورہ مائدہ، آیت نمبر 90)

⑬ اس کے علاوہ ایسے تمام ذرائع جو جھوٹ دھوکے اور فریب پر مبنی ہوں اسلام کے نزدیک ناجائز اور حرام ہیں۔

مذکورہ بالا احکامات کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ شریعت اسلامی نے زیادہ دولت کمانے کے لالچ میں غلہ روکنے کو سنگین جرم قرار دیا ہے۔

اب ایک نظر دولت خرچ کرنے کے احکامات پر بھی ڈال لیجئے جن جن راستوں پر اللہ تعالیٰ نے خرچ کرنے کا حکم دیا یا ترغیب دلائی ہے وہ یہ ہیں:

① والدین، عزیز و اقارب، یتیموں، مسکینوں اور ہمسایوں پر خرچ کرنا (سورہ نساء، آیت نمبر 36)

② سوالی اور معذور لوگوں پر خرچ کرنا۔ (سورہ الذاریات، آیت نمبر 10)

③ قرض دینا۔ (سورہ البقرہ، آیت نمبر 28)

④ زکاۃ ادا کرنا۔ (سورہ التوبہ، آیت نمبر 103)

⑤ صدقات ادا کرنا۔ (سورہ البقرہ، آیت نمبر 271)

متذکرہ بالا احکامات کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے مال اپنے پاس روکنے اور جمع کرنے کی بھی ممانعت فرمائی ہے۔ (سورہ التوبہ، آیت نمبر 34) اور ساتھ ہی اسراف (فضول خرچی) اور بخیلی سے بھی منع فرما دیا۔ (سورہ فرقان، آیت نمبر 67)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے ساتھ ساتھ شریعت نے ایسے تمام راستوں پر دولت خرچ کرنے سے سختی سے منع فرما دیا جس سے آدمی کا اپنا اخلاق تباہ ہوتا یا معاشرے میں کوئی بگاڑ پیدا ہوتا ہو مثلاً شراب، جوا، زنا وغیرہ یہ بات یاد رہے کہ یہ حدود مقرر کرنے کے بعد شریعت نے شخصی ملکیت پر کسی قسم کی پابندی یا حد مقرر نہیں کی، جائز اور حلال طریقے سے کوئی شخص کروڑوں کا مالک بن جائے تو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

دولت کمانے اور خرچ کرنے کے احکامات کا سرسری جائزہ لینے کے بعد پورے وثوق سے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ اسلام نے معاشرہ میں ہر طبقے کے ہر فرد کو پورا پورا معاشی تحفظ عطا کیا ہے اور حق تلفی و لوٹ کھسوٹ کے تمام راستے بند کر دیئے ہیں۔

دولت کمانے اور خرچ کرنے کے تمام احکامات کا الگ الگ جائزہ لینا یہاں ممکن نہیں البتہ دولت خرچ کرنے کے بارے میں ایک اہم ترین حکم......وجوب زکاۃ......اور دولت کمانے کے بارے میں ایک اہم ترین حکم......حرمتِ سود......کا مختصر جائزہ یہاں پیش کرنا ضروری ہے۔

گذشتہ دور حکومت میں ملکی سطح پر جس طرح کی ''ہارس ٹریڈنگ'' کے واقعات اخبارات میں آتے رہے ہیں اس سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ وطن عزیز پاکستان میں اب سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں کی تعداد میں کروڑ پتی لوگ موجود ہیں۔ایک شخص جس کے پاس دس کروڑ روپے ہوں اس کی سالانہ زکاۃ پچیس لاکھ روپے بنتی ہے۔اگر ایک شہر میں صرف ایک کروڑ پتی رہتا ہو جو ایمانداری سے اپنی زکاۃ ادا کرتا ہو تو چند سالوں میں ہی اس شہر کے بیشتر محتاجوں اور مسکینوں کے معاشی مسائل حل ہو سکتے ہیں اور اگر پاکستان کے ہر شہر اور علاقے کے تمام صاحب نصاب افراد اپنی اپنی زکاۃ ادا کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہر شہر اور علاقہ معاشی لحاظ سے خوش حال نہ ہو۔ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان کی سالانہ زکاۃ پانچ ارب روپے بنتی ہے۔صرف ایک سال کی زکاۃ سے اگر اوسط درجے کے مکان تعمیر کئے جائیں تو دو لاکھ مکان تعمیر ہو سکتے ہیں۔اتنی ہی رقم میں اگر یتیم اور بے سہارا بچوں کی پرورش اور تعلیم و تربیت کا انتظام کرنا مقصود ہو تو سارے ملک میں ایک سال کی زکاۃ سے تین سو ایسے مراکز تعمیر کیے جا سکتے ہیں جن میں ایک لاکھ ستر ہزار بچوں کی پرورش اور تعلیم و تربیت کا انتظام ہو سکتا ہے۔اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اگر ملک میں صحیح طریقے سے نظام زکاۃ نافذ ہو جائے تو چند ہی سالوں کے اندر اندر پورے ملک میں عظیم معاشی انقلاب بپا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہو سکتا ہے۔زکاۃ کے فیوض و برکات کاایک دوسرے پہلو سے بھی جائزہ لیجئے۔صرف ایک سال کی زکاۃ، پانچ ارب روپے سے جہاں دولاکھ بے خانماں لوگوں کو جو گھر میسر آئیں گے اور ایک لاکھ ستر ہزار بچوں کی کفالت ہوگی وہاں دولاکھ مکانوں کی تعمیر یا تین سو مراکز کی تعمیر کے لیے پانچ ارب روپیہ گردش میں آئے گا۔جس کا کثیر حصہ کاریگروں، مستریوں، مزدوروں اور دوکانداروں کے ہاتھوں میں جائے گا جو براہ راست عام آدمی کی خوشحالی کا باعث بنے گا۔گویا زکاۃ کا حکم ایسا کثیر الفوائد عمل ہے جو دین کی تکمیل اور تقرب الی اللہ کے علاوہ ایک عام آدمی سے لے کر پورے ملک کی اجتماعی خوشحالی کا ضامن ہے۔یہی وجہ ہے کہ زکاۃ فرض ہونے کے چند ہی سال بعد مدینہ کی اسلامی ریاست میں اس قدر خوش حالی ہوگئی تھی کہ زکاۃ دینے والے بہت تھے اور لینے والا کوئی نہ تھا۔

اب شریعت اسلامی کے دوسرے اہم حکم......حرمتِ سود......کا جائزہ لیجئے۔ہمارے ہاں بنک اور مختلف ادارے یا کمپنیاں چھ فی صد سے لے کر دس، بیس اور تیس فی صد تک سود دیتی ہیں۔بعض سکیمیں ایسی بھی ہیں جن میں چار پانچ سال بعد اصل رقم دگنی ہو جاتی ہے۔ان سب سے بڑھ کر ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹس کی سکیم ہے جس میں دس سال بعد اصل رقم 4ء26 گنا یعنی 426 فی صد اضافہ کے ساتھ واپس کی جاتی ہے۔یاد رہے چند سال قبل یہ رقم 3ء9 گنا تھی جواب بڑھا کر 4ء26 کر دی گئی ہے۔مثلاً ایک شخص ہر ماہ دس ہزار روپے دس سال تک اس سکیم میں جمع کرواتا ہے، تو دس سال بعد یہ شخص ہر ماہ 42 ہزار 6 سو روپے وصول کرے گا ایک اور سکیم ''ماہانہ آمدنی اکاؤنٹ'' کے نام سے بھی جاری کی گئی ہے۔جس میں اگر کوئی شخص پانچ سال کے لئے ہر ماہ دس ہزار روپے (یا کم وبیش جتنے بھی چاہے) کم سے کم رقم 100 روپے جمع کرواتا رہے تو پانچ سال کے بعد اس شخص کو تاحیات دس ہزار روپے ماہانہ (یا جتنی رقم وہ پانچ سال تک ہر ماہ جمع کرواتا رہے) ملتے رہیں گے۔گویا سرمایہ دار گھر بیٹھے کسی محنت اور مشقت کے بغیر۔ہزاروں سے لاکھوں اور لاکھوں سے کروڑوں روپے کما سکتا ہے ایسے شخص کو فیکٹری یا کارخانہ وغیرہ لگا کر محنت کے علاوہ نقصان کا خطرہ مول لینے کی آخر کیا ضرورت ہے۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ سرمایہ دار تو مختلف کمپنیوں یا سکیموں سے بڑھتا چڑھتا سود وصول کر لیتا ہے لیکن یہ آتا کہاں سے ہے۔چھوٹے درجے کے صنعتکاروں، متوسط طبقہ کے تاجروں، چھوٹے زمینداروں،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کسانوں اور مزدوروں کی جیب سے، جن کی تعداد ملک کے اندر بلاشبہ کروڑوں میں ہے یہ لوگ ایک دفعہ سود کے چکر میں پھنستے ہیں تو عمر بھر نکل نہیں پاتے۔ حکیم الامت علامہ اقبال رحمہ اللہ نے اسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے:

ظاہر میں تجارت ہے حقیقت میں جوا ہے
سود ایک کا لاکھوں کے لیے مرگ مفاجات

سودی نظام کے ذریعے فرد واحد پر جو ظلم ہو رہا ہے وہ تو ہے ہی۔ لمحہ بھر کے لیے غور فرمائیں۔ ملکی معیشت پر یہ سودی نظام کتنی بڑی لعنت بن کر مسلط ہے۔ سرمایہ دار اپنا سرمایہ بنکوں یا مختلف سکیموں میں رکھ کر سود در سود کھاتا رہتا ہے۔ سرمایہ رکھنے کی وجہ سے ملکی پیداوار، کاروبار اور تجارت میں شدید کمی واقع ہوتی ہے۔ اور یوں برآمدات میں کمی اور درآمدات میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے جو بالآخر ملک میں زرمبادلہ کی کمی اور کثیر غیر ملکی قرضوں کا باعث بنتا ہے۔ ان قرضوں کی ادائیگی کے لیے حکومت ہر سال ٹیکسوں میں اضافہ کر دیتی ہے۔ کسٹم ڈیوٹیاں بڑھتی ہیں جس کے نتیجے میں اشیائے صرف کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اور اس طرح عام آدمی جو براہ راست سود میں ملوث نہیں ہوتا۔ سودی نظام کی وجہ سے وہ بھی بمشکل جسم و جان کا رشتہ قائم رکھ پاتا ہے۔ شریعت نے سود کی اس درجہ وعید بلاوجہ تو نہیں بتائی۔

قرآن مجید میں اسے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے خلاف اعلان جنگ قرار دیا گیا ہے۔ (سورہ بقرہ، آیت نمبر 279)

رسول اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے "سود کے ستر درجے ہیں، ان میں سے کم تر درجہ ماں سے زنا کرنے کے برابر ہے۔ (ابن ماجہ)

معراج کی رات رسول اللہ ﷺ نے بعض لوگوں کو دیکھا جن کے پیٹ مکانوں کی طرح (بڑے بڑے) تھے اور ان میں سانپ ہی سانپ بھرے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ کے پوچھنے پر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے بتایا کہ یہ سود کھانے والے لوگ ہیں۔ (مسند احمد، ابن ماجہ)

حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون میں وجوب زکاۃ اور حرمت سود دونوں حکم پوری بنی نوع انسان کے لیے برکت ہی برکت اور خیر ہی خیر ہیں لیکن المیہ یہ ہے کہ آج جب پوری نوع انسانی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سرمایہ دارانہ نظام معیشت سے مایوس اور اشتراکی نظام معیشت سے بغاوت کر چکی ہے اور نہیں جانتی کہ کیا کرے کدھر جائے ، اسلامی نظام معیشت کے علمبردار، جنہیں اس وقت پوری دنیا کی راہنمائی کا فریضہ سرانجام دینا چاہیے تھا خود باطل نظاموں کی فریب کاریوں کے جال میں پھنسے ہوئے ہیں۔

مانگتے پھرتے ہیں اغیار سے مٹی کے چراغ
اپنے خورشید پہ پھیلا دیے سائے ہم نے

مستقبل میں جب بھی کبھی مسلمانوں کو جاندار قیادت میسر آ گئی جو اسلامی نظام حیات کو اس کی حقیقی شکل میں متعارف کروا سکی تو ہمیں یقین کامل ہے کہ جبر وظلم، جھوٹ وفریب اور خود غرضی کی ستائی ہوئی دنیا عدل وانصاف، امن وسکون اور حریت واخوت کے اس آسمانی نظام کو آزمانے میں ان شاء اللہ لمحہ بھر کا تامل نہیں کرے گی۔

قارئین کرام! زکاۃ کے مسائل بلا شبہ بہت دقیق اور عمیق ہیں اسی لیے ہم نے زیادہ سے زیادہ علمائے کرام سے استفادہ کی کوشش کی ہے۔ تاہم اہل علم حضرات کی آراء اور مشوروں کا ہمیں انتظار رہے گا۔
ہم نے کوشش کی ہے کہ احادیث صحیحہ کے حوالے سے قدیم اور جدید قسم کے تمام مسائل شامل اشاعت ہوں تاکہ اس معاملے میں عوام الناس کی زیادہ سے زیادہ راہنمائی ہو سکے۔ ہم اپنی کوشش میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں، اس کا اندازہ قارئین کرام ہی لگا سکتے ہیں۔

قارئین کرام! سلسلہ اشاعت حدیث سے ہمارے پیش نظر درج ذیل مقاصد ہیں۔

(ا) حدیث رسول ﷺ سے لوگ اسی طرح کا تعلق محسوس کریں جیسا کتاب اللہ کے ساتھ محسوس کرتے ہیں۔

(ب) دینی مسائل سیکھنے اور سمجھنے کے لیے لوگوں میں صرف کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ سے استفادہ کرنے کا رجحان پیدا ہو۔

(ج) کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ سے ثابت نہ ہونے والے مسائل کو بلا تامل ترک کرنے کی سوچ عام ہو۔

آپ اس حقیقت سے یقیناً اتفاق کریں گے کہ اب تک جس قدر عام فہم، آسان اور عوامی انداز میں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کتاب اللہ پر مختلف پہلوؤں سے کام ہو چکا ہے یا ہو رہا ہے اس قدر حدیث رسول ﷺ پر کام نہیں ہوا لہٰذا اس حقیقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے عقائد، احکام، مسائل، مناقب اور تفسیر وغیرہ سے متعلق صحیح احادیث پر مشتمل کتابچے ان شاء اللہ یکے بعد دیگرے طبع کروانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے اب تک اس سلسلہ میں جو کام ہو چکا ہے اس کی تفصیل آپ کے ہاتھ میں ہے۔ وہ حضرات جو متذکرہ بالا مقاصد سے اتفاق رکھتے ہیں ان سے ہم درخواست کرتے ہیں کہ وہ اشاعت حدیث کی جدوجہد کو اپنی جدوجہد سمجھیں اور اس سلسلہ میں جو بھی خدمت سرانجام دے سکتے ہوں خود آگے بڑھ کر سرانجام دیں۔ ہمارے نزدیک سب سے بڑی خدمت یہی ہے کہ ان کتب کو زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچایا جائے۔

﴿ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ○ ﴾(13:42)

''اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے (اپنے کام کے لیے) چن لیتا ہے، اور اپنی طرف آنے کا راستہ اسی کو دکھاتا ہے جو اس کی طرف رجوع کرے۔'' (سورہ شوریٰ آیت نمبر 13)

واجب الاحترام علمائے کرام نے اپنی شدید گوناگوں مصروفیات کے باوجود دینی فریضہ سمجھتے ہوئے مسودہ کی نظر ثانی فرمائی اور بڑی محنت اور عرق ریزی سے مسودہ پر انتہائی قیمتی نوٹ تحریر فرمائے۔ ادارہ ان تمام حضرات کے تعاون کا تہ دل سے شکر گزار ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ کریم ان تمام حضرات کو دنیا و آخرت میں اپنے بہترین انعامات سے نوازے۔ آمین!

آخر میں مجھے اپنے ان تمام بھائیوں اور بزرگوں کا بھی شکریہ ادا کرنا ہے جو اشاعت حدیث کے لیے بڑی محنت اور خلوص سے مسلسل کام کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے ان تمام عاجز اور گناہ گار بندوں کی اس حقیر سی کوشش کو اپنے فضل خاص سے شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین!

﴿ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ ﴾

اے ہمارے پروردگار! ہماری اس خدمت کو قبول فرما تو یقیناً خوب سننے اور خوب جاننے والا ہے۔

محمد اقبال کیلانی، عفی اللہ عنہ
جامعہ ملک سعود، الریاض
المملکۃ العربیۃ السعودیۃ

21 ربیع الاول، 1411ھ/10 اکتوبر 1990ء

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# مختصر اصطلاحات حدیث

## حدیث

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ''قولی حدیث'' آپ ﷺ کا عمل ''فعلی حدیث'' اور آپ ﷺ کی اجازت ''تقریری حدیث'' کہلاتی ہے۔

### مرفوع

جس حدیث میں براہ راست نبی ﷺ کا نام لے کر حدیث بیان کرے ''مرفوع'' کہلاتی ہے۔

### موقوف

جس حدیث میں صحابی رسول اللہ ﷺ کا نام لیے بغیر حدیث بیان کرے یا اپنے خیال کا اظہار کرے ''موقوف'' کہلاتی ہے۔

### آحاد

جس حدیث میں راوی تعداد میں متواتر حدیث کے راویوں سے کم ہوں ''آحاد'' کہلاتی ہے۔ آحاد کی تین قسمیں ہیں۔[*]

### متواتر

جس حدیث کے راوی ہر زمانے میں اتنے ہوں جن کا جھوٹ پر اکٹھے ہونا ممکن نہ ہو ''متواتر'' کہلاتی ہے۔

### مقبول

جس حدیث میں راویوں کی دیانت اور سچائی تسلیم ہو ''مقبول'' کہلاتی ہے۔

### غیر مقبول

جس حدیث کے راویوں کی دیانت اور سچائی مشتبہ ہو ''غیر مقبول'' کہلاتی ہے۔

### حسن

جس حدیث کے راوی صحیح حدیث کے راویوں کی نسبت حافظے میں کم ہوں، باقی شرائط وہی ہوں ''حسن'' کہلاتی ہے۔

### صحیح

جس حدیث کے راوی ثقہ، پرہیزگار اور قابل اعتبار حافظہ کے مالک ہوں اور سند متصل ہو ''صحیح'' کہلاتی ہے۔

| درجہ ① | درجہ ② | درجہ ③ | درجہ ④ | درجہ ⑤ | درجہ ⑥ | درجہ ⑦ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جسے بخاری اور مسلم دونوں نے روایت کیا ہو۔ متفق علیہ | جسے صرف بخاری نے روایت کیا ہو۔ | جسے صرف مسلم نے روایت کیا ہو۔ | جسے بخاری اور مسلم کی شرائط کے مطابق کسی دوسرے محدث نے روایت کیا ہو | جسے صرف بخاری کی شرائط کے مطابق کسی دوسرے محدث نے روایت کیا ہو | جسے صرف مسلم کی شرائط کے مطابق کسی دوسرے محدث نے روایت کیا ہو | جسے بخاری اور مسلم کی شرائط کے علاوہ کسی دوسرے محدث نے صحیح سمجھا ہو |

### ضعیف

| معلق | منقطع | مرسل | معضل | موضوع | متروک | شاذ | منکر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس حدیث کا ایک یا سارے راوی ابتدائے سند سے منقطع ہوں | جس حدیث کا ایک یا سارے راوی مختلف مقامات سے منقطع ہوں | جس حدیث کا راوی تابعی ہو اور وہ نبی ﷺ سے بیان کرے اور صحابی کا نام نہ ہو | جس حدیث کے دو یا دو سے زائد راوی اکٹھے سند کے درمیان سے منقطع ہوں | جس حدیث کے راوی کا حدیث کے معاملے میں جھوٹ بولنا ثابت ہو | جس حدیث کے راوی پر صرف جھوٹ کی تہمت لگے لیکن حدیث کے معاملے میں جھوٹ ثابت نہ ہو | ایک ثقہ راوی اپنے سے زیادہ ثقہ راوی اور ضابطہ کی مخالفت کرے | جس حدیث کا راوی دائمی یا فاسق یا بدعتی ہو |

## اصطلاحات کتب

① **صحاح ستہ** حدیث کی چھ کتب ❶ بخاری ❷ مسلم ❸ ابوداؤد ❹ ترمذی ❺ نسائی اور ❻ ابن ماجہ لوغلبہ صحت کی بناء پر ''صحاح ستہ'' کہا جاتا ہے۔

② **جامع** جس حدیث میں اسلام کے متعلق تمام مباحث، عقائد، احکام، تفسیر، جنت، دوزخ وغیرہ موجود ہوں، ''جامع'' کہلاتی ہے۔

③ **سنن** جس کتاب میں صرف احکامات کے متعلق احادیث جمع کی گئی ہوں ''سنن'' کہلاتی ہیں۔ مثلاً سنن ابی داؤد۔

④ **مسند** جس کتاب میں ترتیب وار ہر صحابی کی احادیث یک جا کر دی گئی ہوں ''مسند'' کہلاتی ہے۔ مثلاً مسند احمد۔

⑤ **مستخرج** جس کتاب میں ایک کتاب کی احادیث کسی دوسری سند سے روایت کی جائیں ''مستخرج'' کہلاتی ہیں۔ مثلاً مستخرج الاسماعیلی البخاری۔

⑥ **مستدرک** جس کتاب میں ایک محدث کی قائم کردہ شرائط کے مطابق وہ احادیث جمع کی جائیں جو اس محدث نے اپنی کتاب میں درج نہ کی ہوں ''مستدرک'' کہلاتی ہے۔ مثلاً مستدرک حاکم۔

⑦ **اربعین** جس کتاب میں چالیس احادیث جمع کی گئی ہوں ''اربعین'' کہلاتی ہے۔ مثلاً اربعین نووی۔

---

[*] جس حدیث کے راوی ہر زمانے میں دو سے زائد رہے ہوں ''مشہور''، جس کے راوی کسی زمانے میں دو سے کم نہ ہوں ''عزیز'' اور جس حدیث کے راوی کسی زمانے میں ایک رہا ہو ''غریب'' کہلاتی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَ اَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ (22:41)

”(ہم ان لوگوں کی ضرور مدد کرتے ہیں) جنہیں اگر ہم زمین میں اقتدار بخشیں تو نماز قائم کریں، زکوٰۃ ادا کریں، بھلائی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں۔“

(سورہ حج، آیت نمبر 41)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اَلنِّیَّـــــــةُ

## نیت کے مسائل

**مسئلہ 1** اعمال کے اجر و ثواب کا دار و مدار نیت پر ہے۔

**مسئلہ 2** زکاۃ ادا کرتے وقت نیت کرنا ضروری ہے۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَاِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوٰى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَى الدُّنْيَا يُصِيْبُهَا اَوْ اِلَى امْرَاَةٍ يَنْكِحُهَا فَهِجْرَتُهُ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ)) .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ[1]

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے ''اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے۔ ہر شخص کو وہی ملے گا جس کی اس نے نیت کی، لہٰذا جس نے دنیا حاصل کرنے کی نیت سے ہجرت کی (اسے دنیا ملے گی) یا جس نے عورت حاصل کرنے کی نیت سے ہجرت کی (اسے عورت ہی ملے گی) پس مہاجر کی ہجرت اسی چیز کے لئے سمجھی جائے گی جس غرض کے لئے اس نے ہجرت کی۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 3** دکھاوے کی زکاۃ، نماز اور روزہ سب شرک (اصغر) ہے۔

عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((مَنْ صَلّٰى يُرَائِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ وَمَنْ صَامَ يُرَائِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ وَمَنْ تَصَدَّقَ يُرَائِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ)) رَوَاهُ اَحْمَدُ[2] (حسن)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے ''جس نے دکھاوے کی نماز پڑھی اس نے شرک کیا، جس نے دکھاوے کا روزہ رکھا اس نے شرک کیا، جس نے دکھاوے کا صدقہ کیا، اس نے شرک کیا۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

---
1. صحیح بخاری، کتاب بدء الوحی، باب کیف بدء الوحی
2. الترغیب والترھیب للشیخ محی الدین الدیب الجزء الاول رقم الحدیث 43

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فَرْضِيَّـــــــــــةُ الزَّكَاةِ

# زکاۃ کی فرضیت

**مسئلہ 4** زکاۃ ادا کرنا اسلام کے پانچ بنیادی فرائض میں سے ایک فرض ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اِقَامِ الصَّلَاةِ وَ اِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَ الْحَجِّ وَ صَوْمِ رَمَضَانَ )) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے ① اس بات کی شہادت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں ② نماز قائم کرنا ③ زکاۃ ادا کرنا ④ حج اور ⑤ رمضان کے روزے رکھنا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 5** زکاۃ ادا کرنے کے عہد پر رسول اللہ ﷺ نے بیعت لی۔

قَالَ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بَايَعْتُ النَّبِيَّ ﷺ عَلٰى اِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ''میں نے نبی اکرم ﷺ سے نماز قائم کرنے، زکاۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے پر بیعت کی۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 6** زکاۃ ادا نہ کرنے والوں کے خلاف جہاد کرنا فرض ہے۔

**مسئلہ 7** زکاۃ ایک فرض عبادت ہے، اس کی جگہ کوئی صدقہ خیرات یا ٹیکس وغیرہ ادا کرنے سے زکاۃ کا فرض ساقط نہیں ہوتا۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ ﷺ وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ

❶ صحیح بخاری ، کتاب الایمان باب بنی الاسلام علی خمس

❷ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب البیعۃ علی ایتاء الزکاۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مِنَ الْعَرَبِ فَقَالَ عُمَرُ ﷺ كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( أُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ فَمَنْ قَالَهَا فَقَدْ عَصَمَ مِنِّى مَالَهُ وَنَفْسَهُ اِلاَّ بِحَقِّهِ وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ)) فَقَالَ : وَاللّٰهِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلاَةِ وَالزَّكَاةِ فَاِنَّ الزَّكَاةَ حَقُّ الْمَالِ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِىْ عَنَاقًا كَانَ يُؤَدُّوْنَهَا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهَا قَالَ عُمَرُ ﷺ فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلاَّ اَنْ قَدْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَ اَبِىْ بَكْرٍ ﷺ فَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَقُّ .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اکرم ﷺ کی وفات ہوئی اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو عرب کے کچھ لوگ کافر ہو گئے (اور زکاۃ بیت المال میں جمع کرانے سے انکار کر دیا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ''کہ آپ لوگوں سے کیوں کر جہاد کریں گے حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ مجھے لوگوں سے اس وقت تک لڑنے کا حکم ہے جب تک وہ لا الہ الا اللہ نہ کہیں۔ جب یہ کہنے لگیں تو انہوں نے اپنے مال اور اپنی جانیں مجھ سے بچا لیں۔ مگر حق کے ساتھ، اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوگا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا ''اللہ کی قسم! میں تو اس سے ضرور لڑوں گا جو نماز اور زکاۃ میں فرق کرے گا۔ کیونکہ زکاۃ کا مال حق ہے۔ واللہ! اگر یہ لوگ ایک بکری کا بچہ بھی، جو رسول اللہ ﷺ کو دیا کرتے تھے۔ مجھے نہ دیں گے تو ان سے ضرور لڑائی کروں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''واللہ! اللہ تعالیٰ نے ابو بکر رضی اللہ عنہ کا سینہ کھول دیا تھا، اور میں جان گیا کہ حق یہی ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

[1] صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ، باب وجوب الزکاۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فَضْلُ الزَّكَاةِ

## زکاۃ کی فضیلت

**مسئلہ 8** زکاۃ ادا کرنے والا جنتی ہے۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ اَنَّ اَعْرَابِیًّا اَتَی النَّبِیَّ ﷺ فَقَالَ دُلَّنِیْ عَلٰی عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُهٗ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ ، قَالَ (( تَعْبُدُ اللّٰهَ لَا تُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا وَ تُقِیْمُ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوْبَةَ وَ تُؤَدِّی الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ وَ تَصُوْمُ رَمَضَانَ )) قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَا اَزِیْدُ عَلٰی هٰذَا فَلَمَّا وَلّٰی قَالَ النَّبِیُّ ﷺ ((مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یَنْظُرَ اِلٰی رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی هٰذَا)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک اعرابی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا ''مجھے ایسا عمل بتایئے جسے کرنے سے میں جنت میں داخل ہو جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ کی عبادت کر، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کر، فرض نماز قائم کر، فرض زکاۃ ادا کر، اور رمضان المبارک کے روزے رکھ۔'' اس نے کہا ''اللہ کی قسم! میں اس سے زیادہ کچھ نہ کروں گا۔ جب وہ آدمی واپس ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا ''جسے جنتی آدمی دیکھنا پسند ہو وہ اسے دیکھ لے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ** زکاۃ ادا کرنے والے کے ایمان کی گواہی رسول اللہ ﷺ نے دی ہے۔

**عَنْ اَبِیْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ ﷺ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ (( اِسْبَاغُ الْوَضُوْءِ شَطْرُ الْاِیْمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَأُ الْمِیْزَانَ وَالتَّسْبِیْحُ وَالتَّكْبِیْرُ یَمْلَأُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ ، وَالصَّلَاةُ نُوْرٌ وَالزَّكَاةُ بُرْهَانٌ ، وَالصَّبْرُ ضِیَاءٌ ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَّكَ اَوْ عَلَیْكَ ، )) رَوَاهُ النَّسَائِیُّ ❷**

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے ''وضو اچھی طرح کرنا

---

❶ صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ، باب وجوب الزکاۃ

❷ صحیح سنن نسائی للالبانی الجزء الثانی رقم الحدیث 2286

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نصف ایمان ہے، اور الحمدللہ (کہنا) میزان کو (نیکیوں سے) بھر دیتا ہے، سبحان اللہ اور اللہ اکبر (کہنا) آسمان وزمین کو (نیکیوں سے) بھر دیتے ہیں۔ نماز (قیامت کے دن) روشنی ہوگی اور زکاۃ (صاحب ایمان ہونے کی) دلیل ہے، صبر کرنا (پریشانیوں اور مصائب میں راہ دکھانے کے لئے) روشنی ہے اور قرآن (قیامت کے روز گواہی دے کر) تیرے حق میں حجت بنے گا یا تیرے خلاف حجت بنے گا۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

عَنْ خَالِدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ اَخْبِرْنِيْ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ (وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلاَ يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ) قَالَ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَنْ كَنَزَهَا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهَا فَوَيْلٌ لَهُ اِنَّمَا كَانَ هٰذَا قَبْلَ اَنْ تُنْزَلَ الزَّكَاةُ فَلَمَّا اُنْزِلَتْ جَعَلَهَا اللّٰهُ طُهْرًا لِلْاَمْوَالِ .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت خالد بن اسلم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ نکلے تو ایک دیہاتی نے کہا ''مجھے اللہ تعالیٰ کے اس قول (وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ) کے مطلب سے آگاہ فرمائیے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا ''جس آدمی نے سونا چاندی جمع کیا اور اس کی زکاۃ نہ دی تو اس کے لئے خرابی ہے اور یہ آیت زکاۃ کا حکم اترنے سے پہلے کی ہے۔ جب زکاۃ فرض ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے مال زکاۃ کے ذریعے پاک کر دیا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 10 زکاۃ ادا کرنے سے مال میں اضافہ ہوتا ہے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 128 کے تحت ملاحظہ فرمائیں

☆☆☆

[1] صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب ما ادی زکاتہ فلیس بکنز

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# أَهَمِيَّـــــةُ الزَّكَاةِ

## زکاۃ کی اہمیت

**مَسئلہ 11** جس سونے اور چاندی کی زکاۃ ادا نہ کی جائے، قیامت کے دن اس سونے اور چاندی کی تختیاں بنا کر آگ میں گرم کی جائیں گی اور ان سے اس کے مالک کی پیشانی پیٹھ اور پہلو داغے جائیں گے۔

**مَسئلہ 12** جن جانوروں کی زکاۃ ادا نہ کی جائے قیامت کے دن وہ جانور اپنے مالک کو پچاس ہزار سال تک اپنے پاؤں تلے روندتے رہیں گے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَلاَ فِضَّةٍ لاَّ يُؤَدِّیْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلاَّ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ صُفِّحَتْ لَهُ صَفَائِحَ مِنْ نَارٍ فَاُحْمِیَ عَلَيْهَا فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ فَيُكْوٰی بِهَا جَنْبُهُ وَجَبِيْنُهُ وَظَهْرُهُ كُلَّمَا رُدَّتْ اُعِيْدَتْ لَهُ فِیْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰی يُقْضٰی بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرٰی سَبِيْلَهُ اِمَّا اِلَی الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَی النَّارِ)) قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَالْاِبِلُ ؟ قَالَ ((وَلاَ صَاحِبُ اِبِلٍ لاَّ يُؤَدِّیْ مِنْهَا حَقَّهَا وَمِنْ حَقِّهَا حَلَبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا اِلاَّ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ اَوْفَرَ مَا كَانَتْ لاَ يَفْقِدُ مِنْهَا فَصِيْلاً وَاحِدًا تَطَؤُهُ بِاَخْفَافِهَا وَتَعَضُّهُ بِاَفْوَاهِهَا كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ اُوْلاَهَا رُدَّ عَلَيْهِ اُخْرَاهَا فِیْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰی يُقْضٰی بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرٰی سَبِيْلَهُ اِمَّا اِلَی الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَی النَّارِ)) قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَالْبَقَرُ وَالْغَنَمُ ؟ قَالَ ((وَلاَ صَاحِبُ بَقَرٍ وَلاَ غَنَمٍ لاَّ يُؤَدِّیْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلاَّ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ لاَّ يَفْقِدُ مِنْهَا شَيْئًا لَيْسَ فِيْهَا عَقْصَاءُ وَلاَ جَلْحَاءُ وَلاَ عَضْبَاءُ تَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا وَتَطَؤُهُ بِاَظْلاَفِهَا كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ اُوْلاَهَا رُدَّ عَلَيْهِ اُخْرَاهَا فِیْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰی يُقْضٰی بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرٰی سَبِيْلَهُ اِمَّا اِلَی الْجَنَّةِ وَاِمَّا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اِلَى النَّارِ)) .رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جو شخص سونے اور چاندی کا مالک ہو لیکن اس کا حق (یعنی زکاۃ) ادانہ کرے تو قیامت کے دن اس (سونے اور چاندی) کی تختیاں بنائی جائیں گی۔ پھران کو جہنم کی آگ میں گرم کیا جائے گا۔ پھران سے اس (منکر زکاۃ) کے پہلو، پیشانی اور پیٹھ پر داغ لگائے جائیں گے۔ جب بھی (یہ تختیاں گرم کرنے کے لئے) آگ میں واپس لے جائی جائیں گی تو دوبارہ (عذاب دینے کے لئے) لوٹائی جائیں گی (اس سے یہ سلوک) سارا دن ہوتا رہے گا جس کا عرصہ پچاس ہزار سال (کے برابر) ہے۔ یہاں تک کہ انسانوں کے فیصلے ہو جائیں۔ پھر وہ اپنا راستہ جنت کی طرف دیکھے یا دوزخ کی طرف۔'' عرض کیا گیا ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر اونٹوں کا کیا معاملہ ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جو شخص اونٹوں کا مالک ہو اور وہ ان کا حق (زکاۃ) ادانہ کرے اور اس کے حق سے یہ بھی ہے کہ پانی پلانے کے دن کا دودھ دوھے (اور عرب کے رواج کے مطابق یہ دودھ مساکین کو پلا دے) وہ قیامت کے دن ایک ہموار میدان میں اوندھے منہ لٹایا جائے گا اور وہ اونٹ بہت فربہ اور موٹے ہو کر آئیں گے ان میں سے ایک بچہ بھی کم نہ ہوگا (یعنی سب کے سب) اس (منکر زکاۃ) کو اپنے کھروں، پاؤں سے روندیں گے۔ اور اپنے منہ سے کاٹیں گے۔ جب پہلا اونٹ (یہ سلوک کر کے) جائے گا تو دوسرا آ جائے گا (اس سے یہ سلوک) سارا دن ہوتا رہے گا جس کا عرصہ پچاس ہزار سال (کے برابر) ہے۔ حتی کہ لوگوں کا فیصلہ ہو جائے گا پھر وہ اپنا راستہ جنت کی طرف دیکھے گا یا جہنم کی طرف۔'' عرض کیا گیا ''اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! گائے اور بکری کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟'' فرمایا ''کوئی گائے اور بکری والا ایسا نہیں جو ان کا حق (زکاۃ) ادانہ کرے مگر جب قیامت کا دن ہوگا تو وہ اوندھا لٹایا جائے گا۔ ایک ہموار زمین پر، اور ان گائے اور بکریوں میں سے کوئی کم نہ ہوگی (سب کی سب آئیں گی) اور ان میں سے کوئی سینگ مڑی ہوئی نہ ہوگی نہ بغیر سینگوں کے اور نہ ٹوٹے ہوئے سینگوں والی۔ وہ اس کو اپنے سینگوں سے ماریں گی۔ اور اپنے کھروں سے روندیں گی۔ جب پہلی گزر جائے گی تو پچھلی آ جائے گی (یعنی لگاتار آتی رہیں گی) دن بھر ایسا ہوتا رہے گا جس کی مدت پچاس ہزار سال کے برابر ہے۔ یہاں تک کہ بندوں کے درمیان فیصلہ ہو جائے گا۔ پھر وہ اپنا راستہ جنت کی طرف دیکھے یا دوزخ کی طرف۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

❶ صحیح مسلم کتاب الزکاۃ باب اثم مانع الزکاۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ ﷺ قَالَ كُنْتُ فِيْ نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَمَرَّ اَبُوْ ذَرٍّ ﷺ وَهُوَ يَقُوْلُ بَشِّرِ الْكَانِزِيْنَ بِكَيٍّ فِيْ ظُهُوْرِهِمْ يَخْرُجُ مِنْ جُنُوْبِهِمْ وَبِكَيٍّ مِنْ قِبَلِ اَقْفَائِهِمْ يَخْرُجُ مِنْ جِبَاهِهِمْ قَالَ ثُمَّ تَنَحَّى فَقَعَدَ قَالَ قُلْتُ مَنْ هَذَا قَالُوْا هٰذَا اَبُوْ ذَرٍّ قَالَ فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ مَا شَيْءٌ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ قُبَيْلُ قَالَ مَا قُلْتُ اِلَّا شَيْئًا قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّهِمْ ﷺ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

احنف بن قیس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں قریش کے چند لوگوں میں بیٹھا ہوا تھا کہ ابوذر رضی اللہ عنہ آئے، اور کہنے لگے ''خزانہ جمع کرنے والوں کو بشارت دو ایسے داغ کی جوان کی پیٹھ پر لگائے جائیں گے اور ان کے پہلوؤں سے آر پار ہو جائیں گے۔ان کی گدیوں (گردن) میں لگائے جائیں گے تو ان کی پیشانیوں سے پار ہو جائیں گے پھر ابوذر رضی اللہ عنہ ایک طرف ہو کر بیٹھ گئے۔تو میں نے (لوگوں سے) پوچھا ''یہ کون ہیں؟'' لوگوں نے بتایا ''یہ ابوذر رضی اللہ عنہ ہیں۔'' چنانچہ میں ان کی طرف گیا اور عرض کیا ''یہ کیا تھا جو میں نے ابھی ابھی آپ سے سنا جو آپ نے فرمایا'' حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا ''میں نے وہی کہا ہے جو میں نے ان (مسلمانوں) کے نبی ﷺ سے سنا ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 13 زکاۃ نہ دینے والوں کا روپیہ پیسہ قیامت کے دن گنجا سانپ بن کر ان کو ڈسے اور کاٹے گا۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهُ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَاخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِيْ بِشِدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا مَالُكَ اَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلاَ ﴿ لاَ يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ﴾ )) اَلْآيَةِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اس نے اس کی زکاۃ ادا نہ کی، تو قیامت کے دن اس کا مال ایسے گنجے سانپ کی شکل بن کر، جس کی آنکھوں پر دو نقطے (داغ) ہوں گے اس کے گلے کا طوق بن جائے گا۔پھر اس کی دونوں باچھیں پکڑ کر کہے گا ''میں تیرا

❶ صحیح مسلم ، کتاب الزکاۃ باب فی الکانزین للاموال والتغلیظ علیھم

❷ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب اثم مانع الزکاۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی ''جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مال دیا ہے اور وہ بخیلی کرتے ہیں تو اپنے لئے یہ بخل بہتر نہ سمجھیں بلکہ ان کے حق میں برا ہے، عنقریب قیامت کے دن یہ بخیلی ان کے گلے کا طوق بننے والی ہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 14** جس مال سے اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہ کیا جائے وہ مال تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ (( اِنَّ ثَلاَثَةً فِیْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ اَبْرَصَ وَاَقْرَعَ وَاَعْمٰی بَدَا لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَنْ یَبْتَلِیَهُمْ فَبَعَثَ اِلَیْهِمْ مَلَكًا فَاَتَی الْاَبْرَصَ فَقَالَ اَیُّ شَیْءٍ اَحَبُّ اِلَیْکَ ؟ قَالَ لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ قَدْ قَذِرَنِی النَّاسُ قَالَ : فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ فَاُعْطِیَ لَوْنًا حَسَنًا وَجِلْدًا حَسَنًا فَقَالَ وَ اَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَیْکَ ؟ قَالَ : الْاِبِلُ فَاُعْطِیَ نَاقَةً عُشَرَاءَ ، فَقَالَ : یُبَارَکُ لَکَ فِیْهَا ، وَاَتَی الْاَقْرَعَ فَقَالَ اَیُّ شَیْءٍ اَحَبُّ اِلَیْکَ؟ قَالَ شَعَرٌ حَسَنٌ وَیَذْهَبُ عَنِّی هٰذَا قَدْ قَذِرَنِی النَّاسُ قَالَ :فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ وَاُعْطِیَ شَعَرًا حَسَنًا قَالَ فَاَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَیْکَ؟ قَالَ الْبَقَرُ قَالَ فَاَعْطَاهُ بَقَرَةً حَامِلَةً وَقَالَ یُبَارَکُ لَکَ فِیْهَا وَاَتَی الْاَعْمٰی ، فَقَالَ : اَیُّ شَیْءٍ اَحَبُّ اِلَیْکَ ؟ قَالَ یَرُدُّ اللّٰهُ اِلَیَّ بَصَرِیْ ، فَاُبْصِرُ بِهِ النَّاسَ قَالَ : فَمَسَحَهُ فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَیْهِ بَصَرَهُ ، قَالَ : فَاَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَیْکَ؟ قَالَ : الْغَنَمُ فَاَعْطَاهُ شَاةً وَالِدًا فَاُنْتِجَ هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَکَانَ لِهٰذَا وَادٍ مِنْ اِبِلٍ وَلِهٰذَا وَادٍ مِنْ بَقَرٍ وَلِهٰذَا وَادٍ مِنَ الْغَنَمِ ثُمَّ اِنَّهُ اَتَی الْاَبْرَصَ فِیْ صُوْرَتِهٖ وَهَیْئَتِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْکِیْنٌ تَقَطَّعَتْ بِیَ الْحِبَالُ فِیْ سَفَرِیْ فَلاَ بَلاَغَ الْیَوْمَ اِلاَّ بِاللّٰهِ ثُمَّ بِکَ اَسْاَلُکَ بِالَّذِیْ اَعْطَاکَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِیْرًا اَتَبَلَّغُ عَلَیْهِ فِیْ سَفَرِیْ ، فَقَالَ لَهُ اِنَّ الْحُقُوْقَ کَثِیْرَةٌ فَقَالَ لَهُ کَاَنِّیْ اَعْرِفُکَ اَلَمْ تَکُنْ اَبْرَصَ یَقْذَرُکَ النَّاسُ ؟ فَقِیْرًا فَاَعْطَاکَ اللّٰهُ ؟ فَقَالَ لَقَدْ وَرِثْتُ لِکَابِرٍ عَنْ کَابِرٍ فَقَالَ اِنْ کُنْتَ کَاذِبًا فَصَیَّرَکَ اللّٰهُ اِلٰی مَا کُنْتَ، وَاَتَی الْاَقْرَعَ فِیْ صُوْرَتِهٖ وَهَیْئَتِهٖ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ لِهٰذَا فَرَدَّ عَلَیْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلَیْهِ هٰذَا فَقَالَ : اِنْ کُنْتَ کَاذِبًا فَصَیَّرَکَ اللّٰهُ اِلَی مَا کُنْتَ وَاَتَی الْاَعْمٰی فِیْ صُوْرَتِهٖ، فَقَالَ : رَجُلٌ مِسْکِیْنٌ وَابْنُ سَبِیْلٍ وَتَقَطَّعَتْ بِیَ الْحِبَالُ فِیْ سَفَرِیْ فَلاَ بَلاَغَ الْیَوْمَ اِلاَّ بِاللّٰهِ ثُمَّ بِکَ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَسْأَلُکَ بِالَّذِیْ رَدَّ عَلَیْکَ بَصَرَکَ شَاۃً اَتَبَلَّغُ بِھَا فِیْ سَفَرِیْ فَقَالَ : قَدْ کُنْتُ اَعْمٰی فَرَدَّ اللّٰہُ بَصَرِیْ وَفَقِیْرًا فَقَالَ : اَغْنَانِیْ فَخُذْ مَا شِئْتَ فَوَاللّٰہِ لاَ اَجْھَدُکَ الْیَوْمَ بِشَیْءٍ اَخَذْتَہُ لِلّٰہِ فَقَالَ اَمْسِکْ مَالَکَ فَاِنَّمَا ابْتُلِیْتُمْ فَقَدْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْکَ وَسَخِطَ عَلٰی صَاحِبَیْکَ. رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے ''بنی اسرائیل میں تین آدمی تھے ایک کوڑھی دوسرا گنجا اور تیسرا اندھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو آزمانے کا ارادہ فرمایا ان کی طرف ایک فرشتہ بھیجا۔ وہ کوڑھی کے پاس آیا اور کہا ''تجھے کون سی چیز بہت پیاری ہے؟'' اس نے کہا ''اچھا رنگ اور اچھا بدن اور وہ چیز مجھ سے دور ہو جائے جس کی وجہ سے لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''فرشتے نے اس (کے جسم) پر ہاتھ پھیرا، پس اس سے اس کی گندگی دور ہو گئی، اور اچھا رنگ اور اچھا بدن دے دیا گیا۔'' پھر فرشتے نے کوڑھی سے پوچھا ''تجھے کون سا مال زیادہ پسند ہے؟'' اس نے کہا ''اونٹ'' یا کہا ''گائے'' راوی (اسحاق) کو شک ہے ہاں کوڑھی اور گنجے میں سے ایک نے اونٹ کہا اور دوسرے نے گائے کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اسے ایک حاملہ اونٹنی دے دی گئی اور کہا اللہ تجھے اس میں برکت دے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''پھر وہ فرشتہ گنجے کے پاس آیا اور کہا تجھے سب سے زیادہ کون سی چیز پسند ہے؟'' اس نے کہا ''خوب صورت بال، اور وہ چیز مجھ سے دور ہو جائے جس سے لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''فرشتے نے اس پر ہاتھ پھیرا اس کا گنجا پن جاتا رہا اور خوب صورت بال اسے دے دیئے گئے۔'' فرشتے نے پوچھا ''تجھے کون سا مال زیادہ پسند ہے؟'' اس نے کہا ''گائے'' پس ایک حاملہ گائے اسے دے دی گئی اور فرشتے نے کہا 'اللہ تجھے اس میں برکت دے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''پھر وہ فرشتہ اندھے کے پاس آیا اور کہا تجھے سب سے زیادہ پیاری چیز کون سی ہے؟'' اس نے کہا ''اللہ مجھے بینائی دے دے تاکہ میں لوگوں کو دیکھ سکوں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''فرشتے نے اس پر ہاتھ پھیرا، اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی واپس کر دی۔ فرشتے نے کہا ''تجھے سب سے زیادہ مال کون سا پسند ہے؟'' اس نے کہا ''بکریاں'' اسے ایک حاملہ بکری دے دی گئی۔ پس بچے لئے کوڑھی اور گنجے نے اونٹ اور گائے کے اور اندھے نے بکری کے۔ جس سے کوڑھی کے لئے ایک جنگل اونٹوں سے بھر گیا گنجے

❶ صحیح بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب ما ذکر عن بنی اسرائیل

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے لئے ایک جنگل گائے سے بھر گیا اور اندھے کے لئے ایک جنگل بکریوں سے بھر گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''پھر (کچھ عرصہ بعد) فرشتہ کوڑھی کے پاس اس کی پہلی صورت اور شکل میں آیا۔'' اور آ کر کہا 'غریب آدمی ہوں سفر میں میرا مال واسباب جاتا رہا، اب میرا آج کے دن (اپنی منزل پر) پہنچنا اللہ کی مہربانی اور تیرے سبب سے ہے۔ میں تجھ سے اسی ذات کے واسطہ سے مانگتا ہوں، جس نے تجھے اچھا رنگ جسم اور مال دیا ہے ایک اونٹ چاہتا ہوں، جس کے ذریعے اپنی منزل پر پہنچ سکوں۔'' اس نے کہا ''حقدار بہت ہیں (یعنی خرچ زیادہ ہے مال کم ہے) فرشتے نے کہا ''میں تجھے پہچانتا ہوں کیا تو کوڑھی نہ تھا کہ لوگ تجھ سے نفرت کرتے تھے اور تو غریب تھا اللہ تعالیٰ نے تجھے صحت اور مال دیا۔'' اس نے کہا ''مجھے تو یہ مال و دولت باپ دادا سے وراثت میں ملا ہے۔ فرشتے نے کہا ''تو جھوٹا ہے، اللہ تجھے ویسا ہی کر دے جیسا کہ تو تھا۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''پھر فرشتہ گنجے کے پاس آیا اور اسے وہی کہا، جو کوڑھی سے کہا تھا، گنجے نے وہی جواب دیا جو کوڑھی نے دیا تھا۔'' فرشتے نے کہا ''اگر تو جھوٹا ہے تو اللہ تجھے ویسا ہی کر دے جیسا تو تھا۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''پھر وہ فرشتہ اندھے کے پاس اس کی (سابقہ) صورت میں آیا اور کہا 'غریب مسافر ہوں۔ سفر میں میرا مال واسباب جاتا رہا۔ آج میں (اپنی منزل پر) نہیں پہنچ سکتا ہوں، مگر اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور تیرے سبب سے تجھ سے اسی ذات کے واسطہ سے مانگتا ہوں جس نے تجھے بینائی دی۔ ایک بکری (چاہتا ہوں) کہ اس کے باعث اپنی منزل پر پہنچ سکوں۔'' اندھے نے کہا ''بے شک میں اندھا تھا۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے بینائی دی، پس تو جو چاہے لے لے، اور جو چاہے چھوڑ دے۔ اللہ کی قسم! آج کے دن میں تیرا ہاتھ نہ پکڑوں گا۔ اس چیز سے جسے تو اللہ کے لئے لینا چاہے۔'' فرشتے نے کہا ''اپنا مال اپنے پاس رکھ۔ حقیقت یہ ہے کہ تم (تینوں) کو آزمایا گیا۔ پس تجھ سے اللہ راضی ہوا۔ اور تیرے دونوں ساتھیوں پر غصہ کیا گیا۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 15 زکاۃ نہ دینے والا دوزخی ہے۔**

وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَانِعُ الزَّكَاةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي النَّارِ)). رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ ❶ (حسن)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''زکاۃ نہ دینے والا قیامت

❶ صحیح الترغیب والترھیب للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 760

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے دن آگ میں ہوگا۔'' اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 16 زکاۃ ادا نہ کرنے والے لوگوں کو اللہ تعالیٰ قحط سالی میں مبتلا کر دیتے ہیں۔**

عَنْ بُرَيْدَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( مَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّكَاةَ اِلَّا ابْتَلَاهُمُ اللّٰهُ بِالسِّنِيْنَ )) رَوَاهُ الطِّبْرَانِيُّ ❶ (حسن)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''زکاۃ ادا نہ کرنے والے لوگوں کو اللہ تعالیٰ قحط سالی میں مبتلا کر دیتے ہیں۔'' اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 17 زکاۃ ادا نہ کرنے والے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے۔**

عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ آكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهِ وَشَاهِدَهُ وَكَاتِبَهُ وَالْوَاشِمَةِ وَالْمُسْتَوْشِمَةِ وَمَانِعَ الصَّدَقَةِ وَالْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ .رَوَاهُ الْاَصْبَهَانِيُّ ❷ (حسن)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے، کھلانے، گواہی دینے اور کتابت کرنے والے سب لوگوں پر لعنت فرمائی۔ نیز بال گوندھنے، گندوانے والی پر، زکاۃ ادا نہ کرنے والے پر، حلالہ نکالنے اور نکلوانے والے پر بھی لعنت فرمائی ہے۔'' اسے اصبہانی نے روایت کیا ہے۔

✧✧✧

❶ صحیح الترغیب والترھیب الجزء الاول رقم الحدیث 761

❷ صحیح الترغیب والترھیب الجزء الاول رقم الحدیث 756

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اَلــــــزَّکَاۃُ فِیْ ضَوْءِ الْقُرْآنِ

# زکاۃ،قرآن مجید کی روشنی میں

**مَسئلہ 18** پہلی امتوں پر بھی زکاۃ فرض تھی۔

﴿ وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ لاَ تَعْبُدُوْنَ اِلاَّ اللّٰهَ وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا وَّذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتَامٰی وَالْمَسَاکِیْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِیْمُوا الصَّلاَةَ وَآتُوا الزَّکَاۃَ ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ اِلاَّ قَلِیْلاً مِّنْکُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ○ ﴾(83:2)

''یاد کرو جب بنی اسرائیل سے ہم نے پختہ عہد لیا تھا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا،ماں باپ کے ساتھ رشتہ داروں کے ساتھ یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ نیک سلوک کرنا،لوگوں سے بھلی بات کہنا،نماز قائم کرنا اور زکاۃ دینا،مگر تھوڑے آدمیوں کے سوا تم سب اس عہد سے پھر گئے۔'' (سورہ بقرہ،آیت نمبر 83)

﴿ وَکَانَ یَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلاَةِ وَالزَّکَاۃِ وَکَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِیًّا ○ ﴾(55:19)

''اسماعیل اپنے گھر والوں کو نماز اور زکاۃ کی تاکید کیا کرتے تھے،اور وہ اپنے رب کے نزدیک بڑے پسندیدہ انسان تھے۔'' (سورہ مریم،آیت نمبر 55)

﴿ وَاَوْصَانِیْ بِالصَّلاَةِ وَالزَّکَاۃِ مَا دُمْتُ حَیًّا ○ ﴾(31:19)

''اللہ تعالیٰ نے مجھے (یعنی عیسیٰ علیہ السلام کو) حکم دیا کہ جب تک زندہ ہوں نماز قائم کروں اور زکاۃ ادا کرتا رہوں۔'' (سورہ مریم،آیت نمبر 31)

**مَسئلہ 19** ادائیگی زکاۃ ایمان کی نشانی اور حرمت جان کی ضمانت ہے۔

﴿ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلاَةَ وَآتَوُا الزَّکَاۃَ فَاِخْوَانُکُمْ فِی الدِّیْنِ وَنُفَصِّلُ الْآیَاتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ○ ﴾(11:9)

''پس اگر یہ (کافر) توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں،زکاۃ دیں تو یہ تمہارے دینی بھائی ہیں (لہٰذا ان

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے خلاف جنگ نہ کرو) اور جاننے والوں کے لئے ہم اپنے احکام واضح کئے دیتے ہیں۔'' (سورہ توبہ، آیت نمبر 11)

**مسئلہ 20** زکاۃ اللہ کی رحمت کا وسیلہ ہے۔

﴿ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ ﴾(56:24)

''نماز قائم کرو، زکاۃ دو اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرو امید ہے تم پر رحم کیا جائے گا۔'' (سورہ نور، آیت نمبر 56)

**مسئلہ 21** زکاۃ گناہوں کا کفارہ اور تزکیہ نفس کا ذریعہ ہے۔

﴿ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ ﴾(103:9)

''اے نبی ﷺ! تم ان کے اموال سے زکاۃ لے کر انہیں گناہوں سے پاک اور صاف کرو، نیز ان کے حق میں دعائے رحمت کرو، کیوں کہ تمہاری دعا ان کے لئے موجب تسکین ہوگی۔ اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔'' (سورہ توبہ آیت نمبر 103)

**مسئلہ 22** زکاۃ ادا کرنے والے سچے مومن ہیں۔

﴿ اَلَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ﴾

(4-3:8)

''جو لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ حقیقت میں وہی سچے مومن ہیں۔'' (سورہ انفال، آیت نمبر 3 تا 4)

**مسئلہ 23** زکاۃ ادا کرنے سے دولت میں برکت اور اضافہ ہوتا ہے۔

﴿ وَمَآ آتَيْتُمْ مِّنْ زَكَاةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ○ ﴾(39:30)

''اور جو زکاۃ تم لوگ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے دیتے ہو، اس سے دراصل دینے والے اپنے مال میں اضافہ کرتے ہیں۔'' (سورہ روم، آیت نمبر 39)

**مسئلہ 24** زکاۃ آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿ الٓمّٓ ○ تِلْكَ آيٰتُ الْكِتَابِ الْحَكِيْمِ ○ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ○ اَلَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلاَةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ ﴾(5-1:31)

''الم، یہ کتاب حکیم کی آیات ہیں ان نیک بندوں کے لئے ہدایت اور رحمت جو نماز قائم کرتے ہیں، زکاۃ دیتے ہیں، یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے راہ راست پر ہیں، اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔'' (سورہ لقمان، آیت نمبر 1 تا 5)

**مسئلہ 25** اقتدار حاصل ہونے کے بعد نظام زکاۃ کا نفاذ فرض ہے۔

﴿ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلاَةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ○ ﴾(41:22)

''یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اگر ہم زمین میں اقتدار بخشیں تو نماز قائم کریں گے، زکاۃ دیں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے منع کریں گے تمام معاملات کا انجام تو بس اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔'' (سورہ حج، آیت نمبر 41)

**مسئلہ 26** نماز اور زکاۃ ادا کرنے والے ایماندار لوگوں کو ہی مساجد آباد کرنے کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔

﴿ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَاَقَامَ الصَّلاَةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ○ ﴾(18:9)

''اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کے آباد کار تو وہی لوگ ہو سکتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور روز آخر کو مانیں، نماز قائم کریں، زکاۃ دیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈریں، انہی سے یہ توقع ہے کہ سیدھی راہ پر چلیں گے۔'' (سورہ توبہ، آیت نمبر 18)

**مسئلہ 27** زکاۃ ادا کرنے والے قیامت کے دن ہر قسم کے خوف اور غم سے محفوظ ہوں گے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ وَاَقَامُوا الصَّلاَةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ ﴾(277:2)

''جو لوگ ایمان لے آئیں اور نیک عمل کریں، نماز قائم کریں اور زکاۃ دیں ان کا اجر (بے شک) ان کے رب کے پاس ہے، اور ان کے لئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں۔'' (سورہ بقرہ، آیت نمبر 277)

**مسئلہ 28** زکاۃ ادا نہ کرنا کفر و شرک کی علامت ہے۔

**مسئلہ 29** زکاۃ ادا نہ کرنا ہلاکت اور بربادی کا باعث ہے۔

﴿ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ ○ لاَ يُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُوْنَ ○ ﴾ (7-6:41)

''تباہی ہے ان مشرکوں کے لئے جو زکاۃ نہیں دیتے اور آخرت کے منکر ہیں۔'' (سورہ حم سجدہ، آیت نمبر 6 تا 7)

**مسئلہ 30** جس مال سے زکاۃ ادا نہ کی جائے وہ مال قیامت کے دن اپنے مالک کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا۔

﴿ لاَ يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ﴾(180:3)

''جن لوگوں کو اللہ نے اپنے فضل سے مال و دولت دی ہے اور وہ بخیلی سے کام لیتے ہیں اس خیال میں نہ رہیں کہ یہ بخل ان کے حق میں بہتر ہے، بلکہ یہ ان کے لئے بہت برا ہے، اس بخل سے جو کچھ وہ جمع کر رہے ہیں اسے قیامت کے دن طوق بنا کر ان کے گلے میں ڈال دیا جائے گا۔'' (سورہ آل عمران، آیت نمبر 180)

**مسئلہ 31** زکاۃ ادا نہ کرنے والوں کی دولت کو جہنم کی آگ میں گرم کر کے اس سے ان کے جسموں کو داغا جائے گا۔

﴿ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلاَ يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ○ ﴾(35-34:9)

''دردناک سزا کی خوشخبری سنادوان لوگوں کو جوسونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں،اور انہیں اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔ایک دن آئے گا کہ اسی سونے چاندی پر جہنم کی آگ دہکائی جائے گی،اور پھر اسی سے ان لوگوں کی پیشانیوں، پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغا جائے گا اور کہا جائے گا یہ ہے وہ خزانہ جوتم نے اپنے لئے جمع کیا،لواب اپنی سمیٹی ہوئی دولت کا مزہ چکھو۔''(سورہ توبہ،آیت نمبر 35 تا34)

***

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# شُرُوْطِ الــــــزَّكَاةِ

# زکاۃ کی شرائط

**مَسئلہ 32** ہر آزاد مال دار (صاحب نصاب) مسلمان (مرد ہو یا عورت، بالغ ہو یا نابالغ، عاقل ہو یا غیر عاقل) پر زکاۃ فرض ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ مُعَاذًا ﷜ اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ : اُدْعُهُمْ اِلَى شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِيْ اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَآئِهِمْ .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❶

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا، تو فرمایا ”لوگوں کو پہلے اس بات کی دعوت دو کہ وہ گواہی دیں، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں، اگر وہ یہ تسلیم کرلیں تو پھر انہیں بتاؤ کہ ہر دن اور رات میں اللہ تعالیٰ نے ان پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں، اگر یہ بھی مان لیں تو پھر انہیں بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ان کے مالوں میں صدقہ (زکاۃ) فرض کیا ہے جو کہ ان کے اغنیاء سے لیا جائے گا اور ان کے فقراء کو دیا جائے گا۔“ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 33** جس مال پر ایک قمری سال گزر چکا ہو اس پر زکاۃ ادا کرنی فرض ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :مَنِ اسْتَفَادَ مَالاً فَلاَ زَكَاةَ عَلَيْهِ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ عِنْدَ رَبِّهٖ .رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❷ (صحيح)

❶ صحيح بخارى كتاب الزكاة، باب وجوب الزكاة و قول الله تعالى ﴿ واقيموا الصلاة ......﴾

❷ صحيح سنن الترمذى للالبانى الجزء الثانى رقم الحديث 515

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں ''جو مال حاصل ہونے کے بعد اپنے مالک کے پاس سال تک پڑا رہے، اس پر زکاۃ فرض ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 34 صرف حلال کمائی سے دی گئی زکاۃ قابل قبول ہے۔**

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 118 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

***

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# آدَابُ اَخْذِ الــــزَّکَاۃِ وَاِیْتَــائِهَا

# زکاۃ لینے اور دینے کے آداب

**مَسئلہ 35** زکاۃ کا مال لانے والے کے لئے خیر و برکت کی دعا کرنی چاہیے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی رضی اللہ عنہ قَالَ : کَانَ النَّبِیُّ ﷺ اِذَا اَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهِمْ قَالَ ((اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی آلِ فُلَانٍ )) فَاَتَاهُ اَبِیْ بِصَدَقَتِهِ فَقَالَ (( اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی آلِ اَبِیْ اَوْفٰی)) .مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ[1]

حضرت عبداللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے پاس جب لوگ اپنے صدقات لے کر آتے تو آپ ﷺ فرماتے ''اے اللہ! فلاں لوگوں پر اپنی رحمت نازل فرما'' جب میرا باپ اپنا صدقہ لے کر آیا تو فرمایا ''اے اللہ! آل ابی اوفی پر رحمت نازل فرما۔ اسے بخاری ومسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 36** زکاۃ دینے والا اپنی مرضی سے زیادہ زکاۃ ادا کرے تو اس کے لئے بہت زیادہ ثواب ہے۔

عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ بَعَثَنِی النَّبِیُّ ﷺ مُصَدِّقًا فَمَرَرْتُ بِرَجُلٍ فَلَمَّا جَمَعَ لِیْ مَا لَهُ لَمْ اَجِدْ عَلَيْهِ فِيْهِ اِلَّا ابْنَةَ مَخَاضٍ فَقُلْتُ لَهُ اَدِّ ابْنَةَ مَخَاضٍ فَاِنَّهَا صَدَقَتُکَ فَقَالَ ذَاکَ مَا لَا لَبَنَ فِيْهِ وَلَا ظَهْرَ وَلٰکِنْ هٰذِهٖ نَاقَةٌ فَتِيَّةٌ عَظِيْمَةٌ سَمِيْنَةٌ فَخُذْهَا فَقُلْتُ لَهُ مَا اَنَا بِآخِذٍ مَا لَمْ اُوْمَرْ بِهٖ وَهٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنْکَ قَرِيْبٌ فَاِنْ اَحْبَبْتَ اَنْ تَاْتِيَهُ فَتَعْرِضَ عَلَيْهِ مَا عَرَضْتَ عَلَیَّ فَافْعَلْ فَاِنْ قَبِلَهُ مِنْکَ قَبِلْتُهُ وَاِنْ رَدَّهُ عَلَيْکَ رَدَدْتُهُ قَالَ فَاِنِّیْ فَاعِلٌ فَخَرَجَ مَعِیَ وَخَرَجَ بِالنَّاقَةِ الَّتِیْ عَرَضَ عَلَیَّ حَتّٰی قَدِمْنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ لَهُ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ ﷺ اَتَانِیْ رَسُوْلُکَ لِيَاْخُذَ مِنِّیْ صَدَقَةَ مَالِیْ وَاَيْمُ اللّٰهِ مَا قَامَ فِیْ مَالِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَلَا رَسُوْلُهُ قَطُّ

[1] صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب صلاۃ الامام ودعائه لصاحب الصدقة

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قَبْلَهُ فَجَمَعْتُ لَهُ مَالِيْ فَزَعَمَ اَنَّ مَا عَلَيَّ فِيْهِ ابْنَةُ مَخَاضٍ وَذٰلِكَ مَا لاَ لَبَنَ فِيْهِ وَلاَ ظَهْرَ وَقَدْ عَرَضْتُ عَلَيْهِ نَاقَةً فَتِيَّةً عَظِيْمَةً لِيَاخُذَهَا فَاَبٰى عَلَيَّ وَهَا هِيَ ذِهْ قَدْ جِئْتُكَ بِهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ خُذْهَا )) فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( ذَاكَ الَّذِيْ عَلَيْكَ فَاِنْ تَطَوَّعْتَ بِخَيْرٍ آجَرَكَ اللّٰهُ فِيْهِ وَقَبِلْنَاهُ مِنْكَ )) قَالَ : فَهَا هِيَ ذِهْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَدْ جِئْتُكَ بِهَا فَخُذْهَا، قَالَ: فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِقَبْضِهَا وَدَعَا لَهُ فِيْ مَالِهِ بِالْبَرَكَةِ . رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ[1] (حسن)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے نبی اکرم ﷺ نے صدقہ وصول کرنے کے لئے بھیجا۔ میں ایک آدمی کے پاس پہنچا اس نے میرے سامنے اپنا مال پیش کر دیا۔ اس کا مال بس اتنا ہی تھا کہ اس شخص کو ایک سال کی اونٹنی ادا کرنا تھی۔ میں نے اسے کہا ''ایک سال کی بچی دے دو۔'' اس نے کہا ''وہ نہ دودھ دینے والی ہے اور نہ سواری کے قابل لہٰذا یہ میری اونٹنی ہے، جوان اور موٹی تازی، یہ لے لیجئے۔'' میں نے کہا ''میں تو نبی اکرم ﷺ کے حکم کے بغیر اسے نہیں لے سکتا، ہاں البتہ نبی اکرم ﷺ تمہارے قریب ہی (مدینہ منورہ میں) تشریف فرما ہیں اگر آپ پسند کریں، تو ان کی خدمت میں اپنی اونٹنی پیش کر دو جو میرے سامنے پیش کی ہے اگر آپ ﷺ نے تجھ سے قبول فرمالی تو میں بھی اسے قبول کرلوں گا لیکن اگر آپ ﷺ نے قبول نہ فرمائی تو میں بھی قبول نہیں کروں گا لہٰذا وہ تیار ہو گیا اور میرے ساتھ روانہ ہوا اونٹنی بھی اپنے ہمراہ لے لی۔ ہم جب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اس نے کہا ''اے اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ! آپ ﷺ کا تحصیلدار میرے پاس صدقہ وصول کرنے آیا اور اللہ کی قسم یہ پہلا موقعہ ہے کہ آپ ﷺ کا قاصد میرے پاس صدقہ کے لئے آیا ہے۔ میں نے اپنا مال ان صاحب کے سامنے پیش کیا تو انہوں نے کہا کہ ایک سال کی بچی دے دو حالانکہ وہ دودھ دے سکتی ہے، نہ ہی سواری کے قابل ہے (میں نے کہا) یہ اونٹنی جوان موٹی تازی ہے لے لیجئے، لیکن انہوں نے انکار کر دیا۔ اب میں اسے (یعنی اونٹنی کو) لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوں کہ اسے لے لیجئے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''تم پر واجب تو اتنا ہی تھا، لیکن اگر خوشی سے نیکی کرو گے تو اللہ تمہیں اس کا اجر دے گا، اور ہم اس کو قبول کرلیں گے۔ اس نے کہا ''یہ اونٹنی موجود ہے اسے لے لیجئے۔'' چنانچہ آپ ﷺ نے اسے لینے کا حکم فرمایا اور اس کے مال میں برکت کی دعا فرمائی۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

[1] صحیح سنن ابی داؤد للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 140

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**مَسئلہ 37** تحصیل دار کو لوگوں کے گھر جا کر زکاۃ وصول کرنی چاہئے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ : لاَ جَلَبَ وَلاَ جَنَبَ وَلاَ تُؤْخَذُ صَدَقَاتُهُمْ اِلاَّ فِیْ دُوْرِهِمْ .رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ ❶ (صحیح)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''زکاۃ لینے کے لئے (تحصیل دار) مویشی (اپنے ٹھکانے پر) نہ منگوائے اور نہ ہی مالک اپنے مویشی کہیں دور لے جائے بلکہ مویشیوں کی زکاۃ ان کے ٹھکانوں پر وصول کی جائے۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 38** زکاۃ میں اوسط درجے کا مال لینا چاہیے نہ بہت اچھا نہ بہت خراب۔

عَنْ اَنَسٍ ﷺ اَنَّ اَبَابَکْرٍ ﷺ کَتَبَ لَهُ فَرِیْضَةَ الصَّدَقَةِ الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ ﷺ وَلاَ یُخْرَجُ فِی الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلاَ ذَاتُ عَوَارٍ وَلاَ تَیْسٌ مَا شَآءَ الْمُصَدِّقُ .رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❷

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انہیں وہ حکم لکھ کر دیا جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر ﷺ کو دیا تھا ''زکاۃ میں بوڑھا اور عیب دار اور نر نہ لیا جائے، ہاں! اگر زکاۃ لینے والا خود چاہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ لَمَّا بَعَثَ مُعَاذًا ﷺ عَلَی الْیُمَنِ قَالَ فِیْ آخِرِ الْحَدِیْثِ.........وَتَوَقَّ کَرَائِمَ اَمْوَالِ النَّاسِ .رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❸

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن پر حاکم بنا کر بھیجا تو فرمایا ''(زکاۃ میں) لوگوں کے عمدہ مال لینے سے اجتناب کرنا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 39** زکاۃ سے بچنے کے لئے حیلہ سازی کرنا منع ہے۔

**مَسئلہ 40** زکاۃ دیتے وقت اگر مال علیحدہ علیحدہ ہوں تو انہیں جمع نہ کیا جائے اگر مال مشترک ہوں تو انہیں الگ الگ نہ کیا جائے۔

❶ صحیح سنن ابی داؤد للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 1406

❷ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب لا توخذ فی الصدقة هرمة ولا ذات عوار

❸ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب لا توخذ کرائم اموال الناس فی الصدقة

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَنْ اَنَسٍ ﷺ اَنَّ اَبَابَكْرٍ ﷺ كَتَبَ لَهُ فَرِيْضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِىْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَلاَ يَجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلاَ يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کے لئے فرض زکاۃ کا حکم لکھ کر دیا، جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کی تھی، اس میں یہ بھی تھا ''زکاۃ کے ڈر سے جدا جدا مال کو یک جا اور یک جا مال کو زکاۃ کے ڈر سے علیحدہ علیحدہ نہ کیا جائے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** ① مال اکٹھا کرنے کی مثال یہ ہے کہ اگر تین آدمیوں کے پاس الگ الگ چالیس چالیس بکریاں ہوں تو سب کو ایک ایک بکری زکاۃ ادا کرنی ہوگی ، لیکن اگر تینوں آدمی اپنی بکریاں اکٹھی کردیں تو صرف ایک بکری ادا کرنی پڑے گی ، مال الگ الگ کرنے کی مثال یہ ہے کہ اگر دو آدمیوں کے مشترکہ مال میں دوسو چالیس بکریاں ہوں توان پر تین بکریاں زکاۃ ہوگی ، لیکن اگر وہ اپنی اپنی ایک سوبیس بکریاں الگ کرلیں تو دونوں کو ایک ایک بکری دینی پڑے گی۔ ایسی سب صورتیں منع ہیں۔

② زکاۃ وصول کرنے والے کے لئے بھی ایسا ہی حکم ہے مثلاً اگر دو آدمیوں کے مشترکہ مال میں اسی بکریاں ہیں تو ان پر ایک بکری زکاۃ ہوگی۔ زکاۃ لینے والا اسی (80) بکریوں کو چالیس چالیس کے دو حصے شمار کرکے دو بکریاں نہیں لے سکتا۔

## مَسئله 41 مشترک کاروبار میں حصہ داران کو اپنے اپنے حصے کی نسبت سے زکاۃ ادا کرنی چاہئے۔

عَنْ اَنَسٍ ﷺ اَنَّ اَبَابَكْرٍ ﷺ كَتَبَ لَهُ فَرِيْضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِىْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَاِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کے لئے زکاۃ کا حکم لکھ کر دیا، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کی تھی۔ اس میں یہ تھا ''جو مال دو شریکوں کا ہو وہ ایک دوسرے سے برابر حساب کرلیں۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** ① مثلاً ایک کاروبار میں دو آدمی برابر کے سرمایہ سے شریک ہیں تو سال کے آخر میں اس رقم کی زکاۃ ادا کرنے کے لئے دونوں شریک زکاۃ کی نصف نصف رقم ادا کریں گے۔

② کمپنیوں وغیرہ کی زکاۃ کی اصل ذمہ داری کمپنیوں پر ہے لیکن اگر کسی وجہ سے وہ ادا نہ کریں تو حصہ داران کو اپنے اپنے حصے کی نسبت سے زکاۃ ادا کرنی چاہئے۔

## مَسئله 42 حسب ضرورت سال مکمل ہونے سے پہلے زکاۃ ادا کی جاسکتی ہے۔

❶ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب لا یجمع بین متفرق ولا یفرق بین مجتمع

❷ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب ما کان من خلیطین..........

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ اَنَّ الْعَبَّاسَ رضی اللہ عنہ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فِيْ تَعْجِيْلِ صَدَقَتِهٖ اَنْ تَحِلَّ فَرَخَّصَ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ .رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❶ (حسن)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ”حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے سال گزرنے سے قبل زکاۃ ادا کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ ﷺ نے ان کو رخصت دے دی۔“ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 43** زکاۃ جس جگہ وصول کی جائے وہیں تقسیم کرنا افضل ہے، لیکن ضرورت سے دوسری جگہ بھجوانی جائز ہے۔

عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ الْحُصَيْنِ رضی اللہ عنہ اسْتُعْمِلَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا رَجَعَ قِيْلَ لَهٗ اَيْنَ الْمَالُ ؟ قَالَ وَلِلْمَالِ اَرْسَلْتَنِيْ ؟ اَخَذْنَاهُ مِنْ حَيْثُ كُنَّا نَاْخُذُهٗ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَوَضَعْنَاهُ حَيْثُ كُنَّا نَضَعُهٗ .رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحیح)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ”انہیں زکاۃ کا تحصیلدار مقرر کیا گیا، جب وہ واپس تشریف لائے تو ان سے پوچھا گیا ”مال کہاں ہے؟“ انہوں نے فرمایا ”کیا آپ نے مجھے مال لانے کے لئے بھیجا تھا؟ ہم وہیں سے مال لیتے ہیں جہاں سے عہد رسالت ﷺ میں لیا کرتے تھے اور وہیں بانٹ دیتے ہیں جہاں عہد رسالت ﷺ میں بانٹ دیا کرتے تھے۔“ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** زکاۃ وصول کر کے تقسیم کرنے کا علاقہ تحصیلدار کا احاطہ اقتدار (یعنی تحصیل) ہے۔

عَنِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ مُعَاذًا رضی اللہ عنہ اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ ...... فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِيْ اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا (تو ارشاد فرمایا) ”لوگوں کو بتانا کہ ان پر اللہ تعالیٰ نے زکاۃ فرض کی ہے جو ان کے مال داروں سے لے کر ان

❶ صحیح سنن الترمذی ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 545
❷ صحیح سنن ابن ماجه ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1431
❸ صحیح بخاری، کتاب الزکاۃ ، باب وجوب الزکاۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے فقراء کو دی جائے گی۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 44 زکاۃ کے مال میں خیانت یا خرد برد کرنے والا شخص قیامت کے دن اس مال کو اپنی گردن پر اٹھائے ہوئے آئے گا۔

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ صَامِتٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بَعَثَهُ عَلَى الصَّدَقَةِ فَقَالَ (( يَا اَبَا الْوَلِيْدِ اِتَّقِ اللّٰهَ لاَ تَاْتِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِبَعِيْرٍ تَحْمِلُهُ لَهُ رُغَاءٌ اَوْ بَقَرَةٌ لَهَا خُوَارٌ اَوْ شَاةٌ لَهَا ثُغَاءٌ )) قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ ذٰلِكَ لَكَذٰلِكَ ؟ قَالَ (( اَيْ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ )) قَالَ : فَوَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لاَ اَعْمَلُ لَكَ عَلَى شَيْءٍ اَبَدًا .رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ [1] (صحیح)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے انہیں زکاۃ وصول کرنے کے لئے مقرر کیا اور فرمایا ''اے ابو ولید! (مال زکاۃ کے بارے میں) اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا قیامت کے روز اس حال میں نہ آنا کہ تم (اپنے کندھوں پر) اونٹ اٹھائے ہوئے آؤ جو بلبلا رہا ہو یا (اپنے کندھوں پر چوری کی ہوئی) گائے اٹھائی ہوئی ہو جو ڈکار رہی ہو یا بکری اٹھا رکھی ہو جو ممیا رہی ہو (اور مجھے سفارش کے لئے کہو)۔'' حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! کیا مال زکاۃ میں خرد برد کا یہ انجام ہوگا؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''ہاں قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے (یہی انجام ہوگا) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''اس ذات کی قسم! جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا میں آپ ﷺ کے لئے کبھی بھی عامل کا کام نہیں کروں گا۔'' اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَهُ (( قُمْ عَلَى صَدَقَةِ بَنِيْ فُلاَنٍ وَانْظُرْ لاَ تَاْتِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِبَكْرٍ تَحْمِلُهُ عَلَى عَاتِقِكَ اَوْ كَاهِلِكَ لَهُ رُغَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ )) قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِصْرِفْهَا عَنِّيْ فَصَرَفَهَا عَنْهُ .رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ [2] (صحیح)

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے انہیں فرمایا ''جاؤ فلاں قبیلے کی زکاۃ اکٹھی کر کے لاؤ اور ہاں دیکھو! کہیں قیامت کے روز ایسی حالت میں نہ آنا کہ تمہاری گردن یا پیٹھ پر جوان اونٹ ہو جو بلبلا رہا ہو۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! مجھے اس ذمہ داری سے سبکدوش

[1] صحیح الترغیب والترهیب للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 778
[2] صحیح الترغیب والترهیب للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 778

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کردیجئے۔آپ ﷺ نے انہیں سبکدوش کردیا۔اسے طبرانی اور بزار نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 45 زکاۃ وصول کرنے والے کو کسی زکاۃ دینے والے سے تحفہ نہیں لینا چاہئے۔

عَنْ اَبِیْ حُمَیْدِ السَّاعِدِیِّ قَالَ اسْتَعْمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ رَجُلاً مِنَ الْاَسَدِ یُقَالُ لَهُ ابْنُ اللُّتْبِیَّةِ قَالَ عَمْرٌو وَابْنُ اَبِیْ عُمَرَ عَلَی الصَّدَقَةِ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا لِیْ اُهْدِیَ لِیْ قَالَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلَی الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ وَقَالَ (( مَا بَالُ عَامِلٍ اَبْعَثُهُ فَیَقُوْلُ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا اُهْدِیَ لِیْ اَفَلاَ قَعَدَ فِیْ بَیْتِ اَبِیْهِ اَوْ فِیْ بَیْتِ اُمِّهٖ حَتّٰی یَنْظُرَ اَیُهْدٰی اِلَیْهِ اَمْ لاَ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ ﷺ بِیَدِهٖ لاَ یَنَالُ اَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْهَا شَیْئًا اِلاَّ جَاءَ بِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یَحْمِلُهٗ عَلٰی عُنُقِهٖ بَعِیْرٌ لَهٗ رُغَاءٌ اَوْ بَقَرَةٌ لَهَا خُوَارٌ اَوْ شَاةٌ تَیْعِرُ )) ثُمَّ رَفَعَ یَدَیْهِ حَتّٰی رَاَیْنَا عُفْرَتَیْ اِبْطَیْهِ ثُمَّ قَالَ (( اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ )) مَرَّتَیْنِ . رَوَاهُ مُسْلِمٌ [1]

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے بنو اسد (قبیلہ) کے ایک شخص ابن لتبیہ نامی کو (عامل مقرر فرمایا، حضرت عمرو رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن ابوعمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اسے زکاۃ وصول کرنے کے لئے (تحصیلدار) مقرر فرمایا تھا) جب وہ شخص واپس آیا تو کہنے لگا "یہ آپ ﷺ کا (یعنی بیت المال کا) حصہ ہے اور یہ میرا حصہ ہے، جو مجھے بطور تحفہ دیا گیا (یہ سن کر) رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف لائے، اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی اور پھر فرمایا "اس تحصیلدار کا معاملہ کیسا ہے جسے میں نے زکاۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا اور (واپس آکر) کہتا ہے یہ تو آپ ﷺ کا مال ہے اور یہ مجھے بطور تحفہ دیا گیا ہے وہ اپنے باپ یا ماں کے گھر کیوں نہ بیٹھا رہا پھر دیکھتا کہ اسے تحفہ ملتا ہے یا نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے کہ تم میں سے جو شخص اس طرح سے کوئی مال لے گا (یعنی تحفہ وغیرہ کے نام پر) تو وہ قیامت کے دن اپنی گردن پر اٹھا کر لائے گا اونٹ ہوگا تو وہ بلبلاتا ہوگا۔گائے ہوگی تو وہ ڈکارتی ہوگی۔بکری ہوگی تو وہ ممیاتی ہوگی۔پھر آپ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ اوپر اٹھائے حتی کہ ہمیں آپ ﷺ کی بغلوں کی سفیدی نظر آ گئی آپ ﷺ نے دومرتبہ فرمایا "یا اللہ! میں نے (تیرا حکم) پہنچادیا۔" اسے مسلم نے روایت کیا ہے

[1] صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب تحریم هدایا العمال

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اَلْـاَشْيَاءُ الَّتِيْ تَجِبُ عَلَيْهَا الزَّكَاةُ

# وہ اشیاء جن پر زکاۃ واجب ہے

## (۱) اَلذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ .......... سونا اور چاندی

**مسئلہ 46** سونے پر زکاۃ ہے۔

**مسئلہ 47** سونے کا نصاب ساڑھے سات تولے یا 87 گرام ہے، اس سے کم پر زکاۃ نہیں۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَاخُذُ مِنْ كُلِّ عِشْرِيْنَ دِيْنَارًا فَصَاعِدًا نِصْفَ دِيْنَارٍ وَمِنَ الْاَرْبَعِيْنَ دِيْنَارًا دِيْنَارًا . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ[1] (صحیح)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا دونوں سے روایت ہے نبی ﷺ ہر بیس دینار یا اس سے زیادہ پر نصف دینار (یعنی چالیسواں حصہ) زکاۃ لیتے تھے۔ اور ہر چالیس دینار سے ایک دینار (یعنی چالیسواں حصہ)۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** ① دینار سونے کا تھا۔ اور بیس دینار کا وزن ساڑھے سات تولہ تھا۔

② زکاۃ سونا یا سونے کی قیمت دونوں صورتوں میں ادا کرنا جائز ہے۔

③ سونے کی قیمت کا اندازہ موجودہ بھاؤ کے مطابق لگا کر زکاۃ ادا کرنی چاہیے۔

**مسئلہ 48** چاندی پر زکاۃ ہے۔

**مسئلہ 49** چاندی کا نصاب ساڑھے باون تولے یا 612 گرام ہے۔ اس سے کم پر زکاۃ نہیں۔

**مسئلہ 50** زکاۃ کی شرح بلحاظ وزن یا بلحاظ قیمت اڑھائی فیصد ہے۔

[1] صحیح سنن ابن ماجۃ الجزء الاول رقم الحدیث 1448

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((لَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ مِنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ وَلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ مِنَ الْوَرَقِ صَدَقَةٌ وَلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''پانچ وسق سے کم کھجوروں میں زکاۃ نہیں ہے اور پانچ اوقیہ سے کم چاندی میں زکاۃ نہیں ہے اور پانچ اونٹ سے کم میں زکاۃ نہیں ہے۔''
اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** پانچ اوقیہ کا وزن موجودہ حساب سے ساڑھے باون 52½ تولہ ہے۔

عَنْ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنِّیْ قَدْ عَفَوْتُ لَکُمْ عَنْ صَدَقَةِ الْخَیْلِ وَالرَّقِیْقِ وَلٰکِنْ هَاتُوْا رُبُعَ الْعُشْرِ مِنْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمًا)) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❷ (حسن)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''میں نے گھوڑوں اور غلاموں کی زکاۃ سے تمہیں معاف رکھا ہے، لیکن (چاندی) سے چالیسواں حصہ ادا کرو یعنی ہر چالیس درہم سے ایک درہم۔''
اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** درہم چاندی کا ہوتا تھا۔

عَنْ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ : هَاتُوْا رُبُعَ الْعُشُوْرِ مِنْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ وَلَیْسَ عَلَیْکُمْ شَیْءٌ حَتّٰی تَتِمَّ مِائَتَیْ دِرْهَمٍ فَاِذَا کَانَتْ مِائَتَیْ دِرْهَمٍ فَفِیْهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ فَمَا زَادَ فَعَلٰی حِسَابَ ذٰلِکَ . رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ ❸ (صحیح)

حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا ''چاندی سے چالیسواں حصہ ادا کرو (یعنی) ہر چالیس (40) درہم سے ایک درہم اور جب تک دوسو درہم پورے نہ ہوں، تب تک کوئی چیز (زکاۃ) واجب نہیں جب دوسو درہم پورے ہو جائیں، تو ان سے پانچ درہم ادا کرو، اور جو دوسو درہم سے زیادہ ہو اس پر اسی حساب سے زکاۃ واجب ہوگی۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 51 نصاب سے کم سونا اور نصاب سے کم چاندی کو ملا کر زکاۃ ادا کرنا سنت

❶ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب لیس فیما دون خمس ذود صدقة
❷ صحیح سنن ابن ماجة للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 1447
❸ صحیح سنن ابی داؤد للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 1390

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے ثابت نہیں۔

**مسئلہ 52** سونے اور چاندی کے زیر استعمال زیورات پر بھی زکاۃ ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ ﷺ اَنَّ امْرَاَةً اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَمَعَهَا ابْنَةٌ لَهَا وَفِيْ يَدِ ابْنَتِهَا مَسَكَتَانِ غَلِيْظَتَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ لَهَا ((اَتُعْطِيْنَ زَكَاةَ هٰذَا ؟)) قَالَتْ: لَا ، قَالَ ((اَيَسُرُّكِ اَنْ يُسَوِّرَكِ اللّٰهُ بِهِمَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ سِوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ)) قَالَ فَخَلَعَتْهُمَا فَاَلْقَتْهُمَا اِلَى النَّبِيِّ ﷺ وَقَالَتْ هُمَا لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَلِرَسُوْلِهِ . رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ[1]

عمرو بن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نبی اکرم ﷺ کے پاس آئی۔ اس کے ساتھ اس کی بیٹی بھی تھی، جس کے ہاتھ میں سونے کے دو موٹے کنگن تھے۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا ''کیا تم اس کی زکاۃ ادا کرتی ہو؟'' اس نے کہا ''نہیں!'' آپ ﷺ نے فرمایا ''کیا تجھے یہ پسند ہے کہ اللہ تجھے ان کے بدلہ میں قیامت کے دن دو کنگن آگ سے پہنائے؟'' اس نے (یہ سن کر) دونوں کنگن اتار کر آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیئے اور کہا ''یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے لئے ہیں۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت** : دھات کے سکے یا کاغذ کی کرنسی چونکہ ہر وقت سونے یا چاندی سے تبدیل کی جا سکتی ہے۔ لہٰذا رائج الوقت کرنسی کا نصاب 87 گرام سونا یا 612 گرام چاندی دونوں میں سے جس کی قیمت کم ہوگی، اس کے برابر ہوگا۔ جس پر سال گزرنے کے بعد اڑھائی فیصد کے حساب سے زکاۃ ادا کرنی چاہئے۔

## (ب) اَمْوَالُ التِّجَارَةِ ............ مال تجارت

**مسئلہ 53** سال کے آخر میں سارے مال تجارت (مع منافع) کی قیمت لگا کر زکاۃ ادا کرنی چاہئے۔

عَنْ اَبِيْ عَمْرِو بْنِ حَمَّاسٍ عَنْ اَبِيْهِ ﷺ قَالَ كُنْتُ اَبِيْعُ الْاُدُمَ وَالْجِعَابَ فَمَرَّبِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ اَدِّ صَدَقَةَ مَالِكَ ، فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ! اِنَّمَا هُوَ الْاُدُمُ قَالَ : قَوِّمْهُ ثُمَّ اَخْرِجْ صَدَقَتَهُ . رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ[2]

[1] صحیح سنن ابی داؤد للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 1382

[2] دار قطنی : باب تعجیل الصدقۃ قبل الحول الجزء الثانی رقم الصفحہ 215

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوعمرو بن حماس اپنے باپ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں چمڑا اور تیر کے ترکش فروخت کرتا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے تو فرمایا ''اپنے مال کی زکاۃ ادا کرو۔'' میں نے عرض کیا ''اے امیر المومنین! یہ تو فقط چمڑا ہے۔'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''اس کی قیمت لگاؤ اور اس کی زکاۃ ادا کرو۔'' اسے شافعی، احمد، دار قطنی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** ① مال تجارت کا نصاب اور شرح نقدی ہی کا نصاب اور شرح ہے۔ یعنی حاضر وقت میں ساڑھے باون تولہ (612 گرام) چاندی یا ساڑھے سات تولے (87) گرام سونا میں سے جس کی قیمت کم ہوگی وہ قیمت مال تجارت کا نصاب تصور کیا جائے گا، اور شرح زکاۃ اڑھائی فیصد ہوگی۔

② دوران سال میں مال تجارت کی مقدار یا قیمت میں کمی بیشی کا لحاظ کئے بغیر زکاۃ دیتے وقت سارے مال تجارت کی مقدار اور قیمت کو پیش نظر رکھا جائے گا۔

## (ج) اَلزَّرْعُ وَالثِّمَارُ ........... غلہ اور پھل

**مسئلہ 54** زمین کی پیداوار میں سے گندم، جو، کشمش اور کھجور پر زکاۃ ہے۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ اِنَّمَا سَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَلزَّكَاةُ فِيْ هٰذِهِ الْاَرْبَعَةَ الْحِنْطَةَ وَالشَّعِيْرَ وَالزَّبِيْبَ وَالتَّمَرَ .رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ ❶ (صحیح)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ''رسول اللہ ﷺ نے درج ذیل چار چیزوں میں زکاۃ مقرر فرمائی ہے ① گندم ② جو ③ کشمش اور ④ کھجور۔'' اسے دار قطنی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 55** زمین کی پیداوار کے لئے زکاۃ کا نصاب پانچ وسق (725 کلوگرام) ہے۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ ﷺ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ : لَيْسَ فِيْ حَبٍّ وَلاَ تَمْرٍ صَدَقَةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ خَمْسَةَ اَوْسُقٍ .رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❷

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''جب تک غلہ اور کھجور کی مقدار پانچ وسق (تقریباً 20 من یا 725 کلوگرام) تک نہ ہو جائے، اس پر زکاۃ نہیں۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

---

❶ سلسلة الاحاديث الصحيحة للالبانى الجزء الثانى رقم الحديث 879

❷ صحيح سنن النسائى للالبانى الجزء الثانى رقم الحديث 2330

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**مسئلہ 56** قدرتی ذرائع سے سیراب ہونے والی زمین کی پیداوار کے لئے شرح زکاۃ دسواں حصہ (عشر) ہے۔

**مسئلہ 57** مصنوعی ذرائع (کنواں، ٹیوب ویل، نہر وغیرہ) سے سیراب ہونے والی زمین کی پیداوار کے لئے شرح زکاۃ بیسواں حصہ (نصف عشر) ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ (( فِيْمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْعُيُوْنُ اَوْ كَانَ عَثَرِيًّا الْعُشْرُ وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ )) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا ''جس زمین کو بارش یا چشمے پانی پلائیں یا زمین تر و تازہ ہو اس کی پیداوار سے دسواں حصہ زکاۃ ہے اور جس زمین کو کنویں کے ذریعے پانی دیا جائے اس میں نصف عشر (یعنی بیسواں حصہ) زکاۃ ہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 58** کھجوروں اور انگوروں کی زکاۃ ادا کرنے کے لئے خرص کا طریقہ اختیار کرنے کا حکم ہے۔

**مسئلہ 59** کھجوروں کی زکاۃ خشک کھجوروں سے اور انگوروں کی زکاۃ خشک انگور سے ادا کرنی چاہیئے۔

عَنْ عَتَّابِ بْنِ اَسِيْدٍ ﷺ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ فِيْ زَكَاةِ الْكُرُوْمِ اِنَّهَا تُخْرَصُ كَمَا يُخْرَصُ النَّخْلُ ثُمَّ تُؤَدِّيْ زَكَاتُهُ زَبِيْبًا كَمَا تُؤَدِّيْ زَكَاةُ النَّخْلِ تَمْرًا . رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ [2] (حسن)

حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے انگور کی زکاۃ (اسی طرح) خرص کے طریقہ سے ادا کرنے کا حکم دیا ہے جس طرح کھجوروں کی زکاۃ خرص کے طریقہ سے ادا کی جاتی ہے۔ نیز انگور کی زکاۃ کشمش سے ادا کی جائے۔ جس طرح تر کھجوروں کی خشک کھجوروں سے دی جاتی ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

---

[1] صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب العشر فیما یسقی من مآء السمآء بالمآء الجاری

[2] صحیح سنن الترمذی کتاب الزکاۃ باب ما جاء فی الخرص

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**وضاحت :** ① کھجور یا انگور پک جائے تو کاٹنے سے پہلے وزن کا اندازہ لگانا کہ خشک ہو کر کتنا باقی رہ جائے گا خرص کہلاتا ہے۔زکاۃ کی مقدار کا تعین خرص سے ہوگا،لیکن ادائیگی خشک پھل سے ہوگی۔

② چونکہ وسائل آمدنی یعنی زمین پر زکاۃ نہیں بلکہ وسائل آمدنی سے حاصل ہونے والی آمدنی پر زکاۃ واجب ہے، لہٰذا کارخانے یا فیکٹری کی مشینری۔ڈیری فارم کے مویشیوں اور کرائے پر دیئے گئے مکانات وغیرہ پر زکاۃ نہیں ہوگی بلکہ ان سے حاصل ہونے والی آمدنی پر حسب شرائط زکاۃ واجب ہوگی۔

## (۵) اَلْعَسَلُ..........شہد

**مَسئلہ 60** شہد کی پیداوار سے عشر ادا کرنے کا حکم ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ اَخَذَ مِنَ الْعَسَلِ الْعُشْرَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ❶ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں ''آپ ﷺ نے شہد سے عشر لیا ہے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

## (۶) اَلرِّكَازُ وَالْمَعَادِنُ..........رکاز اور معادن

**مَسئلہ 61** رکاز (دفن شدہ خزانہ) دریافت ہونے پر بیس فیصد زکاۃ ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ﷺ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ (( اَلْعَجْمَاءُ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِی الرِّكَازِ الْخُمُسُ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ❷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جانور سے جو زخم پہنچے اس کا کوئی بدلہ نہیں، اگر ایک شخص کنواں کھدوائے اور دوسرا اس میں گر جائے تو اس کا بھی کوئی بدلہ نہیں اسی طرح اگر کوئی شخص اجرت پر معدن (کان) کھدوائے اور اس میں (مزدور) مارا جائے تو اس کا بھی بدلہ نہیں اور دفن شدہ خزانہ (رکاز) دریافت ہونے پر بیس فیصد زکاۃ ہے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** رکاز کے لئے نصاب کا تعین سنت سے ثابت نہیں۔

---

❶ صحیح سنن ابن ماجة للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 1477

❷ صحیح بخاری کتاب الزکاة باب فی الرکاز الخمس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**مسئلہ 62** معدن (کان) کی آمدنی پر زکاۃ ہے۔

عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ﷺ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَقْطَعَ لِبِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ مَعَادِنَ الْقَبَلِيَّةِ وَهِيَ مِنْ نَاحِيَةِ الْفُرْعِ فَتِلْكَ الْمَعَادِنُ لَا يُؤْخَذُ مِنْهَا اِلَّا الزَّكَاةُ اِلَى الْيَوْمِ .رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ[1]

حضرت ربیعہ بن ابوعبدالرحمان رضی اللہ عنہ بعض دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں ''رسول اکرم ﷺ نے بلال بن حارث مزنی کو قبلیہ (جگہ کا نام) کی کانیں جاگیر میں عطا فرمائیں۔ یہ جگہ فرع کی جانب ہے۔ان کانوں سے آج تک سوائے زکاۃ کے کچھ نہیں لیا گیا۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** معادن کی آمدنی پر زکاۃ ادا کرنے کے لئے حدیث میں نصاب اور شرح کا ذکر نہیں البتہ فقہاء نے زکاۃ کے احکامات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس کی شرح اڑھائی فیصد مقرر کی ہے۔

## (ز) اَلْمَوَاشِيْ..........مویشی

**مسئلہ 63** چار اونٹوں پر کوئی زکاۃ نہیں۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ[2]

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''پانچ سے کم (یعنی چار) اونٹوں پر زکاۃ نہیں ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 64** 5 سے لے کر 24 اونٹوں تک ہر پانچ اونٹ کے بعد ایک بکری زکاۃ دینی چاہئے۔

**مسئلہ 65** 25 سے لے کر 35 اونٹوں تک ایک سال کی اونٹنی دینی چاہئے۔

**مسئلہ 66** 36 سے لے کر 45 اونٹوں تک دو برس کی اونٹنی دینی چاہئے۔

**مسئلہ 67** 46 سے لے کر 60 اونٹوں تک تین برس کی اونٹنی دینی چاہئے۔

[1] صحیح سنن ابی داؤد کتاب الاخراج باب فی اقطاع الارضین
[2] صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب لیس فیما دون خمس ذود صدقة

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**مسئلہ 68** 61 سے لے کر 75 اونٹوں تک چار سال کی اونٹنی دینی چاہئے۔

**مسئلہ 69** 76 سے لے کر 90 اونٹوں تک دو دو برس کی دو اونٹنیاں دینی چاہئیں۔

**مسئلہ 70** 91 سے لے کر 120 اونٹوں تک تین تین برس کی دو اونٹنیاں دینی چاہئیں۔

**مسئلہ 71** 120 سے زائد تعداد ہو تو ہر چالیس اونٹوں پر دو برس کی اونٹنی اور ہر پچاس اونٹوں پر تین سال کی ایک اونٹنی ادا کرنی چاہئے۔

**مسئلہ 72** کوئی شخص نصاب سے کم مال ہونے کے باوجود زکاۃ ادا کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔

عَنْ اَنَسٍ ؓ اَنَّ اَبَابَكْرٍ ؓ كَتَبَ لَهُ هٰذَا الْكِتَابَ لَمَّا وَجَّهَهُ اِلَى الْبَحْرَيْنِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذِهٖ فَرِيْضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِيْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ بِهَا رَسُوْلَهٗ فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلَا يُعْطِ فِيْ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ مِنَ الْاِبِلِ فَمَا دُوْنَهَا مِنَ الْغَنَمِ مِنْ كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ اِلَى خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتُ مَخَاضٍ اُنْثٰى فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّثَلَاثِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتُ لَبُوْنٍ اُنْثٰى فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَاَرْبَعِيْنَ اِلَى سِتِّيْنَ فَفِيْهَا حِقَّةٌ طَرُوْقَةُ الْجَمَلِ فَاِذَا بَلَغَتْ وَاحِدَةً وَّسِتِّيْنَ اِلَى خَمْسٍ وَّسِبْعِيْنَ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ فَاِذَا بَلَغَتْ يَعْنِي سِتًّا وَّ سَبْعِيْنَ اِلَى تِسْعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتَا لَبُوْنٍ اُنْثٰى فَاِذَا بَلَغَتْ اِحْدَى وَتِسْعِيْنَ اِلَى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوْقَتَا الْجَمَلِ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مَّعَهٗ اِلَّا اَرْبَعٌ مِنَ الْاِبِلِ فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا مِنَ الْاِبِلِ فَفِيْهَا شَاةٌ وَفِي الصَّدَقَةِ الْغَنَمِ فِيْ سَائِمَتِهَا اِذَا كَانَتْ اَرْبَعِيْنَ اِلَى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ شَاةٌ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ اِلَى مِائَتَيْنِ شَاتَانِ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى مِائَتَيْنِ اِلَى ثَلَاثِ مِائَةٍ فَفِيْهَا ثَلَاثُ شِيَاهٍ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى ثَلَاثِ مِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مِائَةِ شَاةٌ فَإِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنْ اَرْبَعِيْنَ شَاةً وَاحِدَةً فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا وَفِي الرِّقَّةِ رُبْعُ الْعُشْرِ فَإِنْ لَّمْ تَكُنْ اِلَّا تِسْعِيْنَ وَمِائَةً فَلَيْسَ فِيْهَا شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انہیں بحرین کا حاکم مقرر کیا تو ان کو یہ احکامات لکھ کر دیئے (شروع اللہ کے نام سے جو بہت مہربان ہے رحم فرمانے والا) یہ وہ زکاۃ ہے جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر مقرر کی، اور جس کا حکم اللہ نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا پس اس حکم کے مطابق جس مسلمان سے زکاۃ مانگی جائے وہ ادا کرے اور جس سے زیادہ مانگی جائے وہ ہرگز نہ دے۔ چوبیس اونٹوں میں یا ان سے کم میں ہر پانچ میں ایک بکری دینی ہوگی۔ پانچ سے کم میں کچھ نہیں جب پچیس اونٹ ہو جائیں پینتیس اونٹوں تک تو ان میں ایک برس کی اونٹنی دینا ہوگی۔ جب چھتیس اونٹ ہو جائیں پینتالیس تک تو ان میں دو برس کی اونٹنی دینا ہوگی۔ جب چھیالیس اونٹ ہو جائیں ساٹھ اونٹوں تک تو ان میں تین برس کی اونٹنی جفتی کے لائق دینا ہوگی۔ جب اکسٹھ اونٹ ہو جائیں پچھتر اونٹوں تک تو ان میں چار برس کی اونٹنی دینا ہوگی۔ جب چھہتر اونٹ ہو جائیں نوے اونٹوں تک تو ان میں دو دو برس کی دو اونٹنیاں دینا ہوں گی جب اکانوے اونٹ ہو جائیں ایک سو بیس اونٹوں تک تو ان میں تین تین برس کی دو اونٹنیاں جفتی کے قابل دینا ہوں گی۔ جب ایک سو بیس اونٹوں سے زیادہ ہو جائیں تو ہر چالیس اونٹ میں دو برس کی اونٹنی اور ہر پچاس میں تین برس کی اونٹنی دینا ہوگی اور جس کے پاس چار ہی (یا چار سے بھی کم) اونٹ ہوں تو ان پر زکاۃ نہیں ہے مگر جب مالک اپنی خوشی سے کچھ دے۔ جب پانچ اونٹ ہو جائیں۔ تو ایک بکری دینا ہوگی اور جب جنگل میں چرنے والی بکریاں چالیس ہو جائیں ایک سو بیس بکریوں تک تو ایک بکری دینا ہوگی جب ایک سو بیس سے زیادہ ہو جائیں دو سو تک تو دو بکریاں دینا ہوں گی جب دو سو سے زیادہ ہو جائیں تین سو تک تو تین بکریاں دینا ہوں گی جب تین سو سے زیادہ ہو جائیں تو ہر سینکڑے کے پیچھے ایک بکری دینا ہوگی۔ جب کسی شخص کی چرنے والی بکریاں چالیس سے کم ہوں تو ان میں زکاۃ نہیں ہے مگر اپنی خوشی سے مالک کچھ دینا چاہے تو دے سکتا ہے، اور چاندی میں چالیسواں حصہ زکاۃ میں دینا ہوگا (بشرطیکہ دو سو درہم یا اس سے زیادہ چاندی ہو) لیکن اگر ایک سو نوے درہم (یا ایک سو ننانوے) برابر چاندی ہو تو زکاۃ نہ ہوگی لیکن اگر

❶ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب زکاۃ الغنم

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مالک اپنی خوشی سے دینا چاہے۔ (تو دے سکتا ہے)۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 73** 40 سے کم بکریوں پر زکاۃ نہیں۔

**مَسئلہ 74** 40 سے لے کر 120 بکریوں تک ایک بکری زکاۃ ہے۔

**مَسئلہ 75** 121 سے لے کر 200 تک دو بکریاں زکاۃ ہے۔

**مَسئلہ 76** 201 سے لے کر 300 تک تین بکریاں زکاۃ ہے۔

**مَسئلہ 77** 300 سے زیادہ ہوں تو ہر سو بکری پر ایک بکری زکاۃ ہے۔

**مَسئلہ 78** نصاب سے کم مال ہونے کے باوجود اگر کوئی شخص زکاۃ ادا کرنا چاہے، تو کر سکتا ہے۔

وضاحت : ① حدیث مسئلہ نمبر 64 تا 72 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔
② بکریوں اور بھیڑوں کا نصاب اور شرح زکاۃ ایک ہی ہے۔

**مَسئلہ 79** 30 سے کم گائیوں پر زکاۃ نہیں۔

**مَسئلہ 80** 30 گائیوں پر ایک سال کا بچھڑا یا بچھڑی زکاۃ ادا کرنی چاہیے۔

**مَسئلہ 81** 40 گائیوں پر دو سال کا بچھڑا یا بچھڑی زکاۃ ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((فِيْ ثَلَاثِيْنَ مِنَ الْبَقَرِ تَبِيْعٌ اَوْ تَبِيْعَةٌ وَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةٌ)) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❶

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''30 گائیوں میں سے ایک سال کا بچھڑا، یا بچھڑی (جو دوسرے سال کی عمر میں ہو) چالیس گائیوں میں سے دو سال کا بچھڑا، یا بچھڑی جو تیسرے سال کی عمر میں ہو زکاۃ ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 82** 60 گائیوں پر دو بچھڑے یا دو بچھڑیاں جو دوسرے سال کی عمر میں ہوں زکاۃ ادا کرنی چاہیے۔

---
❶ صحیح سنن الترمذی للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 508

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مسئلہ 83 60 سے زیادہ گائیوں پر ہر تیس کے اضافے پر ایک سال کا بچھڑا یا بچھڑی اور چالیس کے اضافہ پر دو سال کا بچھڑا یا بچھڑی ادا کرنی چاہئے۔

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ﷺ قَالَ : بَعَثَنِيَ النَّبِيُّ ﷺ اِلَى الْيَمَنِ فَاَمَرَنِيْ اَنْ آخُذَ مِنْ كُلِّ ثَلاَثِيْنَ بَقَرَةً تَبِيْعًا اَوْ تَبِيْعَةً وَمِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةً .رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❶ (صحیح)

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں مجھے نبی اکرم ﷺ نے یمن کی طرف بھیجا اور حکم دیا "ہر تیس گائیوں پر ایک سال کا بچھڑا یا بچھڑی (جو دوسرے سال کی عمر میں ہو) اور ہر چالیس پر دو سال کا بچھڑا جو تین سال کی عمر میں ہو زکاۃ میں وصول کروں۔" اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : گائیوں اور بھینسوں کا نصاب اور شرح زکاۃ ایک ہی ہے۔

## مسئلہ 84 زکاۃ کا مذکورہ بالا نصاب اور شرح ان مویشیوں کے لئے ہے جو نصف سال سے زائد عرصہ قدرتی وسائل پر گزارہ کرتے رہے ہوں۔

عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ فِيْ كُلِّ سَائِمَةِ اِبِلٍ فِيْ اَرْبَعِيْنَ بِنْتُ لَبُوْنٍ .رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ❷

حضرت بہز بن حکیم اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "ہر چالیس اونٹوں میں جو جنگل میں چرنے والے ہوں دو برس کی اونٹنی جو تیسرے سال میں ہو بطور زکاۃ ادا کی جائے۔" اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ① وہ مویشی جو مستقل طور پر مالک کے خرچ پر گزارہ کرتے ہوں اور ذاتی استعمال کے لئے ہوں ان پر زکاۃ نہیں خواہ ان کی تعداد کتنی ہی کیوں نہ ہو۔

② وہ مویشی جو مالک کے خرچ پر گزارہ کرتے ہوں، لیکن تجارت کی غرض سے پالے گئے ہوں، ان کی آمدنی پر زکاۃ واجب ہوگی۔

❋❋❋

❶ صحیح سنن الترمذی للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 509

❷ صحیح سنن ابی داؤد للالبانی الجزء الاول رقم الحدیث 1393

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اَلْـاَشْیَاءُ الَّتِیْ لاَ تَجِبُ عَلَیْهَا الزَّكَاةُ

# وہ اشیاء جن پر زکاۃ واجب نہیں

## مسئلہ 85 ذاتی استعمال کی اشیاء پر زکاۃ نہیں ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ ﷺ (( لَیْسَ عَلَی الْمُسْلِمِ فِیْ فَرَسِهِ وَغُلاَمِهِ صَدَقَةٌ )) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''مسلمان پر اس کے گھوڑے اور غلام میں زکاۃ نہیں۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ذاتی مکان یا ذاتی مکان کی تعمیر کے لئے پلاٹ نیز ذاتی استعمال کی اشیاء مثلاً کار، فرنیچر، فرج، حفاظتی ہتھیار یا مویشی خواہ کتنی ہی قیمت کے ہوں ان پر زکاۃ نہیں۔

## مسئلہ 86 کھیتی باڑی کرنے والے مویشیوں میں زکاۃ نہیں۔

عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رضی اللہ عنہ فِیْ حَدِیْثٍ طَوِیْلٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( لَیْسَ عَلَی الْعَوَامِلِ شَیْءٌ )) رَوَاهُ ابْنُ خُزَیْمَةَ ❷ (حسن)

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ایک طویل حدیث میں بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''کام کرنے والے مویشیوں میں کوئی زکاۃ نہیں۔'' اسے ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : کھیتی باڑی کی آمدنی پر حسب دستور زکاۃ ہوگی۔

## مسئلہ 87 سبزی پر زکاۃ نہیں۔

عَنْ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لَیْسَ فِی الْخَضْرَاوَاتِ صَدَقَةٌ وَلاَ فِی الْعَرَایَا صَدَقَةٌ وَلاَ فِیْ اَقَلَّ مِنْ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ وَلاَ فِی الْعَوَامِلِ صَدَقَةٌ وَلاَ فِی الْجَبْهَةِ صَدَقَةٌ قَالَ

❶ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ باب لیس علی المسلم فی فرسه صدقة

❷ صحیح ابن خزیمة للدکتور مصطفی الاعظمی الجزء الرابع رقم الحدیث 292

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الصَّقْرُ الْجَبْهَةُ الْخَيْلُ وَالْبِغَالُ وَالْعَبِيْدُ .رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ ❶

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''سبزیوں میں زکاۃ نہیں، نہ ہی عاریت کے درختوں میں، نہ پانچ وسق (725 کلوگرام) سے کم (غلہ) میں زکاۃ ہے، نہ کام کرنے والے جانوروں میں اور نہ ہی جبہہ میں زکاۃ ہے، صقر راوی کہتے ہیں، جبہہ سے مراد گھوڑا، خچر اور غلام ہے۔'' اسے دار قطنی نے روایت کیا ہے

**وضاحت** : عاریت کے درخت سے مراد وہ پھل دار درخت ہیں جو کوئی غنی آدمی کسی غریب آدمی کو عارضی طور پر فائدہ حاصل کرنے کے لئے دے دے۔

***

❶ دارقطنی الجزء الثانی رقم الصفحہ 95

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مَصَارِفُ الزَّكَاةِ

# زکاۃ کے مصارف

**مَسْئلہ 88** زکاۃ کے مستحق آٹھ قسم کے لوگ ہیں۔

عَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ ﷺ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَبَايَعْتُهُ فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلاً قَالَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ اَعْطِنِيْ مِنَ الصَّدَقَةِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمْ يَرْضَ بِحُكْمِ نَبِيٍّ وَلاَ غَيْرِهِ فِيْ الصَّدَقَاتِ حَتّٰى حَكَمَ فِيْهَا هُوَ فَجَزَّاُهَا ثَمَانِيَةَ اَجْزَاءٍ فَاِنْ كُنْتَ مِنْ تِلْكَ الْاَجْزَاءِ اَعْطَيْتُكَ حَقَّكَ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ[1]

حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور آپ ﷺ سے بیعت کی حضرت زیاد طویل حدیث بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں آپ ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور کہا ''مجھے صدقہ سے کچھ دیجئے۔'' نبی اکرم ﷺ نے اسے فرمایا ''زکاۃ کے بارے میں اللہ تعالیٰ نہ تو کسی نبی کے حکم پر راضی ہوا۔ اور نہ ہی کسی غیر کے حکم پر، یہاں تک کہ خود اللہ تعالیٰ نے زکاۃ میں حکم فرمایا اور زکاۃ کے آٹھ مصرف بیان کئے پس اگر تو ان آٹھ میں سے ہے تو میں تجھ کو تیرا حق دوں گا۔'' (ورنہ نہیں) اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 89** عاملین زکاۃ (زکاۃ وصول کرنے والے لوگ) زکاۃ سے معاوضہ لے سکتے ہیں خواہ غنی ہی ہوں۔

عَنِ ابْنِ السَّاعِدِيِّ ﷺ قَالَ اسْتَعْمَلَنِيْ عُمَرُ ﷺ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهَا وَاَدَّيْتُهَا اِلَيْهِ اَمَرَ لِيْ بِعُمَالَةٍ فَقُلْتُ اِنَّمَا عَمِلْتُ لِلّٰهِ وَاَجْرِيْ عَلَى اللّٰهِ قَالَ خُذْ مَا اُعْطِيْتَ فَاِنِّيْ قَدْ عَمِلْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَعَمَّلَنِيْ فَقُلْتُ مِثْلَ قَوْلِكَ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( اِذَا اُعْطِيْتَ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ اَنْ تَسْاَلَهُ فَكُلْ وَتَصَدَّقْ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ[2] (صحيح)

---

[1] صحيح سنن ابى داؤد كتاب الزكاة باب من يعطى من الصدقة ؟ وحد الغنى

[2] صحيح سنن ابى داؤد للالبانى الجزء الاول رقم الحديث 1449

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابن ساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زکاۃ لینے پر عامل مقرر کیا۔ جب میں فارغ ہوا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک زکاۃ پہنچائی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میرے کام کا معاوضہ ادا کرنے کا حکم دیا۔ میں نے کہا ''میں نے تو یہ کام فی سبیل اللہ کیا ہے اور میرا اجر اللہ تعالیٰ پر ہے۔ انہوں نے کہا ''جو تو دیا جائے اسے لے لے۔ میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں یہی کام کیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے معاوضہ ادا کیا تو میں نے بھی وہی کہا جو تو نے کہا ہے مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جب کوئی چیز بن مانگے دیئے جاؤ تو اسے کھاؤ اور صدقہ بھی کرو۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 90 فقراء اور مساکین زکاۃ کے مستحق ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ مُعَاذًا رضی اللہ عنہ اِلَى الْيَمَنِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَفِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِيْ اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ .مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ واللفظ لِلْبُخَارِيِّ❶

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا اور ساری حدیث بیان کی جس میں یہ ہے کہ ''اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر زکاۃ فرض کی ہے جو دولت مندوں سے لے کر فقراء کو دی جائے گی۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے، حدیث کے الفاظ بخاری کے ہیں۔

**وضاحت :** زکاۃ کے مستحق مسکین اور فقیر کی تعریف کے لئے مسئلہ نمبر 139 ملاحظہ فرمائیں۔

## مسئلہ 91 مصیبت زدہ، مقروض اور ضمانت بھرنے والوں کی مدد کے لئے زکاۃ دینا جائز ہے۔

عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الْهِلَالِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَسْاَلُهُ فِيْهَا فَقَالَ اَقِمْ حَتّٰى تَاْتِيَنَا الصَّدَقَةُ فَنَاْمُرَ لَكَ بِهَا قَالَ ثُمَّ قَالَ يَا قَبِيْصَةُ اِنَّ الْمَسْاَلَةَ لَا تَحِلُّ اِلَّا لِاَحَدِ ثَلَاثَةٍ رَجُلٍ تَحَمَّلَ حَمَالَةً فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَهَا ثُمَّ يُمْسِكُ وَرَجُلٌ اَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ اجْتَاحَتْ مَالَهُ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ اَوْ قَالَ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ وَرَجُلٌ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ حَتّٰى يَقُوْمَ ثَلَاثَةٌ مِنْ ذَوِي الْحِجَا مِنْ قَوْمِهِ لَقَدْ

❶ صحیح بخاری کتاب الزکاۃ، باب وجوب الزکاۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَصَابَتْ فُلاَنًا فَاقَةٌ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ اَوْ قَالَ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ فَمَا سِوَاهُنَّ مِنَ الْمَسْاَلَةِ يَا قَبِيْصَةُ سُحْتٌ يَاكُلُهَا صَاحِبُهَا سُحْتًا .رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

قبیصہ بن مخارق ہلالی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں ضامن بنا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ اور اس بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ہمارے پاس ٹھہر، یہاں تک کہ صدقہ آئے، ہم اس میں سے تم کو دلوا دیں گے، پھر فرمایا ''اے قبیصہ رضی اللہ عنہ! مانگنا حلال نہیں ہے، مگر تین آدمیوں کو۔ ایک وہ جس نے ضمانت اٹھائی۔ پس اس کے لئے سوال کرنا درست ہے، یہاں تک کہ ضمانت ادا ہو جائے پھر وہ سوال کرنے سے رک جائے، دوسرا وہ آدمی جس کو کوئی آفت پہنچی اور اس کا مال واسباب ہلاک ہو گیا، تو اس کے لئے سوال کرنا درست ہے، یہاں تک کہ اسے اتنا مل جائے جس سے اس کی ضرورت پوری ہو جائے یا فرمایا جو اس کی حاجت مندی کو دور کر دے اور تیسرا وہ شخص کہ اس کو سخت فاقہ پہنچے، یہاں تک کہ اس کی قوم کے تین معقول آدمی اس بات کی گواہی دیں کہ فلاں شخص کو سخت فاقہ پہنچا ہے، پس اس کے لئے مانگنا درست ہے، یہاں تک کہ اسے اتنا مل جائے کہ اس کی ضرورت پوری ہو جائے یا فرمایا حاجت مندی کو دور کرے اے قبیصہ رضی اللہ عنہ! ان تین صورتوں کے علاوہ سوال کرنا حرام ہے، اور ایسا سوال کرنے والا حرام کھاتا ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ : اُصِيْبَ رَجُلٌ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِيْ ثِمَارٍ ابْتَاعَهَا فَكَثُرَ دَيْنُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((تَصَدَّقُوْا عَلَيْهِ)) فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَيْنِهِ ، فَقَالَ : رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِغُرَمَائِهِ ((خُذُوْا مَا وَجَدْتُمْ وَ لَيْسَ لَكُمْ اِلاَّ ذٰلِكَ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک شخص کو ان پھلوں میں نقصان پہنچا جو اس نے خریدے تھے۔ پس وہ بہت زیادہ مقروض ہو گیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اسے صدقہ دو۔ لوگوں نے اسے صدقہ دیا، لیکن صدقہ سے اس کا قرض پورا نہ ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے قرض خواہوں سے فرمایا جو ملتا ہے لے لو، اس کے سوا تمہارے لئے کچھ نہیں۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

---

❶ صحیح مسلم ، کتاب الزکاۃ ، باب من تحلہ لہ المسئلۃ

❷ صحیح مسلم ، کتاب المساقاۃ ، باب استحباب الوضع من الدین

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مسئلہ 92 نومسلموں یا اسلام کے لئے دل میں نرم گوشہ رکھنے والے غیر مسلموں کو تالیف قلب کے لئے زکاۃ دینا جائز ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ ﷺ قَالَ : بَعَثَ عَلِیٌّ ﷺ وَهُوَ بِالْیَمَنِ بِذَهَبَةٍ فِیْ تُرْبَتِهَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَسَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَیْنَ اَرْبَعَةِ نَفَرٍ اَلْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ الْحَنْظَلِیُّ وَ عُیَیْنَةُ بْنُ بَدْرٍ الْفَزَارِیُّ وَ عَلْقَمَةُ بْنُ عُلَاثَةَ الْعَامِرِیُّ ثُمَّ اَحَدُ بَنِیْ کِلَابٍ وَ زَیْدُ الْخَیْرِ الطَّائِیُّ ثُمَّ اَحَدُ بَنِیْ نَبْهَانَ قَالَ فَغَضِبَتْ قُرَیْشٌ فَقَالُوْا : اَتُعْطِیْ صَنَادِیْدَ نَجْدٍ وَ تَدَعُنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنِّیْ اِنَّمَا فَعَلْتُ ذٰلِکَ لِاَتَاَلَّفَهُمْ)) اَلْحَدِیْثَ . رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یمن سے مٹی میں ملا ہوا کچھ سونا (یعنی کان سے نکلا ہوا) نبی اکرم ﷺ کے پاس بھیجا۔ آپ ﷺ نے اسے چار آدمیوں میں تقسیم فرما دیا ① اقرع بن حابس حنظلی ② عیینہ بن بدر فزاری ③ علقمہ بن علاثہ عامری ④ ایک آدمی بنی کلاب سے زید خیر الطائی یا پھر بنی نبہان سے، اس پر قریش بہت غضبناک ہوئے اور کہنے لگے ''آپ ﷺ نجد کے سرداروں کو دیتے ہیں اور ہم کو نہیں دیتے۔'' اس پر رسول ﷺ نے فرمایا ''میں ان کو اس لئے دیتا ہوں کہ ان کے دلوں میں اسلام کی محبت پیدا ہو۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے

## مسئلہ 93 غلاموں کی آزادی یا قیدیوں کی رہائی کے لئے زکاۃ صرف کرنا جائز ہے۔

عَنِ الْبَرَاءِ ﷺ قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ دُلَّنِیْ عَلٰی عَمَلٍ یُقَرِّبُنِیْ مِنَ الْجَنَّةِ وَ یُبْعِدُنِیْ مِنَ النَّارِ ، فَقَالَ لَهٗ (( اَعْتِقِ النَّسَمَةَ وَ فُکَّ الرَّقَبَةَ )) فَقَالَ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اَوَلَیْسَا بِوَاحِدَةٍ؟ قَالَ ((لَا عِتْقُ النَّسَمَةِ اَنْ تَفَرَّدَ بِعِتْقِهَا وَ فَکُّ الرَّقَبَةِ اَنْ تُعِیْنَ بِثَمَنِهَا)) رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالدَّارَ قُطْنِیُّ ❷ (حسن)

حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور کہا ''مجھے ایسا عمل بتائیے جو

❶ صحیح مسلم ، کتاب الزکاۃ، باب اعطاء المؤلفة

❷ نیل الاوطار ، کتاب الزکاۃ ، باب قوله تعالی ﴿ و فی الرکاب﴾

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مجھے جنت سے قریب کردے اور دوزخ سے دور ہٹا دے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''جان کو آزاد کرا اور غلام کو نجات دلا۔'' اس نے کہا ''یارسول اللہ ﷺ! کیا یہ دونوں ایک ہی نہیں ہیں؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''نہیں، جان آزاد کرنا یہ ہے کہ تو اکیلا آزاد کرے غلام کو نجات دلانا یہ ہے کہ تو اس کی قیمت ادا کرنے میں مدد کرے۔'' اسے احمد اور دار قطنی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 94 اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کو زکاۃ دینا جائز ہے۔**

عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ﷺ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((لاَ تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ اِلاَّ لِخَمْسَةٍ لِغَازٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ لِعَامِلٍ عَلَيْهَا اَوْ لِغَارِمٍ اَوْ لِرَجُلٍ اشْتَرَاهَا بِمَالِهِ اَوْ لِرَجُلٍ كَانَ لَهُ جَارٌ مِسْكِيْنٌ فَتُصُدِّقَ عَلَى الْمِسْكِيْنِ فَاَهْدَاهَا الْمِسْكِيْنُ لِلْغَنِيِّ)) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ[1] (صحيح)

عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''غنی آدمی کے لئے زکاۃ حلال نہیں مگر پانچ صورتوں میں ① اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کے لیئے ② عامل زکاۃ کے لیئے ③ تاوان بھرنے والے کے لیئے ④ اس غنی آدمی کے لئے جو اپنے مال سے کسی غریب کو زکاۃ میں دی گئی کوئی چیز خریدنا چاہے ⑤ اس غنی آدمی کے لیئے جس کا ہمسایہ محتاج تھا کسی نے اس مسکین کو زکاۃ میں کوئی چیز دی اور اس مسکین نے غنی (ہمسائے) کو ہدیہ کے طور پر دے دی۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** ① جہاد فی سبیل اللہ میں میدان جنگ کی لڑائی کے علاوہ حج اور عمرہ بھی شامل ہیں۔

② بعض علماء کے نزدیک دین کی سربلندی، دین کی تیاری اور اشاعت کے جملہ کام مثلاً دینی مدارس کی تعمیر ان کی دیکھ بھال دینی کتب کی اشاعت اور تقسیم وغیرہ بھی جہاد فی سبیل اللہ میں شامل ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب!

③ جہاد فی سبیل اللہ کی مد میں جمع شدہ رقوم پر زکاۃ نہیں ہے۔

④ حدیث شریف کے چوتھے نمبر میں صرف اس شبہ کو دور کیا گیا ہے کہ غریب آدمی کو زکاۃ میں دی گئی کوئی چیز غنی (اس غریب آدمی کو زکاۃ دینے والے کے علاوہ) خریدنا چاہے تو خرید سکتا ہے اور پانچویں نمبر میں اس شبہ کو دور کیا گیا ہے کہ کوئی غنی آدمی کسی غریب آدمی کو زکاۃ میں دی گئی چیز کا (غریب آدمی کی طرف سے) ہدیہ قبول کر سکتا ہے۔ ورنہ زکاۃ کے اصل حقدار پہلے تین آدمی ہی ہیں خواہ وہ غنی ہی ہوں

**مسئلہ 95 دوران سفر میں ضرورت پڑنے پر مسافر کو زکاۃ دینی جائز ہے، خواہ اپنے گھر میں غنی ہو۔**

[1] صحیح سنن ابی داؤد ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1440

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ ﷜ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ ((لاَ تَحِلُّ الصَّدَقَۃِ لِغَنِیٍّ اِلاَّ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَوِ ابْنِ السَّبِیْلِ اَوْ جَارٍ فَقِیْرٍ یُتَصَدَّقُ عَلَیْہِ فَیُھْدِیْ لَکَ اَوْ یَدْعُوْکَ )) رَوَاہُ اَبُوْدَاؤٗدَ❶ (حسن)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''صدقہ آدمی کے لئے حلال نہیں مگر اس آدمی کے لئے جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں نکلا ہوا ہو یا مسافر کے لئے یا جو پڑوسی فقیر پر صدقہ کیا گیا اور اس نے کسی غنی آدمی کو (ہدیہ کے طور پر دے دیا) یا اس کی دعوت کی یعنی (غنی کو فقیر کا ہدیہ یا دعوت قبول کرنا جائز ہے خواہ وہ ہدیہ اور دعوت زکاۃ کے مال سے کی گئی ہو۔)'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 96 زکاۃ صرف مسلمانوں کو دینی جائز ہے۔**

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنَّ مُعَاذًا ﷜ قَالَ : بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ قَالَ ((اِنَّکَ تَأْتِیْ قَوْمًا مِنْ اَھْلِ الْکِتَابِ فَادْعُھُمْ اِلٰی شَھَادَۃِ اَنْ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَاِنْ ھُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَأَعْلِمْھُمْ اَنَّ اللّٰہَ افْتَرَضَ عَلَیْھِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَلَیْلَۃٍ فَاِنْ ھُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَأَعْلِمْھُمْ اَنَّ اللّٰہَ افْتَرَضَ عَلَیْھِمْ صَدَقَۃً تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِیَائِھِمْ فَتُرَدُّ فِیْ فُقَرَائِھِمْ فَاِنْ ھُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَاِیَّاکَ وَ کَرَائِمَ اَمْوَالِھِمْ وَاتَّقِ دَعْوَۃَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّہٗ لَیْسَ بَیْنَھَا وَ بَیْنَ اللّٰہِ حِجَابٌ. رَوَاہُ مُسْلِمٌ❷

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا تو فرمایا ''تم اہل کتاب کے پاس جا رہے ہو انہیں توحید و رسالت کی دعوت دو، اگر وہ تمہاری بات مان لیں تو انہیں بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر دن رات میں پنجگانہ نماز فرض کی ہے۔ اگر وہ تمہاری یہ بات بھی مان لیں تو انہیں بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر زکاۃ فرض کی ہے جو کہ تمہارے مال داروں سے لی جائے گی اور تمہارے محتاجوں کو دی جائے گی۔ اگر وہ تمہاری یہ بات بھی مان لیں تو خبردار ان کے نفیس مال نہ لینا، اور مظلوم کی بددعا سے ڈرتے رہنا، کیونکہ اس کی بددعا اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں ہوتا ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے

❶ نیل الاوطار ، کتاب الزکاۃ ، باب الصرف فی سبیل اللہ وابن السبیل

❷ کتاب الایمان ، باب دعاء الی الشھادتین و شرائع الاسلام

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مسئلہ 97 زکاۃ کو تمام مصارف میں تقسیم کرنا ضروری نہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ اِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ هَلَكْتُ ، قَالَ ((مَالَكَ ؟)) قَالَ وَقَعْتُ عَلٰى اِمْرَأَتِيْ وَ اَنَا صَائِمٌ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((هَلْ تَجِدُ رَقَبَةً تُعْتِقُهَا ؟)) قَالَ : لاَ ، قَالَ ((فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟)) قَالَ : لاَ ، فَقَالَ ((هَلْ تَجِدُ اِطْعَامَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؟)) قَالَ : لاَ ، قَالَ فَمَكَثَ النَّبِيُّ ﷺ فَبَيْنَا نَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ اُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِعَرَقٍ فِيْهَا تَمْرٌ وَالْعَرَقُ الْمِكْتَلُ ، قَالَ ((أَيْنَ السَّائِلُ ؟)) فَقَالَ : اَنَا ، قَالَ ((خُذْهَا فَتَصَدَّقْ بِهِ )) فَقَالَ الرَّجُلُ : أَ عَلٰى اَفْقَرُ مِنِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ، فَوَاللّٰهِ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا يُرِيْدُ الْحَرَّتَيْنِ اَهْلُ بَيْتٍ اَفْقَرُ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ فَضَحِكَ النَّبِيُّ ﷺ حَتّٰى بَدَتْ اَنْيَابُهُ ، ثُمَّ قَالَ ((اَطْعِمْهُ اَهْلَكَ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ[1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک صحابی آیا اور کہنے لگا ''یارسول اللہ ﷺ میں ہلاک ہوگیا۔ نبی اکرم ﷺ نے پوچھا ''کیا بات ہے؟'' اس نے کہا ''میں روزے کی حالت میں بیوی سے صحبت کر بیٹھا ہوں۔'' رسول اللہ ﷺ نے پوچھا ''کیا تو ایک غلام آزاد کر سکتا ہے؟'' اس نے کہا ''نہیں۔'' نبی اکرم ﷺ نے پھر دریافت فرمایا ''کیا دو ماہ کے مسلسل روزے رکھ سکتے ہو؟'' اس نے عرض کیا ''نہیں۔'' نبی اکرم ﷺ نے پھر پوچھا ''کیا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتے ہو؟'' اس نے عرض کیا ''نہیں۔'' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اچھا بیٹھ جاؤ۔'' نبی اکرم ﷺ تھوڑی دیر رکے، ہم ابھی اسی حالت میں بیٹھے تھے کہ آپ ﷺ کی خدمت میں (زکاۃ) کی کھجوروں کا ایک عرق لایا گیا، عرق بڑے ٹوکرے کو کہا جاتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''یہ کھجوریں لے جا اور صدقہ کر دے۔'' اس نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ کیا صدقہ اپنے سے زیادہ محتاج لوگوں کو دوں؟ واللہ! مدینہ کی ساری آبادی میں کوئی گھر میرے گھر سے زیادہ محتاج نہیں۔'' رسول اللہ ﷺ ہنس دیئے یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کی داڑھیں نظر آنے لگیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اچھا جاؤ اپنے گھر والوں کو ہی کھلا دو۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

***

[1] صحیح بخاری ، کتاب الصوم ، باب اذا جامع فی رمضان..........

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مَــنْ لَّا تَحِــلُّ لَــهُ الــزَّكَاةُ

# زکاۃ کے غیر مستحق لوگ

**مسئلہ 98** نبی اکرم ﷺ اور آپ کی آل کے لئے زکاۃ حلال نہیں۔

**مسئلہ 99** رسول اللہ ﷺ اور آل رسول ﷺ مال زکاۃ سے بالاتر ہیں۔

عَنْ اَنَسٍ ؓ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ ﷺ بِتَمْرَةٍ فِي الطَّرِيْقِ ، قَالَ ((لَوْ لَا اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الصَّدَقَةِ لَاَكَلْتُهَا )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت انس ؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کو راستے میں ایک کھجور (گری ہوئی) نظر آئی تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا "اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ یہ کھجور صدقہ کی ہوگی تو میں اسے کھا لیتا۔" اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ؓ قَالَ اَخَذَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِيْ فِيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ ((كِخْ كِخْ )) لِيَطْرَحَهَا ثُمَّ قَالَ ((اَمَا شَعَرْتَ اَنَّا لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❷

حضرت ابو ہریرہ ؓ کہتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی ؓ نے صدقہ کی کھجوروں سے ایک کھجور لے کر منہ میں ڈال لی۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "دور کر، دور کر، اسے پھینک دے۔" پھر فرمایا "کیا تو جانتا نہیں کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے۔" اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِيْعَةَ ؓ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّ هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ اِنَّمَا هِيَ اَوْسَاخُ النَّاسِ وَ اِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ ﷺ وَ لَا لِآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❸

❶ صحیح مسلم، كتاب الزكاة ، باب تحريم الزكاة على رسول الله ﷺ

❷ صحیح بخاری ، كتاب الزكاة ، باب ما يذكر في الصدقة النبي ﷺ

❸ صحیح مسلم ، كتاب الزكاة ، باب تحريم الزكاة على رسول الله ﷺ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عبدالمطلب بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "صدقات لوگوں کی میل ہیں اور بے شک یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے حلال نہیں ہے۔" اسے مسلم نے روایت کیا ہے

**وضاحت :** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، آل علی رضی اللہ عنہ آل عقیل رضی اللہ عنہ، آل جعفر رضی اللہ عنہ آل عباس رضی اللہ عنہ اور آل حارث رضی اللہ عنہ سب شامل ہیں۔

## مسئلہ 100 غیر مسلم کو زکاۃ دینا جائز نہیں ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ ...... ((فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِيْ اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ وَ تُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ)) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا (تو فرمایا) "لوگوں کو بتانا کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے مالوں میں صدقہ فرض کیا ہے جو مسلمانوں کے اغنیاء سے لیا جائے گا اور ان کے فقیروں کو دیا جائے گا۔" اسے بخاری نے روایت کیا ہے

## مسئلہ 101 غنی اور تندرست آدمی کے لئے زکاۃ جائز نہیں ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ ((لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ وَ لَا لِذِيْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ)) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❷ (صحيح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "زکاۃ غنی اور تندرست آدمی کے لئے حلال نہیں ہے۔" اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 102 والدین کو زکاۃ دینا جائز نہیں ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ لِيْ مَالًا وَ وَلَدًا وَ اِنَّ وَالِدِيْ يَحْتَاجُ مَالِيْ قَالَ ((اَنْتَ وَ مَالُكَ لِوَالِدِكَ اِنَّ اَوْلَادَكُمْ مِنْ اَطْيَبِ كَسْبِكُمْ فَكُلُوْا مِنْ كَسْبِ اَوْلَادِكُمْ)) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ ❸ (صحيح)

❶ صحیح بخاری، کتاب الزکاۃ، باب وجوب الزکاۃ
❷ صحیح سنن الترمذی، للالبانی، الجزء الاول، رقم الحدیث 528
❸ صحیح سنن ابی داؤد، للالبانی، الجزء الثانی ل رقم الحدیث 3051

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا کہ ''میں صاحب مال ہوں اور میرا باپ میرے مال کا محتاج ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''تو اور تیرا مال سب تیرے باپ کا ہے۔'' نیز فرمایا ''اولاد تمہاری پاکیزہ کمائی ہے اپنی اولاد کی کمائی سے کھاؤ۔'' اسے ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 103 اولاد کو زکاۃ دینا جائز نہیں ہے۔**

**مسئلہ 104 بیوی کو زکاۃ دینا جائز نہیں ہے۔**

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : اَمَرَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالصَّدَقَةِ فَقَالَ رَجُلٌ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عِنْدِیْ دِیْنَارٌ فَقَالَ (( تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰی نَفْسِکَ )) قَالَ : عِنْدِیْ آخَرُ ، قَالَ (( تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰی وَلَدِکَ )) قَالَ : عِنْدِیْ آخَرُ ، قَالَ (( تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰی زَوْجَتِکَ )) اَوْ قَالَ : زَوْجِکَ ، قَالَ : عِنْدِیْ آخَرُ ، قَالَ (( تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰی خَادِمِکَ )) قَالَ : عِنْدِیْ آخَرُ ، قَالَ (( اَنْتَ اَبْصَرُ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ [1] (حسن)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا کہ ''میرے پاس ایک دینار ہے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اسے اپنے آپ پر خرچ کر۔'' کہنے لگا ''میرے پاس ایک اور ہے۔'' فرمایا ''اپنے بیٹے پر خرچ کر۔'' کہنے لگا ''میرے پاس ایک اور ہے۔'' فرمایا ''اسے اپنی بیوی پر خرچ کر۔'' کہنے لگا ''میرے پاس ایک اور ہے۔'' فرمایا ''اپنے خادم پر خرچ کر۔'' کہنے لگا ''میرے پاس ایک اور ہے۔'' فرمایا ''اب تو زیادہ جانتا ہے۔ (جہاں چاہے خرچ کر)'' اسے ابوداؤد اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت:** جن قرابت داروں کا نفقہ آدمی کے ذمہ واجب ہے۔ ان کو زکاۃ دینا جائز نہیں ہے۔ مثلاً ماں باپ، دادا، پڑدادا، بیٹا، پوتا، پڑپوتا وغیرہ اور بیوی۔

❊❊❊

[1] صحیح سنن ابی داؤد ، للالبانی ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 1483

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ذَمُّ الْمَسْئَلَةِ

# سوال کرنے کی مذمت

**مسئلہ 105** بے جا سوال کرنے سے بچنا چاہئے۔

عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حَزَامٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى وَ اَبْدَءْ بِمَنْ تَعُوْلُ وَ خَيْرُ الصَّدَقَةِ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَ مَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ )) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں ''اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے، پہلے اپنے بال بچوں عزیزوں کو دو اور عمدہ خیرات وہی ہے جس کو دے کر آدمی مالدار رہے اور جو کوئی سوال کرنے سے بچنا چاہے گا اللہ تعالیٰ اس کو بچائے گا اور جو کوئی بے پرواہی کی دعا کرے، اللہ تعالیٰ اسے بے پرواہ کردے گا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وَ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَامِ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((لَاَنْ يَاخُذَ اَحَدُكُمْ حَبْلَهُ فَيَأْتِيَ بِحُزْمَةِ الْحَطَبِ عَلٰى ظَهْرِهٖ فَيَبِيْعَهَا فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ اَعْطَوْهُ اَوْ مَنَعُوْهُ )) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے کوئی اپنی رسی لے کر (جنگل جائے) اور لکڑیوں کا ایک گٹھا اپنی پیٹھ پر اٹھا کر لائے پھر اسے بیچے اور اس کے سبب اللہ تعالیٰ اس کی آبرو رکھے، (ایسا کرنا) بہت بہتر ہے سوال کرنے سے (کیا معلوم) لوگ اسے دیں یا نہ دیں۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

---

❶ صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ ، باب لا صدقۃ الا عن ظھر غنی

❷ صحیح بخاری ، کتاب البیوع ، باب کسب الرجل و عملہ بیدہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مسئلہ 106 بے جا سوال کرنے والا حرام کھاتا ہے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 91 کے تحت ملاحظہ فرمائیں

## مسئلہ 107 مال جمع کرنے کے لئے مانگنا آگ کے انگارے جمع کرنا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ سَأَلَ النَّاسَ اَمْوَالَهُمْ تَكَثُّرًا فَاِنَّمَا يَسْأَلُ جَمْرًا فَلْيَسْتَقِلَّ اَوْ لِيَسْتَكْثِرْ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ”جو آدمی لوگوں سے ان کے اموال اس لئے مانگتا ہے کہ اپنا مال بڑھائے پس وہ آگ کے انگارے مانگتا ہے اب چاہے تو کم مانگے چاہے تو زیادہ مانگے۔“ اسے مسلم نے روایت کیا ہے

## مسئلہ 108 بے جا سوال کرنے والے کا سوال قیامت کے دن اس کے منہ پر زخم کی مانند نظر آئے گا۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ سَأَلَ النَّاسَ وَ لَهُ مَا يُغْنِيْهِ جَاءَ تْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُمُوْشٌ اَوْ خُدُوْشٌ اَوْ كُدُوْحٌ فِیْ وَجْهِهٖ )) فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! وَ مَا الْغِنٰی ؟ قَالَ ((خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا اَوْ قِيْمَتُهَا مِنَ الذَّهَبِ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنِّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحيح)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ ”جس نے امیری کے باوجود لوگوں سے مانگا وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا سوال اس کے منہ پر چھلے ہوئے زخم کا نشان بنا ہوگا۔“ آپ سے کہا گیا کہ ”کتنی چیز غنی کرتی ہے؟“ آپ ﷺ نے فرمایا ”پچاس درہم یا اس کی قیمت کا سونا۔“ اسے ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : پچاس درہم قریباً 17 تولہ چاندی کے برابر ہوتے ہیں۔

❀❀❀

---

❶ صحیح مسلم ، کتاب الزکاۃ ، باب من تحل له المسئلة

❷ صحیح سنن ابی داؤد ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1432

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# صَـــدَقَـــةُ الْفِــطْـرِ

## صدقۂ فطر کے مسائل

**مسئلہ 109** صدقۂ فطر فرض ہے۔

**مسئلہ 110** صدقہ فطر کا مقصد روزے کی حالت میں سرزد ہونے والے گناہوں سے خود کو پاک کرنا ہے۔

**مسئلہ 111** صدقہ فطر نماز عید سے قبل ادا کرنا چاہئے ورنہ عام صدقہ شمار ہوگا۔

**مسئلہ 112** صدقہ فطر کے مستحق وہی لوگ ہیں جو زکاۃ کے مستحق ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ زَكَاةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِلصَّائِمِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَ طُعْمَةً لِلْمَسَاكِيْنِ فَمَنْ أَدَّاهَا قَبْلَ الصَّلاَةِ ،فَهِيَ زَكَاةٌ مَقْبُوْلَةٌ ، وَ مَنْ أَدَّاهَا بَعْدَ الصَّلاَةِ فَهِيَ صَدَقَةٌ مِنَ الصَّدَقَاتِ . رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ [1] (صحيح)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صدقہ فطر، روزے دار کو بیہودگی اور فحش باتوں سے پاک کرنے کے لئے نیز محتاجوں کے کھانے کا انتظام کرنے کے لئے فرض کیا ہے۔ جس نے نماز عید سے پہلے ادا کیا اس کا صدقہ فطر ادا ہو گیا اور جس نے نماز عید کے بعد ادا کیا اس کا صدقہ فطر عام صدقہ شمار ہوگا۔“ اسے احمد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 113** صدقۂ فطر کی مقدار ایک صاع ہے، جو پونے تین سیر یا ڈھائی کلوگرام کے برابر ہے۔

**مسئلہ 114** صدقۂ فطر ہر مسلمان غلام ہو یا آزاد، مرد ہو یا عورت، چھوٹا ہو یا بڑا، روزہ

---

[1] صحيح سنن ابن ماجه ، للالباني ،الجزء الاول ، رقم الحديث 1480

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دار ہو یا غیر روزہ دار، صاحب نصاب ہو یا نہ ہو، سب پر فرض ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ عَلَى الْعَبْدِ وَالْحُرِّ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى وَالصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے رمضان کا صدقہ فطر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو، غلام، آزاد، مرد، عورت، چھوٹے، بڑے ہر مسلمان پر فرض کیا ہے۔ اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : جس شخص کے پاس ایک دن رات کی خوراک میسر نہ ہو وہ صدقہ ادا کرنے سے مستثنیٰ ہے۔

**مسئلہ 115** صدقۂ فطر غلہ کی صورت میں دینا افضل ہے۔

**مسئلہ 116** گیہوں، چاول، جَو، کھجور، منقہ یا پنیر میں سے جو چیز زیر استعمال ہو، وہی دینی چاہیے۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ ﷺ يَقُوْلُ : كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ أَقِطٍ أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيْبٍ .مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❷

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم صدقہ فطر ایک صاع غلہ یا ایک صاع جَو یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع پنیر یا ایک صاع منقہ دیا کرتے تھے۔" اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 117** صدقۂ فطر ادا کرنے کا وقت آخری روزہ افطار کرنے کے بعد شروع ہوتا ہے، لیکن عید سے ایک یا دو دن پہلے ادا کیا جا سکتا ہے۔

**مسئلہ 118** صدقۂ فطر گھر کے سرپرست کو گھر کے تمام افراد بیوی، بچوں اور ملازموں کی طرف سے ادا کرنا چاہیے۔

عَنْ نَافِعٍ ﷺ كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُعْطِيْ عَنِ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ حَتّٰى اِنْ

---

❶ صحیح بخاری، کتاب الزکاۃ، باب صدقۃ الفطر

❷ اللؤلؤ والمرجان، الجزء الاول، رقم الحدیث 572

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



كَانَ يُعْطِي عَنْ بَنِيَّ وَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُعْطِيهَا لِلَّذِيْنَ يَقْبَلُوْنَهَا وَ كَانُوْا يُعْطُوْنَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما گھر کے چھوٹے بڑے تمام افراد کی طرف سے صدقہ فطر دیتے تھے حتی کہ میرے بیٹوں کی طرف سے بھی دیتے تھے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما ان لوگوں کو دیتے تھے جو قبول کرتے اور عید الفطر سے ایک یا دو دن پہلے دیتے تھے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

★★★

❶ كتاب الزكاة ، باب صدقة الفطر على الحر والمملوك

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# صَدَقَةِ التَّطَوُّعِ
# نفلی صدقہ

**مسئلہ 119** حرام مال سے دی گئی زکاۃ یا صدقہ اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔

عَنْ اُسَامَةَ بْنِ عُمَيْرِ بْنِ عَامِرٍ ﷺ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لاَ يَقْبَلُ صَلاَةً بِغَيْرِ طُهُوْرٍ وَ لاَ صَدَقَةً مِنْ غُلُوْلٍ)) رَوَاهُ النَّسَائِيُّ [1] (صحيح)

حضرت اسامہ بن عمیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ”اللہ تعالیٰ وضو کے بغیر نماز اور حرام مال سے صدقہ قبول نہیں فرماتا۔“ اسے نسائی نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 120** حلال کمائی سے ایک کھجور کے برابر دیا گیا صدقہ بھی اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے۔

**مسئلہ 121** حلال کمائی سے کئے گئے معمولی صدقہ کا اجر وثواب اللہ تعالیٰ کئی گنا بڑھا کر دیتے ہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ وَ لاَ يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلاَّ الطَّيِّبَ وَ اِنَّ اللّٰهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِيْنِهِ ثُمَّ يُرَبِّيْهَا لِصَاحِبِهِ كَمَا يُرَبِّيْ اَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ حَتّٰى تَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ)) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [2]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”جو کوئی ایک کھجور کے برابر بھی حلال کمائی سے صدقہ کرے، اور اللہ تعالیٰ حلال کمائی سے ہی صدقہ قبول کرتا ہے۔ (حلال کمائی سے کیا گیا صدقہ) اللہ تعالیٰ دائیں ہاتھ میں لیتا ہے پھر اس کے مالک کے لئے اسے پالتا (بڑھاتا) رہتا ہے

[1] صحیح سنن النسائی ، للالبانی ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 2364

[2] صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ ، باب الصدقۃ من کسب طیب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



،جس طرح کوئی تم میں سے اپنا بچھیرا پالتا ہے یہاں تک کہ وہ (صدقہ) پہاڑ کے برابر ہو جاتا ہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 122 صدقہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم کا باعث بنتا ہے۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ بَیْنَا رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ فَسَمِعَ صَوْتًا فِیْ سَحَابَةٍ اسْقِ حَدِیْقَةَ فُلَانٍ فَتَنَحّٰی ذٰلِکَ السَّحَابُ فَأَفْرَغَ مَاءَهُ فِیْ حَرَّةٍ فَاِذَا شَرْجَةٌ مِنْ تِلْکَ الشِّرَاجِ قَدِ اسْتَوْعَبَتْ ذٰلِکَ الْمَاءَ کُلَّهُ فَتَتَبَّعَ الْمَاءَ فَاِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِیْ حَدِیْقَتِهٖ یُحَوِّلُ الْمَاءَ بِمِسْحَاتِهٖ فَقَالَ لَهٗ: یَا عَبْدَاللّٰهِ ! مَا اسْمُکَ ؟ قَالَ : فُلَانٌ لِلْاِسْمِ الَّذِیْ سَمِعَ فِی السَّحَابَةِ ، فَقَالَ لَهٗ : یَا عَبْدَاللّٰهِ ! لِمَ تَسْأَلُنِیْ عَنْ اِسْمِیْ ؟ فَقَالَ : اِنِّیْ سَمِعْتُ صَوْتًا فِی السَّحَابِ الَّذِیْ هٰذَا مَاؤُهُ یَقُوْلُ اسْقِ حَدِیْقَةَ فُلَانٍ لِاِسْمِکَ فَمَا تَصْنَعُ فِیْهَا، قَالَ : اَمَّا اِذْ قُلْتَ هٰذَا فَاِنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی مَا یَخْرُجُ مِنْهَا فَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثِهٖ وَ آکُلُ اَنَا وَ عِیَالِیْ ثُلُثًا وَاَرُدُّ فِیْهَا ثُلُثَهٗ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ**[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا''ایک شخص جنگل میں کھڑا تھا اس نے بادل سے آواز سنی (کسی نے آواز دی) کہ فلاں آدمی کے باغ کو پانی پلاؤ چنانچہ بادل ایک طرف چلا اور اپنا پانی ایک سنگلاخ زمین پر انڈیل دیا اچانک نالیوں میں سے ایک نالے نے سارا پانی جمع کر لیا وہ آدمی پانی کے پیچھے چلا۔ دیکھا کہ ایک شخص اپنے باغ میں کھڑا ہے اور اپنے بیلچے سے پانی ادھر اُدھر تقسیم کر رہا ہے۔ اس آدمی نے کہا''اللہ کے بندے تمہارا کیا نام ہے؟'' اس نے کہا''فلاں۔'' وہی نام جو اس نے بادل سے سنا تھا۔ پھر اس نے دریافت کیا کہ''اے اللہ کے بندے! تو میرا نام کیوں پوچھتا ہے؟'' اس نے کہا''کہ میں نے اس بادل سے، جس کا یہ پانی ہے آواز سنی تھی کہ فلاں کے باغ کو پانی پلا اور تیرا نام لیا (میں جاننا چاہتا ہوں) تو اپنے باغ میں کیا کرتا ہے؟'' اس نے کہا ''جب تو نے پوچھا ہے تو میں بتا دیتا ہوں، کہ جو کچھ میرے باغ میں پیدا ہوتا ہے، اس کا تہائی حصہ صدقہ کر دیتا ہوں اور ایک تہائی سے میں اور میرا عیال کھاتا ہے اور ایک تہائی اس باغ میں لگا دیتا ہوں۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے

[1] مختصر صحیح مسلم ، للالبانی ، رقم الحدیث 354

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**مسئلہ 123** صدقہ اللہ تعالیٰ کے غصہ کو دور کرتا ہے اور بری موت سے بچاتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((صَدَقَةُ السِّرِّ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ وَ صِلَةُ الرَّحِمِ تَزِيْدُ فِي الْعُمْرِ وَ فِعْلُ الْمَعْرُوْفِ يَقِي مَصَارِعَ السُّوْءِ)) رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ ❶ (صحیح)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''پوشیدہ صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے صلہ رحمی عمر میں اضافہ کرتی ہے نیک عمل آدمی کو برائی کے گڑھے میں گرنے سے بچاتی ہے۔'' اسے بیہقی نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 124** قیامت کے دن مومن اپنے صدقہ کے سایہ میں ہوگا۔

عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ : حَدَّثَنِیْ بَعْضُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ (( اِنَّ ظِلَّ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَدَقَتُهُ )) رَوَاهُ اَحْمَدُ ❷ (صحیح)

حضرت مرثد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے بعض صحابہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ فرماتے تھے ''قیامت کے روز صدقہ ایماندار کے لئے سایہ ہوگا۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 125** معمولی چیز کا صدقہ بھی آگ سے بچا سکتا ہے۔

عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((اِتَّقُوا النَّارَ وَ لَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ )) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ''جہنم کی آگ سے بچو خواہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی دے کر بچو۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 126** افضل ترین صدقہ پانی پلانا ہے۔

عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّهُ قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِنَّ اُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ

---

❶ صحیح جامع الصغیر ، للالبانی ، الجزء الثالث، رقم الحدیث 3654
❷ مشکوۃ المصابیح ، کتاب الزکاۃ ، باب فضل الصدقۃ ، الفصل الثالث.
❸ صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ ، باب اتقوا النار و لو بشق تمرۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَفْضَلُ ؟ قَالَ ((اَلْمَاءُ)) قَالَ :فَحَفَرَ بِئْرًا ، وَ قَالَ : هٰذِهٖ لِاُمِّ سَعْدٍ. رَوَاهُ اَبُوْدَاؤْدَ❶ (حسن)

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔انہوں نے کہا ''اے اللہ کے رسول ﷺ! سعد کی ماں فوت ہوگئی پس کون سا صدقہ افضل ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''پانی پلانا۔'' انہوں نے ایک کنواں کھودا اور کہا کہ ''یہ سعد کی ماں کے (ثواب کے) لئے ہے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے

**مَسْئلہ 127** صدقہ کے لئے سفارش کرنے والے کو بھی ثواب ملتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْهِ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا جَاءَهُ السَّائِلُ اَوْ طُلِبَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ قَالَ ((اِشْفَعُوْا تُؤْجَرُوْا وَ يَقْضِي اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ ﷺ مَا شَاءَ)) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❷

حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں جب نبی اکرم ﷺ کے پاس کوئی سائل آتا یا کوئی آدمی اپنی حاجت بیان کرتا تو آپ ﷺ (لوگوں سے) فرماتے ''تم سفارش کرو تمہیں بھی ثواب ملے گا، اور اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر کی زبان سے جو چاہے گا دلائے گا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے

**مَسْئلہ 128** صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ وَ مَا زَادَ اللّٰهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا وَ مَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ لِلّٰهِ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❸

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا معاف کرنے سے اللہ عزت بڑھاتا ہے اور عاجزی اختیار کرنے پر اللہ بلند مرتبہ عطا فرماتا ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے

**مَسْئلہ 129** تندرستی اور مال کی خواہش کے زمانہ میں صدقہ دینا افضل ہے۔

**مَسْئلہ 130** صدقہ دینے میں جلدی کرنا چاہئے۔

---

❶ صحیح سنن ابی داؤد ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1474

❷ صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ ، باب التحریض علی الصدقة والشفاعة فیھا

❸ مشکوۃ المصابیح ، کتاب الزکاۃ ، باب فضل الصدقة ، الفصل الاول

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اَىُّ الصَّدَقَةِ اَعْظَمُ اَجْرًا ؟ قَالَ (( اَنْ تَصَدَّقَ وَ اَنْتَ صَحِيْحٌ شَحِيْحٌ تَخْشَى الْفَقْرَ وَ تَاْمُلُ الْغِنٰى وَ لَا تُمْهِلْ حَتّٰى اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ قُلْتَ لِفُلَانٍ كَذَا وَ لِفُلَانٍ كَذَا وَ قَدْ كَانَ لِفُلَانٍ )) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا ''اے اللہ کے رسول ﷺ ! کون سا صدقہ اجر میں افضل ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''وہ صدقہ جو تو تندرستی کی حالت میں کرے، تجھے غربت کا خوف بھی ہو اور دولت کی خواہش بھی اور (یاد رکھو) صدقہ کرنے میں دیر نہ کرنا کہیں جان حلق میں آ جائے اور پھر تو کہے کہ فلاں کے لئے اتنا صدقہ اور فلاں کے لئے اتنا صدقہ حالانکہ اس وقت تو تیرا مال غیروں کا ہو ہی چکا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 131 مسلمان کے باغ یا کھیت سے جانور جو کھا جائیں وہ صدقہ ہے۔**

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا اَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَاْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ اَوْ اِنْسَانٌ اَوْ بَهِيْمَةٌ اِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ ❷

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''کوئی مسلمان نہیں جو درخت لگائے یا کھیتی سینچے، پھر اس سے انسان یا پرندے یا چار پائے کھائیں مگر وہ اس کے لئے صدقہ ہے۔'' اسے بخاری مسلم نے روایت کیا ہے اور یہ لفظ بخاری کے ہیں۔

**مسئلہ 132 عورت اپنے گھر کے خرچہ سے صدقہ دے سکتی ہے۔**

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ كَانَ لَهَا اَجْرُهَا بِمَا اَنْفَقَتْ وَ لِزَوْجِهَا اَجْرُهُ بِمَا كَسَبَ وَ لِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ لَا يَنْقُصُ بَعْضُهُمْ اَجْرَ بَعْضٍ شَيْئًا )) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

---

❶ صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ ، باب فضل الصدقۃ الشحیح الصحیح

❷ مشکوۃ المصابیح ، کتاب الزکاۃ ، باب فضل الصدقۃ ، الفصل الاول

❸ صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ ، باب من امر خادمہ بالصدقۃ و لم یناول بنفسہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''جب عورت گھر کے کھانے سے صدقہ دے بشرطیکہ (شوہر کے ساتھ) بگاڑ کی نیت نہ ہو تو اسے اس کا اجر ملے گا اور اس کے خاوند کو کمائی کرنے کا اجر ملے گا اور خزانچی کو بھی اتنا ہی، اور کسی کا ثواب دوسرے کے ثواب کو کم نہیں کرے گا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 133** صدقہ دے کر واپس لینا جائز نہیں اور خریدنا نامناسب ہے۔

عَنْ عَمَرِ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ يَقُوْلُ حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَأَضَاعَهُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَهُ فَأَرَدْتُ اَنْ اَشْتَرِيَهُ وَظَنَنْتُ اَنَّهُ يَبِيْعُهُ بِرُخْصٍ فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ ((لَا تَشْتَرِيْ وَ لَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ وَ اِنْ اَعْطَاكَهُ بِدِرْهَمٍ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهٖ كَالْعَائِدِ فِيْ قَيْئِهٖ)) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک گھوڑا سواری کے لئے اللہ کی راہ میں دیا۔ جس کو دیا تھا اس نے اسے ضائع کر دیا (پوری خدمت نہ کی) تو میں نے اس کو خریدنا چاہا اور خیال کیا کہ وہ سستا بیچ دے گا۔ میں نے رسول اکرم ﷺ سے پوچھا آپ ﷺ نے فرمایا ''اسے مت خریدو اور اپنے صدقہ کو واپس نہ لو، خواہ وہ تم کو ایک درہم میں دے، کیوں کہ صدقہ دے کر واپس لینے والا ایسا ہے، جیسا قے کر کے چاٹنے والا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے

**مَسئلہ 134** میت کی طرف سے صدقہ کرنا جائز ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلًا قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِنَّ اُمِّيْ تُوُفِّيَتْ أَفَيَنْفَعُهَا اَنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا ؟ قَالَ ((نَعَمْ)) قَالَ : فَاِنَّ لِيْ مَخْرَفًا فَأُشْهِدُكَ اَنِّيْ قَدْ تَصَدَّقْتُ بِهٖ عَنْهَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ [2] (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے کہا ''اے اللہ کے رسول ﷺ! میری والدہ فوت ہوگئی ہے اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا اسے فائدہ ہوگا؟'' آپ نے فرمایا ''ہاں۔'' اس نے کہا ''میرا ایک باغ ہے میں آپ کو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے اس کی طرف سے صدقہ کر

1. صحیح بخاری، کتاب الزکاۃ، باب هل یشتری الرجل صدقته
2. صحیح سنن الترمذی، للالبانی، الجزء الاول، رقم الحدیث 538

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیا۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے

**مَسئلہ 135** فقیر آدمی، غنی یا آل ہاشم کے کسی فرد کو صدقہ کے مال سے ہدیہ دے سکتا ہے۔

عَنْ اَنَسٍ ﷺ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ اُتِیَ بِلَحْمٍ قَالَ ((مَا هٰذَا؟ )) قَالُوْا : شَیْءٌ تُصُدِّقَ بِهٖ عَلٰی بَرِیْرَةَ ، فَقَالَ (( هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَ لَنَا هَدِیَّةٌ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ❶ (صحیح)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے پاس گوشت لایا گیا آپ نے پوچھا ''یہ گوشت کیسا ہے؟'' کہا گیا کہ ''بریرہ (آزاد کردہ لونڈی) پر کسی نے صدقہ کیا ہے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''وہ اس کے لئے صدقہ ہے اور ہمارے لئے ہدیہ ہے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے

**مَسئلہ 136** احسان جتلانے سے صدقہ کا ثواب ضائع ہو جاتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((ثَلاَثَةٌ لاَ یُکَلِّمُهُمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَ لاَ یَنْظُرُ اِلَیْهِمْ وَ لاَ یُزَکِّیْهِمْ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ اَلْمَنَّانُ بِمَا اَعْطٰی وَالْمُسْبِلُ اِزَارَهٗ وَ الْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهٗ بِالْحَلْفِ الْکَاذِبِ )) رَوَاهُ النِّسَائِیُّ❷ (صحیح)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تین آدمیوں سے نہ کلام کرے گا نہ ان کی طرف دیکھے گا نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا ① دے کر احسان جتانے والا ② تہ بند لٹکانے والا ③ اور جھوٹی قسم سے اپنا سودا بیچنے والا۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 137** ہر نیکی کا کام صدقہ ہے۔

عَنْ حُذَیْفَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ نَبِیُّکُمْ ﷺ ((کُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❸

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ تمہارے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے ''ہر نیکی کا کام صدقہ ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے

❶ صحیح سنن ابی داؤد ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1457

❷ صحیح سنن النسائی ، للالبانی ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 2404

❸ صحیح مسلم ، کتاب الزکاۃ ، باب بیان ان اسم الصدقة یقع علی کل نوع من المعروف

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مَسَـــائِلٌ مُتَفَرِّقَـــةٌ

## متفرق مسائل

**مَسئلہ 138** حکومت زکاۃ لے لے تو آدمی فرض سے بری الذمہ ہو جاتا ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ ﷺ اَنَّهُ قَالَ اَتٰی رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ تَمِیْمٍ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ : اِذَا اَدَّیْتُ الزَّکَاۃَ اِلٰی رَسُوْلِکَ فَقَدْ بَرِئْتُ مِنْهَا اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((نَعَمْ اِذَا اَدَّیْتَهَا اِلٰی رَسُوْلِیْ فَقَدْ بَرِئْتَ مِنْهَا فَلَکَ اَجْرُهَا وَ اِثْمُهَا عَلٰی مَنْ بَدَّلَهَا)) رَوَاهُ اَحْمَدُ❶ (حسن)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے کہا ''جب میں زکاۃ آپ کے قاصد کو دے دوں تو کیا میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے ہاں بری الذمہ ہو گیا؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''ہاں جب تو نے مجھے ادا کر دیا، تو تُو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ہاں بری الذمہ ہو گیا، تجھے اس کا اجر ملے گا اور جو اس میں ناجائز تصرف کرے گا اس کا گناہ اسی پر ہے۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 139** بیوی کا اپنے ذاتی مال سے غریب خاوند کو زکاۃ دینا نہ صرف جائز بلکہ افضل ہے۔

عَنْ زَیْنَبَ امْرَأَۃِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَتْ : کُنْتُ فِی الْمَسْجِدِ فَرَأَیْتُ النَّبِیَّ ﷺ فَقَالَ ((تَصَدَّقْنَ وَ لَوْ مِنْ حُلِیِّکُنَّ)) وَ کَانَتْ زَیْنَبُ تُنْفِقُ عَلٰی عَبْدِاللّٰهِ وَ اَیْتَامٍ فِیْ حَجْرِهَا قَالَ : فَقَالَتْ لِعَبْدِ اللّٰهِ سَلْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَیَجْزِیْ عَنِّیْ اَنْ اُنْفِقَ عَلَیْکَ وَ عَلٰی اَیْتَامٍ فِیْ حَجْرِیْ مِنَ الصَّدَقَةِ ، فَقَالَ سَلِیْ اَنْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَانْطَلَقْتُ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَوَجَدْتُ امْرَأَۃً مِنَ الْاَنْصَارِ عَلَی الْبَابِ حَاجَتُهَا مِثْلُ حَاجَتِیْ فَمَرَّ عَلَیْنَا بِلَالٌ فَقُلْنَا : سَلِ

❶ نیل الاوطار ، کتاب الزکاۃ ، باب براۃ رب المال بالدفع الی السلطان

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



النَّبِیَّ ﷺ أَیَجْزِیُ عَنِّیْ اَنْ اُنْفِقَ عَلٰی زَوْجِیْ وَ اِیْتَامٍ لِیْ فِیْ حَجْرِیْ وَ قُلْنَا لَا تُخْبِرْبِنَا فَدَخَلَ فَسَأَلَهُ فَقَالَ ((مَنْ هُمَا؟)) قَالَ : زَیْنَبُ ، قَالَ ((اَیُّ الزَّیَانِبِ؟)) قَالَ: امْرَأَۃُ عَبْدِاللّٰهِ ، قَالَ ((نَعَمْ لَهَا اَجْرَانِ اَجْرُ الْقَرَابَةِ وَ اَجْرُ الصَّدَقَةِ)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے مسجد میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا۔آپ نے فرمایا ''صدقہ کرو اگر چہ اپنے زیوروں سے ہو۔'' اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ پر اور کچھ یتیموں پر جوان کی پرورش میں تھے خرچ کیا کرتی تھیں۔انہوں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا ''نبی اکرم ﷺ سے پوچھو'' اگر میں اپنا صدقہ اپنے خاوند اور چند یتیم بچوں کو جو میری پرورش میں ہیں، دے دوں تو کیا درست ہے؟'' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا ''تم خود ہی جا کر نبی ﷺ سے دریافت کرلو۔'' آخر حضرت زینب رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کے پاس آئیں۔وہاں ایک انصاری عورت کو دروازے پر پایا۔وہ بھی میرے جیسا مسئلہ پوچھنے آئی تھی۔اتنے میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمارے سامنے سے نکلے، ہم نے ان سے کہا ''نبی اکرم ﷺ سے پوچھو'' اگر میں اپنے خاوند اور چند یتیموں کو جو میری پرورش میں ہیں زکاۃ دوں تو کیا درست ہے؟'' ہم نے کہہ دیا کہ ہمارا نام نہ لینا۔حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ سے عرض کیا کہ ''دو عورتیں یہ مسئلہ پوچھتی ہیں'' ۔آپ ﷺ نے فرمایا ''کون سی عورتیں؟'' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا ''زینب نامی۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''کون سی زینب؟'' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی بیوی۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''بے شک درست ہے اور ان کو دوگنا ثواب ملے گا ایک تو قرابت داری کا اجر اور دوسرا زکاۃ کا اجر۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 140 اپنے عزیز واقارب اور رشتہ داروں کو زکاۃ دینا افضل ہے۔**

عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ ﷺ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ ((اِنَّ الصَّدَقَةَ عَلَی الْمِسْکِیْنِ صَدَقَةٌ وَ عَلٰی ذِی الرَّحِمِ اثْنَتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ)) رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَ النَّسَائِیُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحیح)

حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''مسکین کو زکاۃ دینا اکہرا ثواب ہے اور رشتہ دار کو زکاۃ دینا دوہرا ثواب ہے، ایک زکاۃ کا اور دوسرا صلہ رحمی کا۔'' اسے ترمذی، نسائی اور ابن

❶ صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ ، باب الزکاۃ علی الزوج والایتام فی الحجر

❷ صحیح سنن النسائی ، للالبانی ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 2420

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ماجہ نے روایت کیا ہے۔

### مسئلہ 141 غلطی سے زکاۃ صدقہ غیر مستحق یا فاسق آدمی کو دے دیا جائے تب بھی اس کا پورا ثواب مل جاتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ : قَالَ (( رَجُلٌ لَا تَصَدَّقَنَّ اللَّیْلَةَ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِیْ یَدِ زَانِیَةٍ فَاَصْبَحُوْا یَتَحَدَّثُوْنَ تُصُدِّقَ اللَّیْلَةَ عَلٰی زَانِیَةٍ ، قَالَ : اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی زَانِیَةٍ لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِیْ یَدِ غَنِیٍّ فَاَصْبَحُوْا یَتَحَدَّثُوْنَ تُصُدِّقَ عَلٰی غَنِیٍّ ، قَالَ : اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی غَنِیٍّ لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِیْ یَدِ سَارِقٍ فَاَصْبَحُوْا یَتَحَدَّثُوْنَ تُصُدِّقَ عَلٰی سَارِقٍ ، فَقَالَ : اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی زَانِیَةٍ وَ عَلٰی غَنِیٍّ وَعَلٰی سَارِقٍ فَاُتِیَ فَقِیْلَ لَهٗ اَمَّا صَدَقَتُکَ فَقَدْ قُبِلَتْ اَمَّا الزَّانِیَةُ فَلَعَلَّهَا تَسْتَعِفُّ بِهَا عَنْ زِنَاهَا وَ لَعَلَّ الْغَنِیَّ یَعْتَبِرُ فَیُنْفِقُ مِمَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ وَ لَعَلَّ السَّارِقَ یَسْتَعِفُّ بِهَا عَنْ سَرِقَتِهٖ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "ایک آدمی نے کہا "میں آج کی رات صدقہ دوں گا۔" وہ اپنا صدقہ لے کر نکلا اور ایک زانیہ عورت کے ہاتھ میں دے دیا۔ صبح کو لوگ چرچا کرنے لگے کہ رات ایک زانیہ کو صدقہ دیا گیا ہے۔ اس نے کہا "اے اللہ! تعریف تیرے ہی لئے ہے میرا صدقہ زانیہ کو مل گیا۔ اس نے کہا "کہ میں آج رات پھر صدقہ کروں گا۔" وہ صدقہ لے کر نکلا اور ایک مال دار کو دے دیا۔ لوگوں نے باتیں کیں کہ آج کوئی مال دار کو صدقہ دے گیا۔ اس نے کہا "اے اللہ! تعریف تیرے ہی لئے ہے میرا صدقہ مال دار کے ہاتھ لگ گیا ہے، میں آج پھر صدقہ دوں گا۔" وہ صدقہ لے کر نکلا اور ایک چور کے ہاتھ میں دے دیا۔ صبح لوگوں نے کہنا شروع کر دیا "رات کسی نے چور کے ہاتھ میں صدقہ دے دیا۔" اس نے کہا کہ "اے اللہ! تعریف تیرے ہی لئے ہے۔ میرا صدقہ زانیہ، غنی اور چور کے ہاتھ لگ گیا۔" پس اسے (خواب میں) کہا گیا "تیرے سب صدقے قبول ہو گئے، زانیہ کو اس لئے کہ شاید وہ زنا سے بچ جائے، غنی کو اس لئے کہ شاید اسے شرم آئے اور عبرت ہو اور چور کو اس لئے کہ شاید وہ چوری سے باز آ جائے۔" اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

[1] صحیح مسلم ، کتاب الزکاۃ ، باب ثبوت اجر المتصدق و ان وقعت الصدقۃ فی ید فاسق

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وضاحت : عزیز و اقارب اور رشتہ داروں میں سے والدین اور اولاد مستثنیٰ ہے۔انہیں زکاۃ نہیں دی جا سکتی۔ملاحظہ ہو مسئلہ نمبر102-103

## مَسئلہ 142 زکاۃ کے مستحق مسکین کی تعریف۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((لَیْسَ الْمِسْكِیْنُ الَّذِیْ یَطُوْفُ عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلٰكِنَّ الْمِسْكِیْنَ الَّذِیْ لَا یَجِدُ غِنًى یُغْنِیْهِ وَ لَا یُفْطَنُ لَهٗ فَیُتَصَدَّقُ عَلَیْهِ وَ لَا یَقُوْمُ فَیَسْاَلُ النَّاسَ)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "مسکین وہ نہیں جو لوگوں کے پاس گھومتا رہتا ہے، ایک لقمہ یا دو لقمہ ایک کھجور یا دو کھجور کی خواہش اسے در بدر لئے پھرتی ہے بلکہ (در حقیقت مسکین وہ ہے جس کو اتنی دولت نہیں ملتی جو اسے مانگنے سے ) بے پرواہ کر دے نہ ہی کوئی اس کا حال جانتا ہے کہ اسے صدقہ دے۔نہ ہی وہ کسی سے سوال کرنے کو نکلتا ہے۔" اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

## مَسئلہ 143 دوسروں سے سوال نہ کرنے والے کے لئے رسول اکرم ﷺ نے جنت کی ضمانت دی ہے۔

عَنْ ثَوْبَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ یَكْفُلُ لِیْ اَنْ لَا یَسْاَلَ النَّاسَ شَیْئًا فَاَتَكَفَّلُ لَهٗ بِالْجَنَّةِ)) فَقَالَ : ثَوْبَانُ اَنَا فَكَانَ لَا یَسْاَلُ اَحَدًا شَیْئًا . رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ ❷ (صحیح)

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا "جو شخص میرے ساتھ عہد کرے کہ لوگوں سے کچھ نہ مانگے گا تو میں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں۔" حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا "میں عہد کرتا ہوں۔" چنانچہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کسی سے کچھ نہ مانگتے تھے۔اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

## مَسئلہ 144 آل ہاشم کے کسی فرد یا ان کے کسی غلام کو زکاۃ وصول کرنے پر عامل مقرر نہیں کرنا چاہئے۔

عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ بَعَثَ رَجُلًا عَلَى الصَّدَقَةِ مِنْ بَنِیْ مَخْزُوْمٍ فَقَالَ لِاَبِیْ رَافِعٍ اَصْحَبْنِیْ فَاِنَّكَ تُصِیْبُ مِنْهَا قَالَ : حَتّٰى اٰتِیَ النَّبِیَّ ﷺ فَاَسْاَلَهٗ فَاَتَاهُ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ

❶ صحیح بخاری ، باب قول الله عزوجل ﴿ لا یسئلون الناس الحافا ﴾
❷ صحیح سنن ابی داؤد ، للالبانی، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1446

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



((مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَ إِنَّا لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ)) رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ ❶ (صحیح)

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی مخزوم میں سے ایک شخص کو زکاۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا۔اس آدمی نے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے کہا ''تم بھی میرے ساتھ چلو تاکہ تم کو بھی زکاۃ میں سے کچھ مل جائے۔'' حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے کہا ''اچھا پہلے میں دریافت کرلوں۔'' پھر حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے مسئلہ پوچھا آپ نے فرمایا ''قوم کا غلام بھی انہیں میں سے ہوتا ہے اور ہمارے لئے صدقہ حلال نہیں ہے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے

## مسئلہ 145 مقروض مال دار پر زکاۃ واجب نہیں۔

عَنْ يَزِيْدِ بْنِ خُصَيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ أَنَّهُ سَأَلَ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ لَهُ مَالٌ وَ عَلَيْهِ دَيْنٌ مِثْلُهُ أَ عَلَيْهِ زَكَاةٌ ؟ فَقَالَ : لَا . رَوَاهُ مَالِكٌ ❷

حضرت یزید بن خصیفہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ انہوں نے سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ ''ایک آدمی مال دار ہے، اور اس پر قرض بھی ہے کیا اس پر زکاۃ ہے؟'' انہوں نے کہا ''نہیں۔'' اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 146 مال ضمار (جس مال کے واپس ملنے کی امید نہ ہو) کی زکاۃ کا حکم۔

عَنْ أَيُّوْبَ بْنِ أَبِيْ تَمِيْمَةَ السَّخْتِيَانِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِالْعَزِيْزِ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَتَبَ فِيْ مَالٍ قَبَضَهُ بَعْضُ الْوُلَاةِ ظُلْمًا يَأْمُرُ بِرَدِّهِ إِلَى أَهْلِهِ وَ يُؤْخَذُ زَكَاتُهُ لِمَا مَضَى مِنَ السِّنِيْنَ ثُمَّ عَقَبَ بَعْدَ ذٰلِكَ بِكِتَابٍ أَنْ لَا يُؤْخَذَ مِنْهُ إِلَّا زَكَاةٌ وَاحِدَةٌ فَإِنَّهُ كَانَ ضِمَارٌ . رَوَاهُ مَالِكٌ ❸

حضرت ایوب بن ابی تمیمہ سختیانی رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے ایک مال کے سلسلہ میں جسے بعض حاکموں نے ظلم سے چھین لیا تھا، لکھا کہ ''مالک کو اس کا مال واپس کریں اور اس میں

❶ صحيح سنن ابى داؤد ،للالبانى ، الجزء الاول، رقم الحديث 1452
❷ مؤطا امام مالك، كتاب الزكاة ، باب الزكاة فى الدين
❸ مؤطا امام مالك، كتاب الزكاة ، باب الزكاة فى الدين

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے گزرے ہوئے سالوں کی زکاۃ وصول کرلیں۔اس کے بعد پھر خط لکھا کہ اس مال سے گزشتہ تمام سالوں کی زکاۃ نہ لی جائے بلکہ صرف ایک دفعہ زکاۃ لے لی جائے، کیوں کہ وہ مال ضمار تھا۔اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** جس مال کے واپس ملنے کا یقین ہو(مثلاً قرض یا پراویڈنٹ فنڈ وغیرہ)اس پر سال بہ سال زکاۃ ادا کرنا واجب ہے۔لیکن جس مال کے واپس ملنے کی امید نہ ہو جب مل جائے تو گزشتہ تمام سالوں کی زکاۃ ادا کرنے کی بجائے مال ضمار کی طرح ایک مرتبہ زکاۃ ادا کر دینا کافی ہے۔واللہ اعلم بالصواب!

***

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# أَلْاَحَادِيْثُ الضَّعِيْفَةُ وَالْمَوْضُوْعَةُ

## ضعیف اور موضوع احادیث

① فِي الرِّكَازِ الْعُشْرِ

''رکاز (دفن شدہ خزانہ) میں دسواں حصہ زکاۃ ہے۔''

وضاحت : یہ حدیث ضعیف ہے۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔ الفوائد المجموعہ فی الاحادیث الموضوعہ حدیث نمبر 175

② لَيْسَ فِي الْحُلِيِّ زَكَاةٌ

''زیور میں زکاۃ نہیں ہے۔''

وضاحت : یہ حدیث بے اصل ہے۔ بحوالہ سابقہ حدیث نمبر 178

③ اَعْطُوا السَّائِلَ وَ اِنْ جَاءَ عَلٰى فَرَسٍ

''سوالی کو کچھ دو خواہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر ہی آئے۔''

وضاحت : یہ حدیث موضوع ہے۔ بحوالہ سابق حدیث نمبر 187

④ مَنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ صَدَقَةٌ فَلْيَلْعَنِ الْيَهُوْدَ فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ

''جس کے پاس صدقہ دینے کے لئے کچھ نہ ہو وہ یہودیوں پر لعنت کرے (اس کی طرف سے) یہی صدقہ ہوگا۔''

وضاحت : یہ حدیث ضعیف ہے ۔ بحوالہ سابق حدیث نمبر 190

⑤ مَنْ قَضَى لِمُسْلِمٍ حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا قَضَى اللّٰهُ لَهُ اثْنَيْنِ وَ سَبْعِيْنَ حَاجَةً اَسْهَلُهَا الْمَغْفِرَةُ

''جس نے دنیا میں کسی محتاج کی حاجت پوری کی اللہ تعالیٰ اس کی بہتر (72) حاجتیں پوری فرمائے گا جن میں سے سب سے کم تر درجہ کی حاجت مغفرت ہوگی۔''

وضاحت : یہ حدیث ضعیف ہے ۔ بحوالہ سابق حدیث نمبر 203

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



⑥ مَنْ رَبّٰی صَبِیًّا حَتّٰی یَقُوْلَ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ لَمْ یُحَاسِبْهُ اللّٰهُ

''جس نے کسی بچے کی پرورش کی حتی کہ وہ لا الہ الا اللہ کہنے لگے، اللہ تعالیٰ اس سے حساب نہیں لے گا۔''

وضاحت : یہ حدیث ضعیف ہے ۔بحوالہ سابق حدیث نمبر 208

⑦ اِنَّ السَّخِیَّ قَرِیْبٌ مِنَ النَّاسِ قَرِیْبٌ مِنَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِنَ الْجَنَّةِ بَعِیْدٌ مِنَ النَّارِ وَ اِنَّ الْبَخِیْلَ بَعِیْدٌ مِنَ اللّٰهِ بَعِیْدٌ مِنَ النَّاسِ بَعِیْدٌ مِنَ الْجَنَّةِ قَرِیْبٌ مِنَ النَّارِ وَالْفَاجِرُ السَّخِیُّ اَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ مِنْ عَابِدٍ بَخِیْلٍ

''سخی آدمی لوگوں کے قریب ہے۔ اللہ تعالیٰ اور جنت کے قریب ہے۔ آگ سے دور ہے۔ جبکہ بخیل اللہ تعالیٰ سے دور ہے۔ لوگوں سے دور ہے، جنت سے دور ہے۔ آگ کے قریب ہے اور فاجر سخی اللہ تعالیٰ کو بخیل عابد سے زیادہ پسند ہے۔

وضاحت : یہ حدیث ضعیف ہے ۔بحوالہ سابق حدیث نمبر 211

⑧ اَلْجَنَّةُ دَارُ الْاَسْخِیَاءِ

''جنت سخی لوگوں کا گھر ہے۔''

وضاحت : یہ حدیث ضعیف ہے ۔بحوالہ سابق حدیث نمبر 214

⑨ اَلسَّخِیُّ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْهُ وَ اِنِّیْ لَاَرْفَعُ عَنِ السَّخِیِّ عَذَابُ الْقَبْرِ

''سخی مجھ سے ہے اور میں سخی سے ہوں اور میں سخی سے عذاب قبر ہٹادوں گا۔''

وضاحت : یہ حدیث ضعیف ہے ۔بحوالہ سابق حدیث نمبر 216

⑩ حَلَفَ اللّٰهُ بِعِزَّتِهٖ وَ عَظْمَتِهٖ وَ جَلاَلِهٖ لاَ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ بَخِیْلٌ

''اللہ تعالیٰ نے اپنی عزت، عظمت اور جلال کی قسم کھائی کہ بخیل جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''

وضاحت : یہ حدیث موضوع ہے ۔بحوالہ سابق حدیث نمبر 222

KITABOSUNNAT @ GMAIL.COM

WWW.KITABOSUNNAT.COM

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ